روحانی عملیاتؒ کی منفرد کتاب

جادو کا توڑ خود کیجئے

مُصنّف
السیّد علی حسین شاہ

روحانی عملیات کی منفرد کتاب

جادو کا توڑ خود کیجئے

مصنف

السید علی حسین شاہ

نام کتاب
جادو کا توڑ خود کیجئے

ناشر
السید علی حسین شاہ

اہتمام
میاں امان اللہ کاٹھیا

ناشر
ادارہ روحانیت کلید الاعمال

کمپوزنگ
محمد عارف

سن اشاعت
2001

قیمت
~~150~~ 120 روپے

ادارہ روحانیت
کلید الاعمال (رجسٹرڈ)

گلی نمبر (63) مکان (2) جٹ کالونی رانجھا روڈ ہمن آباد لاہور

فون نمبر (7646145)

کتاب کو پڑھنے سے پہلے

تمام افراد اس بات کو ضرور یاد رکھیں کہ کتاب کے اندر جن جادوئی اعمال کی بدولت حب اور بغض کے عملیات درج کئے ہیں ان کو کتاب میں لکھنا اس لئے ضروری سمجھا گیا ہے تاکہ ہر بات کے ظاہر اور مخفی پہلو کھل کر سامنے آئیں اور جس سے یہ بات بھی سو فیصدی ثابت ہو کہ جادو اسی کا نام ہے وگرنہ آج جادو اور نوری علم کی کوئی واضح شناخت رہ نہیں گئی اس لئے ایک قسم کی معلومات فراہم کرنے کیلئے ایسی باتوں کو لکھا گیا ہے جو آج کل کے دور میں کثرت سے ہو رہا ہے اور اسی کا نام جادو ہے۔ معلوماتی طور پر پڑھنے والے اور دوسرے عام افراد ایسی باتوں کو غلط سمجھنے کی بجائے بات کی گہرائی کو سمجھیں اور اسے صرف پڑھنے اور سمجھنے کی حد تک پڑھیں اور سمجھیں تاکہ جن اعمال کو بیان کیا جا رہا اس پر عمل کیا جائے مصنف ھذا ایسی تمام قسم کی قباحتوں سے بری الذمہ ہے کیونکہ میں نے اپنے مسلمان بہن بھائیوں کی صحیح اور کھل کر اصلاح کرنے کیلئے یہ سب کچھ درج کیا ہے جس سے کسی بھی بات کے معنی بخوبی سمجھ میں آجائیں تاکہ ایسے اعمال کئے جائیں جس کی بدولت کچھ بھی حاصل نہ ہو کیونکہ جو افراد ایسے عملیات کرواتے ہیں وہی ان کے متعلق مکمل واقفیت رکھتے ہوئے اجازت بھی دیتے ہیں جس سے ان کو متعلقہ مقصد میں کامیابی ہوتی ہے یا نہیں اس کا مجھے پتہ نہیں ہے لیکن ایسے اعمال کا ذکر موضوع کے اعتبار سے میں نے اصلاحاً طور پر کیا ہے جس سے ہر خاص و عام مکمل شناسا ہو سکے اللہ میری اس کوشش کو کامیاب فرمائے (آمین)

کتاب کو نقالوں سے بچانے کیلئے مصنف کی طرف سے کتاب کے پہلے صفحات میں مصنف کے ہاتھ سے ایک تحریر لکھی ہے جس سے اس بات کا مکمل ثبوت پیش ہوتا ہے کہ کتاب پڑھنے والا اصل بات پڑھ رہا ہے کیونکہ اس میں اجازت کی چھوٹ شامل ہے۔ اگر کوئی فرد کتاب میں اس نشانی کو نہ دیکھے تو وہ کتاب میں مصنف کے نام کے نیچے لکھے ایڈریس پر اطلاع دے تاکہ نقل کی روک تھام کی جا سکے۔

فہرست

صفحہ — موضوع

(۲۲۵) رکاوٹ، بندش

(۲۲۶) بندش ور کاوٹ

(۲۲۷) کاروباری بندش، دفع نحوست

(۲۲۸) رکاوٹ در رکاوٹ، اچانک
نقصان میں مبتلا ہونا

(۲۳۱) بذریعہ جادو نصیبوں اور برکتوں کو
بند کرنے والے اعمال بھی کیے جاتے ہیں
جس سے کسی لڑکی و لڑکے کی شادی نہیں ہوتی
اس قسم کی قباحت سے محفوظ رہنے اور اپنے
نیک مقصد میں کامیاب ہونے والے اعمال

(۲۳۲) رشتہ ہو

(۲۳۳) شادی ہو، شادی ہو

(۲۳۴) شادی ہو، شادی ہو

(۲۳۵) رکاوٹ و بندش کا خاتمہ

(۲۳۷) حضور نبی کریم ﷺ کے پاک
ناموں سے روحانی علاج

(۲۳۸) محمد، احمد، حامد، محمود

(۲۳۹) قاسم، عاقب، فاتح، خاتم

(۲۴۰) حاشر، ماح، داع، سراج

(۲۴۱) رشید، منیر، بشیر، نذیر

(۲۴۲) ھاد، مھد، رسول، نبی

(۲۴۳) طہ، یسین، مزمل، مدثر

(۲۴۴) شفیع، خلیل، کلیم، حبیب

(۲۴۵) مصطفیٰ، مرتضیٰ، مجتبیٰ، مختار

(۲۴۶) ناصر، منصور، قائم، حافظ

(۲۴۷) شہید، عادل، حکیم، نور

(۲۴۸) حجۃ، برھان، ابطحی، مومن

(۲۴۹) مطیع، مذکر، واعظ، امین

(۲۵۰) مدنی، عربی، ھاشمی، تھامی

(۲۵۱) حجازی، نزاری، قریشی، مضری

(۲۵۲) امی، عزیز، حریص، رؤف

(۲۵۳) رحیم، یتیم، غنی، جواد

(۲۵۴) فتاح، عالم، طیب، طاہر

(۲۵۵) مطہر، خطیب، فصیح، سید

(۲۵۶) متقی، امام، بار، شاف

(۲۵۷) متوسط، سابق، متصدق، مھدی

(۲۵۸) حق، مبین، اول، آخر

(۲۵۹) ظاہر، باطن، رحمۃ، محلل

(۲۶۰) محرم، امر، صادق، مصدق

(۲۶۱) ناطق، صاحب، مکی، ناہ

السید علی حسین شاہ

سجادہ نشین

حضرت پیر السید محمد شاہ

گلی نمبر (63) مکان نمبر (2) جٹ کالونی رانجھا روڈ سمن آباد لاہور فون نمبر: 7595190

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پیش لفظ

موضوع کے حوالے سے آج تک جادو، ٹونہ، آسیب، سحر، جنات، آفات، بلاء، ام الصبیان، چوکی، حاضرات اور اس قسم کے تمام مخفی اسرار سے منسلک مخلوق اور ان کی شر افسانیوں پر ایسی کتاب نہیں لکھی ہوگی۔ جس میں ہر شے کی مکمل تشریح اور اس سے نجات حاصل کرنے کے طریقے درج ہوں۔ کتاب ھذا میں دو باب درج ہونگے جس میں باب اول میں ایسا مواد ملے گا جس سے غیر انسانی مخلوق کے متعلق معلومات اور ان کے طور طریقوں سے واقفیت دلوائی جائیگی اور ہر بات کے بارے میں صحیح تشریح ہوگی باب دوم میں ان تمام قسم کے جادو ٹونہ اور آفات کے خاتمے کے طریقہ کار درج ہونگے جس میں عامل بننے کے علاوہ گھریلو طور پر کوئی بھی فرد اس میں سے فیض حاصل کر سکے گا۔ کیونکہ اس کتاب میں اسی موضوع کے حوالے سے آسان الفاظ میں ہر چھپی بات کو واضح بتا دیا ہے۔ جس کے پڑھنے سے عام آدمی بھی استفادہ حاصل کر سکے گا۔ اور عامل حضرات کیلئے انہیں ایسی معلومات فراہم ہونگی جو پوچھنے پر بھی کوئی نہیں بتاتا کتاب کو لکھنے میں کسی بھی قسم کا بخل سے کام نہیں لیا گیا اس لئے کہ جو آدمی سچے دل سے لکھی ہوئی باتوں پر عمل کرے اور اللہ کی عبادت کرے تو اس کو اس کی محنت کا صلہ ملنا اس کا فرض ہے جبکہ دوسری دیگر کتب میں ہمیشہ بخل سے ہی کام لیا جاتا ہے اور ہر کوئی محنت کرنے کے ساتھ پھر بھی کامیاب نہیں ہوتا کیونکہ اس کا نسخہ ہی غلط ہوتا ہے اور آزمانے کے بعد اس بات کا پتہ چلتا ہے کہ بتانے والے نے صحیح نہیں بتایا لیکن اس کتاب میں سے وہی افراد فیض حاصل کر سکیں گے جو پہلے سے کسی اسم الٰہی، آیت، یا سورہ کے عامل ہونگے اور فن عملیات میں صحیح فن کا مظاہرہ کرتے ہونگے اور

اگر صرف لکھے گئے طریقہ کار کے مطابق کوئی عمل کریگا تو ہوسکتا ہے کہ بعض اوقات وہ مریض کو صحت دینے میں کامیاب ہوں اور بعض اوقات بالکل ہی ناکامی کا سامنا کرنا پڑے اس لئے ایسی تمام قسم کی قباحتوں سے محفوظ رہنے کیلئے کسی نہ کسی کلام کا ضرور عامل بنے اور پھر دیکھے کہ مریض کو صحت کیسے نہیں ہوتی اگر خود کسی کلام کا عامل ہوگا تو تشخیص بھی صحیح ہوگی اور علاج کرنے میں آسانی پیدا ہونے کے ساتھ مریض کا سو فیصدی صحتمند ہونا فرض بن جائیگا کیونکہ جب نسخہ ہی ٹھیک ہے تو دوا اثر کیوں نہیں کریگی اس لئے اس کتاب میں ایسی کلام کے عامل بننے کے بھی طریقہ کار درج ہونگے جن کے ساتھ مصنف کتاب کی اجازت ہے اور کوئی بھی محنت کرتے ہوئے کامیاب ہونے کے ساتھ اس کلام کا ضرور عامل بن جائیگا جس کی آج ہر کسی کو تلاش ہے پھر عامل بننے کے بعد کوئی بھی سو فیصدی کسی مریض کا علاج کر کے اس پر کئے جادو کا خاتمہ کر سکے گا۔ ایک مرتبہ پھر اس بات کو ضرور ذھن نشین رکھئے کہ جادو ٹونہ، آسیب، سحر، یا کوئی بھی غیر انسانی مخلوق وہم اور دھوکہ نہیں ہے۔ بلکہ کسی انسان کی تسخیر میں ہونے کے کسی بھی کام کو کرسکتی ہے اس لئے تمام قسم کے جادو ٹونہ یا کسی کو نقصان پہنچانا یہ سب اس عامل کے ہاتھ میں ہوتا ہے جو اس مخلوق کو تابعدار بناتا ہے اور اس سے دنیاوی کسی بھی کام کو کروا سکتا ہے۔

السید علی حسین شاہ

سجادہ نشین حضرت پیر السید محمد شاہ

گلی (63) مکان (2) رانجھا روڈ سمن آباد لاہور فون (7595190)

میرے پاک نبی ﷺ پر کوئی جادو نہیں کر سکتا

یہاں جو بات میں تمام افراد کو بتانا چاہتا ہوں یہ میرے دل کی بات ہے اور میرے ایمان کی مضبوطی لیکن ہو سکتا ہے کہ بعض افراد کو میری اس بات پر کوئی اعتراض ہو اگر اس حقیقت کو پڑھنے کے بعد کسی کو برا لگے تو وہ چند منٹ ٹھنڈے دماغ سے ضرور سوچے تو اسے سمجھ آ جائیگی۔ ورنہ میرا اللہ جانتا ہے کہ میں نے ایسی بات کیوں کہی اصل میں میری زندگی کا تجربہ ہے کہ میں نے جب بھی نبی کریم ﷺ کا نام مبارک پکارا ہے تو ان کے پاک اور مبارک نام سے جادو ایسے بھاگ گیا ہے جیسے کسی شے سے خوف کھانے والا اس شے کو دیکھ لے اوپر لکھی گئی بات کہ میرے نبی ﷺ پر کوئی جادو نہیں کر سکتا جبکہ اس بات کی تصدیق ہو چکی ہے کہ آپ ﷺ پر جادو کیا تھا لیکن پھر بھی موضوع کے حوالے سے میں یہاں یہ بتا تا چلوں کہ جادوگروں نے نبی کریم ﷺ پر جادو اس لئے کیا تھا کہ آپ ﷺ دین اسلام کی تبلیغ نہ کریں اور جادوگر نبی کریم ﷺ کو تو بہ نعوذ باللہ خود بھی جادوگر، شعبدہ باز اور نہ جانے کیا کیا سمجھتے تھے اصل میں ہمارے سچے نبی ﷺ نے ان کی بات کا منہ توڑ جواب دینے کیلئے اپنے اوپر جادو کروایا تھا تا کہ میری اس بات کی تصدیق ہو جائے کہ میں کوئی جادوگر یا شعبدہ باز نہیں ہوں بلکہ سچے اللہ کا بھیجا ہوا رسول ﷺ ہوں جس کا مقصد اس کے سچے پیغام کو دنیا میں پھیلانے سے متعلق ہے۔ جب جادوگروں نے جادو کر لیا اور جادو کا دفینہ بھی مل گیا تب آپ کفار مکہ یا جادوگروں کے پاس گئے اور پوچھا کہ تم سب نے مل کر مجھ پر جادو کیا تھا تو انہوں نے کہا ہاں کیا تھا.. اس بات کے جواب میں آپ ﷺ نے فرمایا کہ اگر میں تم میں سے کسی پر جادو کروں تو کیا تم کروالو گے تو انہوں نے کہا جو ایسا کریگا ہم اس کا کیا ہوا جادو

جنات یا خبیث؟

آج کل کے دور میں کئی افراد کو نہیں بھی افراد کو ہر شرارت یا کسی نقصان دہ کام کے ہو جانے کا مکمل شک قوم جنات پر ہوتا ہے کہ یہ حرکت جنات کی ہے اور اکثر دوسرے لوگوں کے منہ سے بھی سنا ہوگا کہ فلاں کو جن چمٹ گیا ہے۔ان لوگوں کی اصلاح کرنے کیلئے میرے پاس کتاب میں جگہ تو نہیں ہے البتہ کچھ مختصر طور سے بیان کرونگا جس سے یہ ثابت ہو جائیگا کہ فلاں کو جنات چمٹے ہیں یا قوم خبیث ہے۔ بیچارے جنات کو ویسے ہی بدنام کر رکھا ہے اور جو کام قوم جنات نہیں بھی کرتی لوگ انہی کا نام لگاتے ہیں کہ جنات ہی ہیں تمام افراد اس بات کو ضرور یاد رکھیں کہ قوم جنات بہت ہی زبردست قسم کی قوم ہے اور اگر یہ کسی کو چمٹ جائے تو ایک دم ہی جان نہیں چھوڑ دیتے بلکہ بعض اوقات ان کے علاج کرتے ہوئے خود عامل اپنی جان بھی گنوا بیٹھتا ہے اگر کوئی حقیقت میں عامل ہو اگر کوئی ویسے ہی دم جھاڑوں کا کام کرنا ہوگا تو اس کا دماغ بالکل اس بات سے نابلد ہوگا کہ یہ جن ہے یا کوئی اور مخلوق بس جس کا نام اسے آسان لگے وہ مریض کی حرکات کو اسی سے منسوب کر کے اپنی جان چھڑوائیگا۔عورتوں کے جو عاشق بن جاتے ہیں اور جو عورتوں سے ہم بستری کرتے ہیں ان میں سے اکثریت خبیث مخلوق کی ہے جو جنات سے ہٹ کر ہے وہ عورتوں کی عاشق بن جاتی ہے اور اسے طرح طرح سے اذیت دے کر انہیں سکون ملتا ہے۔اگر کسی عورت کا کوئی جن عاشق بن جائے تو وہ عورت کے ساتھ ہم بستری کرنے کے علاوہ اس کا دم بھی بھرتا ہے یعنی اس کی خدمت کرتا ہے اور خبیث خدمت وغیرہ کچھ نہیں کرتا بس اپنی ضرورت کے وقت اس عورت کو استعمال کرتا ہے اور استعمال کرتا ہی رہتا ہے جب تک

کہ اس کا صحیح علاج نہ کیا جائے۔ اس لئے تمام افراد اس بات کو مت بھولیں کہ جب کوئی جن کسی عورت یا مرد کو کوئی تکلیف دیتا ہے تو اسے جان سے بھی مارنے سے دریغ نہیں کرتا اور اس کا صحیح علاج پیر کامل کے پاس ہی ہوتا ہے اگر کوئی عامل بھی کوتاہی کر بیٹھے تو مریض کے ساتھ ساتھ اس عامل کو بھی اپنی جان سے ہاتھ دھونے پڑتے ہیں۔ زیادہ تر خبیث اور اس کے ساتھ منسلک مخلوق عورتوں کو چمٹ کر ان سے ہم بستری کرتی ہے اور اس بات کا ثبوت یہ ہوتا ہے کہ عورت کی شرم گاہ اور پاخانہ والی جگہ اکثر درد کرتی ہے اگر کوئی خاتون اپنی اس علامت کو شرم کے باعث نہ بتائے تو یہ ایک علیحدہ بات ہے ورنہ اس کی ہم بستری سے ان دو جگہوں پر اکثر درد ہوتا رہتا ہے۔ اس کا علاج کرنے کیلئے اور اس سے مکمل طور پر جان چھڑوانے کیلئے اس عورت کو چاہئے کہ تمام بات کو کسی صحیح پیر سے بیان کرے تاکہ اس کی تکلیف ختم ہو اور اسے زندگی میں سکون حاصل ہو اس کیفیت سے مزاج میں چڑچڑا پن بھی اکثر ہی رہنے لگتا ہے اور دل کرتا ہے کہ کوئی نہ کوئی ہم بستری کرتا ہی رہے اور ننگا گھومنے کو دل کرتا ہے۔ جس سے گھر والے بھی پریشان ہوتے ہیں لیکن ایسا کرنے سے مریض کو سکون ملتا ہے اور اگر مریض پانچ وقت کا نمازی ہو تو بھی اوپر والی کیفیت برقرار رہتی ہے۔ کیونکہ ایک واقع خود میری آنکھوں کا دیکھا ہے کہ ایک گھر میں خون کے چھینٹے پڑے ہیں اور گھر کی در و دیواریں خون سے بھری ہوئی تھیں جس میں سے قرآن پاک بھی نہیں بچ سکا کیونکہ اسی غلاظت والے خون کے چھینٹے قرآن پاک پر بھی موجود تھے۔ اس کا ہرگز یہ مطلب نہیں نکلتا کہ اگر قرآن میں طاقت موجود تھی تو اس پر چھینٹے کیسے پڑے بلکہ کفر و ظلم تو اس عالم کا ہے جس نے اس بات کا لحاظ بھی نہیں رکھا کہ میں جس گھر میں اس طرح کر رہا ہوں آیا کے اس کے اثر سے اللہ کی کلام پاک کو کوئی نشان تو نہیں لگے گا۔ اصل میں یہی کفر اور ظلم ہے۔

نشانات جادو

ان باتوں کو پڑھنے کے بعد کوئی فرد بھی اپنے دماغ پر اس تاثر کو نہ چھوڑے کہ دنیا میں صرف جادو ہی جادو ہے اور ہمیں اس سے ڈر کر رہنا چاہئے ہرگز ایسا سوچنا بھی نہیں چاہئے کیونکہ جو افراد اس قسم کی سوچ رکھیں گے وہ ایمان کو جادو کے ہاتھوں بیچنے والے ہونگے بلکہ ایسی اشیاء کا ڈٹ کر مقابلہ کرنا چاہئے نہ کہ ان سے مغلوب ہوتے ہوئے ان سے ڈرنا چاہئے جادو دنیاوی کاموں میں سر چڑھ کر بولتا ہے اور اس بات میں بھی کوئی شک نہیں کہ جادو سے انسانیت کی بنیاد اکھڑ جاتی ہے اور جب تک اس کا روحانی کامل علاج نہ کیا جائے تب تک شفاء حاصل نہیں ہوسکتی کیونکہ جادو کمال کسبی ہے اور اس کے توڑ بھی کمال کسبی سے کئے جاتے ہیں میں جنتر منتر سے زیادہ اللہ کی کلام کو زیادہ ترجیح دیتا ہوں اور یہ تمام مسلمانوں کی خوش نصیبی ہے کہ ہر کام میں اللہ کی کلام کے ذریعے اس کو پکارا جائے جس کے بہت زیادہ فوائد حاصل ہوں۔ اس لئے جادو کے توڑ سے لے کر دنیاوی ہر کام میں اللہ کی کلام کے ذریعے مسئلوں کے حل ڈھونڈنے چاہئیں نا کہ ایسے جنتر منتر جن کو پڑھنے سے شرک پیدا ہونے کے ساتھ انسان دین اسلام سے ہی باہر ہو جائے کیونکہ یہ دنیا چند روز کی ہے اور مرنے کے بعد ہر چیز کے متعلق پوچھا جائیگا اس لئے تمام نیک کاموں میں اللہ کی کلام کو پکارنا چاہئے تاکہ اللہ کی ذات بھی خوش ہو اور اس کا قرب حاصل ہونے کے ساتھ ساتھ کام بھی اپنا ہی ہو۔ اب جو افراد جادو کے ذریعے دوسرے افراد کو پریشان کرتے ہیں اور جادو کے ذریعے ان کی زندگی میں کیا کیا کر سکتے ہیں وہ خود ہی مطالعہ فرمالیجئے اور دیکھئے کہ کون سی نشانی آپ میں بھی پائی جاتی ہے۔

جادو کے زور سے

(۱) مرد اپنی بیوی کو حقیر جانتا ہے اور اسے مارنے پیٹنے کے علاوہ طرح طرح کی اذیتوں میں مبتلا کر کے اسے سکون ملتا ہے وہ ایسا کیوں؟ کرتا ہے اس کی طرف اس کا ذہن ہرگز نہیں جاتا لیکن اپنے نفس کو مطمئن کرنے کیلئے وہ ایسا کرتا ہے۔ اور بیوی اپنے شوہر کی اصلاح کرنے کیلئے جگہ جگہ جعلی عاملوں کے پاس جاتی ہے جس سے عامل حضرات عورت کے خوبصورت ہونے کا بھرپور فائدہ اٹھاتے ہوئے اس کو کیا کہتے ہیں یہ وہی بہتر جانتے ہیں۔

(۲) بیوی اپنے مرد کو حقیر جانتی ہے اور اس سے بے پناہ نفرت کر کے اسے سکون ملتا ہے، ہم بستری سے نفرت کرتی ہے اور بات بات پر لڑ جھگڑ کر مارنے پر تل جاتی ہے اس کی کیا ؟ وجہ سامنے آتی ہے اس کے متعلق اس عورت کو بھی معلوم نہیں ہوتا۔

(۳) مرد اپنے گھر والوں سمیت اپنی بیوی بچوں سے نفرت کرنے لگ جاتا ہے اور ایسا کر کے اسے سکون ملتا ہے۔

(۴) میڈیکلی طور پر فٹ میاں بیوی اولاد جیسی نعمت سے محروم ہو جاتے ہیں اور کوئی بیماری واضح نہیں ہوتی۔

(۵) نو بیاہتا جوڑا اپنی زندگی کے آغاز والے دن سے لیکر روزانہ لڑنے تک سکون محسوس کرتے ہیں اور کوئی واضح وجہ سامنے نہیں آتی بس ایک دوسرے کو اچھا نہ سمجھیں یہی ان کی زندگی کا ایک حصہ بن جاتا ہے۔

(۶) گھر یا کاروباری مقام پر اچانک نقصان در نقصان ہوتا چلا جاتا ہے اور مال و دولت سے برکت اٹھ جاتی ہے۔

(۷) لڑکی یا لڑکا خوبصورت وخوب سیرت ہونے کے ساتھ شادی جیسی نعمت سے محروم ہو جاتے ہیں۔

(۸) عورت اپنے پہلے، یا دوسرے بچے کی پیدائش کے بعد اچانک بانجھ پن کا شکار ہو جاتی ہے کوئی واضح نشانی معلوم نہیں ہوتی

(۹) ایک اچھا بھلا تندرست مرد ایک دم ہی نامرد بن جاتا ہے اور اس کی قوت زائل ہو جاتی ہے۔

(۱۰) ڈاکٹری رپوٹوں میں کوئی بھی بیماری واضح نہیں ہوتی جب کہ مریض اللہ سے مر جانے کی دعا کرتا ہے۔

(۱۱) کسی پاک وصاف پرہیزگار آدمی کے جسم کے اندر ایسی مخلوق داخل ہو جاتی ہے جو اسے اذیت کا نشانہ بناتی ہے۔

(۱۲) نمازی افراد کے جسم میں گھس کر اسے موت کے گھاٹ اتار دینا اور ڈاکٹروں کا اس کی موت کے بارے میں نامعلوم ہونا جیسے جیسے علاج کیا جاتا ہے ویسے ویسے تکلیف بڑھتی ہی رہتی ہے۔

(۱۳) بند گھر یا دکان میں خون کے چھینٹے پڑنا جب کہ اندر کوئی داخل بھی نہیں ہو سکتا۔

(۱۴) میاں بیوی کا اچھا بھلا سلوک ایک دم نفرت سے بھرتا ہوا علیحدگی تک پہنچ جانا واضح وجہ بھی سامنے نہ آنا۔

(۱۵) ایک دم ایسی بیماری کے گھیرے میں آجانا جس کا کوئی علاج نہیں ملتا۔

اور اس کے علاوہ ایسے کئی نشانات اس دنیا میں رہنے والے افراد کی زندگیوں میں پائے جاتے ہیں، جن کا اگر بروقت علاج نہ کیا جائے تو پھر سوائے پچھتاوے کے کچھ ہاتھ نہیں آتا

عملیات اور تعویذ گنڈے دین اسلام کا بالکل حصہ نہیں ہیں۔

میرے علم کے مطابق تمام افراد اس بات کو ضرور یاد رکھیں کہ تعویذ دھاگے یا کوئی عملیات اور اس سے متعلق تمام طریقہ کار دین اسلام کا بالکل حصہ نہیں اور نہ ہی کسی بھی اولیاء اللہ کا بتایا ہوا علم بلکہ یہ علم ایک اصول اور فارمولے کا محتاج ہے جس سے دنیاوی کسی بھی مقصد میں کامیاب ہوا جا سکتا ہے جیسے دنیاوی کاموں میں سائنس نے حیرت انگیز ایجادات کر کے ترقی کی ہے بالکل اسی طرح فن عملیات ہے۔ جس میں موقع کی مناسبت سے کوئی عمل یا نقش وغیرہ تحریر کیا جاتا ہے اور اس کو صحیح وٹھیک طور پر کرنے والا عامل کہلاتا ہے جیسے کسی سائنسی بنیاد پر کوئی ایجاد کرنے والا سائنٹسٹ کہلاتا ہے اور اپنی ضرورت کا دنیاوی مواد حاصل کر کے اس کو مکمل اصول وطریقہ کار سے کرتے ہوئے دنیا کے کسی بھی متعلقہ کام میں کامیاب ہو جاتا ہے اور بعض اوقات ناکام ہو جاتا ہے کیونکہ عامل سے بڑا ایک کامل بھی ہوتا ہے جو سراسر دین سے لیکر دنیا تک اپنے فن میں مکمل ہونے کی حیثیت سے کسی بھی دینی و دنیاوی کام کو فوری پورا کرنے میں ماہر ہوتا ہے لیکن کسی عملیات یا نقش کی طرح کسی دنیاوی مواد کا ہرگز محتاج نہیں ہوتا اور نہ ہی کسی نسخے یا فارمولے کا کہ میں ایسے کروں گا تو ایسے ہوگا ایسا ہرگز نہیں بلکہ ایسا ولی کامل تو اپنی ایک ادنیٰ سی نظر سے ہزاروں عاملین کے تختے الٹا سکتا ہے اور ہزاروں عاملین مل کر بھی اس ایک کامل کا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکتے ولی کامل بننے کے مختلف طریقہ کار تو ہیں لیکن ایسا مشکل سے ہوتا ہے کیونکہ ولی اللہ پیدائشی طور پر ایسا ہی ہوتا ہے جیسا کہ اللہ چاہتا ہے اور وہ اپنی پیدائش سے لیکر آخرت تک بالکل ایک ہی سیدھی اور سچی

راہ پر چلتا رہتا ہے اور دنیاوی انسانوں سے کنارہ کش رہنا پسند کرتا ہے تا کہ ان کی عبادت میں کوئی خلل واقع نہ ہو اور حضرت سلطان باہو کے ایک شعر کے مطابق ان کی سوچ اس قسم کی ہوتی ہے۔ (دنیادار کمینے ہو) یہ انہی کے ایک شعر کا آخری فقرا ہے اس لئے عامل اور کامل میں زمین آسمان کا فرق ہوتا ہے۔ اس بات کی مختصر تشریح اس لئے کی گئی ہے تا کہ واضح فرق بیان ہو سکے کہ قرآن و حدیث سے لیکر کسی بھی اولیاء اللہ کا بتایا ہوا علم عملیات یا نقوش نہیں ہیں بلکہ علم کسبی ہے۔ جس میں موقع کی مناسبت سے کوئی نقش یا عمل کیا جاتا ہے جو بعض اوقات پورا ہو جاتا ہے اور بعض اوقات ہزار محنت کے باوجود بھی پورا نہیں ہوتا اس لئے کہ دنیا گذارنے کے بھی کچھ طریقہ کار ہیں اور اللہ وحدہ لاشریک تمام کائنات کا مالک ہے اس کی مرضی سب سے زیادہ اہمیت رکھتی ہے اور نوری اعمال میں نماز و روزے کی سختی سے پابندی اس لئے بتائی جاتی ہے یا کی جاتی ہے کہ عامل بننے والا اللہ کے زیادہ سے زیادہ قریب اس لئے ہو کہ کسی دوسرے کا کام، عمل، یا نقش لکھ کر دیتے ہوئے کسی بھی طرح شرمندگی کا احتمال نہ رہے اور اللہ اس کی عبادات کے صدقے میں جو کچھ وہ دے رہا ہے یا کر رہا ہے اسے کامیاب فرمائے تا کہ حاجت مند کی حاجت پوری ہو اور وہ دوسروں میں اچھے الفاظ سے پہچانا جائے اور جو افراد ایسا نہیں کرتے تو کیسے کامیاب ہیں اس بات کو ضرور یاد رکھنا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ ہر انسان کا پردہ رکھتا ہے اور عزت سے لیکر ذلت دینے والی ایک ذات اسی کی ہے جو کسی کو کچھ بھی کرنے پر قادر ہے۔ لیکن بعض جھوٹے عاملین یہی سمجھتے ہیں کہ اللہ ان کو نہیں دیکھ رہا اور ہم جو کر رہے ہیں وہ بالکل ٹھیک ہے اس کی سوچ اس عامل کو تباہ کر دیگی۔ کیونکہ آج کل کثرت سے جعلی عاملان ہونے کے علاوہ کتابی پیر زیادہ بنے پھرتے ہیں اور کتابوں کے طریقے معصوم عوام پر آزماتے ہیں۔

جادو جھوٹ اور وہم نہیں

اس دنیا میں اب بھی ایسے پڑھے لکھے افراد موجود ہیں جو جادو ،ٹونہ آسیب، جن یا کسی بھی غیر انسانی مخلوق کا تصور کرنا بھی من گھڑت کہانی سمجھتے ہیں اور اسے فضول سا موضوع سمجھ کر اس پر بات کرنا بھی پسند نہیں کرتے اور اگر کوئی جادو میں مبتلا فرد ان کو اپنی روداد سنائے تو یہ اسے سمجھانے کی بجائے الٹا اس فرد کا مذاق اڑاتے ہیں جب کہ ایسا بالکل نہیں ہونا چاہئے ایسا اس فرد کے ساتھ کرنا بنتا ہے جو جادو اور ارواح خبیثہ کی حقیقت کو نہ جانتے ہوئے خود کو ان سے منسوب کرے یا اپنی جسمانی بیماری کو کسی جادو ٹونے کا نام دے میرے پاس اس بات کے ثبوت موجود ہیں کہ جادو بالکل برحق ہے اور کسی پر بھی یہ ہوسکتا ہے۔اس کی سب سے بڑی مثال ہم سب کی زندگی میں حضور نبی کریم ﷺ کی مثال ہے کہ ان پر بھی جادو کیا گیا تھا۔اور اس کے اثرات سے آپ ﷺ بھی متاثر ہوئے سرکا ﷺ پر کئے گئے جادو کا ایک نمونہ پیش ہے کہ جب ان کو دفینہ ملا تو یہ ایک موم کا پتلہ اور اس میں سوئیاں چبھوئی ہوئیں تھیں جس سے سرکار دو عالم کے جسم میں درد تھی۔آج لوگوں کے گھروں میں خون کے چھینٹے پڑتے ہیں اور چھینٹے لگانے والا نظر نہیں آتا۔انسان کو ایسی بیماری لگ جاتی ہے جس سے ڈاکٹر و حکیم پریشان ہوتے ہوئے اسے لاعلاج قرار دیتے ہیں اور پھر یہی شخص دم جھاڑوں سے بالکل ٹھیک ہو جاتا ہے اور اسے آرام ملتا ہے۔کسی کا اچھا بھلا چلتا ہوا کاروبار بالکل ہی بند ہو جاتا ہے اور کوئی صحیح وجہ سامنے نہیں آتی۔اس طرح کی کئی اور مثالیں اس دنیا میں اب بھی موجود ہیں اور روز بروز ان میں اضافہ اور ترقی ہو رہی ہے

اور لوگ زیادہ سے زیادہ پریشان رہتے ہیں جیسے سب کچھ جادو کی بنیاد پر کیا جاتا ہے
اسی طرح اس کا علاج بھی آیات الٰہی، یا کسی بھی کلام کے ماتحت مخلوق اس کو رد کرنے
اور اس کا توڑ کرنے میں مدد دیتی ہے۔ اور کوئی بھی دنیاوی دوائی یا ڈاکٹری نسخہ اثر نہیں
کرتا میں اب تک کئی ڈاکٹر حضرات کا روحانی علاج آیات الٰہی سے کر چکا ہوں اور کر
رہا ہوں لیکن بڑے افسوس سے یہ بھی بیان کرنا پڑ رہا ہے کہ بعض ایسے افراد اب بھی
موجود ہیں جو صرف کتابیں پڑھ پڑھ کر پیر یا عامل بن کر بیٹھ گئے ہیں اور صرف لکھی
باتوں کو آزماتے ہیں اور جب کبھی آزمائش پوری نہیں ہوتی تو کتابوں کو جھوٹ اور
فریب کا نام دیتے ہیں جبکہ کتاب میں سو فیصدی کامیاب ہونے والا نسخہ لکھا ہوتا ہے
لیکن یہ صرف پڑھتے ہیں عمل نہیں کرتے اور جب تک کسی کلام، اسم الٰہی، یا آیت کا
عامل نہیں بنا جائیگا تب تک بات ادھوری اور نامکمل ہی رہیگی۔ اس لئے کتاب میں جو
طریقہ کار درج ہیں یہ سو فیصدی مجرب المجرب ہیں اور اب تک جاری ہیں اس لئے جو
کوئی بھی فرد اپنا علاج خود کرنا چاہے وہ لکھے ہوئے طریقہ کار پر ضرور عمل
کرے۔ کیونکہ جادو ٹونہ، سحر آسیب کوئی جھوٹ یا وہم نہیں ہے بلکہ آج اس مادی دور
میں اس کو جھوٹ بنایا جا رہا ہے جس سے روحانیت کا سلسلہ بری طرح سے متاثر ہو رہا
ہے اور جگہ جگہ روحانیت رکھنے والے بابے اپنا ڈیرہ ڈال کر بیٹھ گئے ہیں اور لوگ اللہ کی
بنائی قسمت کو صحیح نہ سمجھتے ہوئے جادو تصور کر کے ان سے اپنا روحانی علاج کرواتے ہیں
اور نتیجہ پہلے کی طرح زیرو ہی نکلتا ہے اس کی سب سے بڑی وجہ یہی ہے کہ جادو تب
ہی کلام الٰہی کی تاثیر سے باطل ہوگا۔ جب جادو کروایا یا کیا ہوگا جب جادو ہی نہیں ہوگا
تو (باطل) کیا؟ اب اسی بات کا فائدہ اٹھاتے ہوئے جاہل عامل معصوم لوگوں کو

بیوقوف بناتے ہیں اور ان کے اپنوں کے نام ان کی زبان سے سن کر حساب لگا کر وہی نام ان کو بتا کر خوش کرتے ہیں کہ اس آدمی یا عورت نے تم پر جادو کیا ہے۔ جب کہ سوال کرنے والا تو وہی نام بتائے گا جس کو وہ جانتا ہوگا اور دنیا میں ایسا کون خوش نصیب شخص ہوگا جس کے ساتھ کوئی بغض وعداوت نہیں رکھتا ہوگا یا گھریلو جھگڑے نہیں ہوتے ہونگے جب ایسے افراد ان عاملان سے اپنا حساب لکھواتے ہیں تو وہ ان سے پوچھتے ہیں کہ جن سے تمہاری نہیں بنتی ان کے نام بتاؤ تو عامل صاحبان انہی ناموں میں سے کسی کا بھی نام یا کئی نام بتاتے ہیں کہ فلاں نے تم پر جادو کیا ہے اور حساب لگوانے والا فرد اس بات کو پتھر پر لکیر مانتے ہوئے اس شخص کا دشمن بن جاتا ہے اور یہ سلسلہ چلتا ہوا قتل وغارت اور صحیح دشمنی پر ساری زندگی چلتا رہتا ہے اور عامل صاحب کی جیب گرم ہوتی رہتی ہے۔ ایسے عاملین کے حساب کئی افراد کے گھروں کے سکون کو برباد کر چکے ہیں اور یہ سلسلہ بھی اب تک جاری ہے۔ اس قسم کی تمام باتوں کا کیا (**نتیجه**) نکلتا ہے کہ جادو تو باطل نہیں ہوتا نہیں بلکہ ان کی زندگی کا سکون، چین سکھ اور کاروبار باطل ہو جاتا ہے۔ اور قرآن مجید میں اسی بات کی طرف اشارہ دیا ہے کہ جس چیز کے بدلے انہوں نے اپنی جانوں کو بیچ ڈالا تو وہ انہیں کچھ نفع نہ دیں گی۔ اس حساب سے مال کا برباد و ضائع ہونا جان کو ضائع و برباد کرنے کے برابر ہے جو آج کا انسان کثرت سے کر رہا ہے۔ مثلاً کالا جادو کرنے والے عامل اس علم کی بدولت کسی بھی ہنستے بستے گھر کو برباد کر سکتے ہیں اور اپنے ماتحت ہوائی چیزوں کو رکھتے ہوئے ان سے ایسے کام بھی لیتے ہیں۔ جس سے کسی بھی انسان کا گھر یا کاروبار سیکنڈوں کے اندر تباہ و برباد ہو جائے اب ایسے عمل کرنے والے خود تو کبھی نہیں بتائیں گے کہ ہم نے ایسا

کیا ہے اور نہ ہی وہ افراد اس کا نام تک لیں گے جنہوں نے ایسا کروایا ہوگا اس لئے جادو کا توڑ مشکل سے ہوتا ہے اس لئے کہ اگر اس عمل کو کرنے والا عامل اگر مل جائے تو اس کے پاس اس کا توڑ بھی ہوتا ہے اور اگر اس عمل کو کرنے والا عامل نہ ملے تو کوئی بھی علوی یا سفلی کلام کا عامل اس عمل کی کاٹ کر سکتا ہے جو حقیقت میں عامل کے درجے پر فائز ہو اگر کوئی کسی بھی کلام کا عامل نہ ہو تو اس کیلئے روحانی امراض کا علاج مشکل بلکہ ناممکن بن جاتا ہے اور وہ کتاب میں لکھے گئے طریقہ کار کو غلط اور جھوٹ کا نام دیتے ہیں حقیقت میں ایسا کچھ نہیں ہے بلکہ کوئی فرد بھی محنت اور لگن کے بل بوتے پر عامل بن سکتا ہے عامل بننے کا تعلق اعمال علوی سے ہو یا اعمال سفلی سے اس بات سے کسی کو کوئی سروکار نہیں بلکہ عمل عمل ہے اور اس پر عبور پانے والا عامل اب وہ کس کلام کو اپنی زندگی میں ترجیح دیتا ہے اس کے متعلق اس کا دل اور اس کے کام ہی جانتے ہیں لیکن مسلمانوں کو خصوصی طور سے اس بات کی طرف زیادہ دھیان دینا چاہئے کہ سفلی علوم یعنی جنتر منتر کے ذریعے مخفی مخلوق کو اپنے تابع کرنے کے اللہ کی عبادت اور حضور نبی کریم ﷺ کے درود مبارک کی بدولت اللہ کا قرب خاص حاصل کرنا چاہئے جس سے وہ دینی و دنیاوی کسی بھی میدان میں اپنے لئے یا کسی غیر کیلئے جو بھی دعا کریں وہ اللہ کے ہاں مستجاب ہو اور وہ کام ضرور ہو جائے جو کسی کیلئے ناممکن ہونے کی حیثیت رکھتا ہے لیکن بہت افسوس سے لکھنا پڑ رہا ہے کہ آج کل مسلمان افراد زیادہ جنتر منتر پڑھتے ہیں اور کسی مخلوق کو اپنے تابع کر کے ان سے کام لینے کی کوشش کرتے ہیں جن میں سے بعض تو کامیابی کے ساتھ کامیاب ہیں اور بعض ابھی تک کوششوں میں مگن ہیں۔

آغاز وابتداء جادو

میرے نزدیک جادو سکھانے کے طریقہ کار اور اس کے ذریعے سے پیدا ہونے والے تمام نقصان دہ اثرات کے موجد ہاروت وماروت ہیں جن کا ذکر سورہ البقرہ کی آیت نمبر (۱۰۲) میں ہے۔ (یعنی) کہ وہ لوگوں کو کچھ نہیں سکھاتے تھے جب تک یہ نہ کہہ دیتے کہ ہم تو ذریعہ آزمائش ہیں یہ اسی سورہ کی ایک آیت کا ترجمہ ہے۔ جس کیلئے میں نے شروع میں (میرے نزدیک) کا لفظ استعمال کیا ہے یعنی ہاروت وماروت کا ذریعہ معاش بنتا اس طرح تھا کہ ان دو فرشتوں کا اس دنیا میں آنا ایک خاص مشن کے تحت تھا کیونکہ اس وقت کے لوگ نبی علیہ السلام اور جادوگر میں کوئی واضح فرق محسوس کرنے کا شعور نہیں رکھتے تھے اور ان کا ایک ہی مقصد تھا کہ دنیا کے لوگوں کو جادوگروں کے کسبی علم اور نبی علیہ السلام کے معجزات میں واضح فرق کے منفی ومثبت اثرات سے دوچار کرسکیں کیونکہ ان وقتوں میں جو معجزہ نبیؑ دکھاتے اس کا مقابلہ کرنے کیلئے جادوگر اپنا فن پیش کرتے جس سے دوسرے لوگوں کے ذھنوں میں انتشار پیدا ہونے کے ساتھ وہ نبیؑ کے کام کو بھی جادو یا شعبدہ بازی تصور کرتے تھے جادو اور معجزے کے واضح فرق کو دکھانے کیلئے ان دو فرشتوں نے دوسرے لوگوں میں تمیز پیدا کرنے کیلئے اس مشن کا آغاز کیا کیونکہ اصل میں ان دو فرشتوں کا تعلق مقام سفلی سے تھا۔ جو جادو کے زبردست ماہر تھے اور دنیاوی ہر کام کو جادو کے ذریعے بخوبی انجام پاتے تھے اور لوگوں کو اپنے کرشمے دکھاتے تھے جس سے دوسرے افراد ان سے متاثر ہوکر ان کے مرید بن گئے اور ان سے اس کام کو سیکھنے کا اصرار کرنے لگے پھر جب اللہ کی طرف سے انہیں سزا ملی تو میرے نزدیک ان کا یہی عمل ہوسکتا ہے جیسا کہ اپنے جادوئی علم کو

دوسرے لوگوں کو سکھانا اور دنیاوی چیزوں کی مدد سے حب وبغض کے عملیات کرنا جس سے فوراً ہی اثر پذیر ہوتے ہوئے سمجھ نہ آتی اور کام فوراً ہو جاتا پھر اسی سورہ کی ایک اور آیت کا ترجمہ یہ بھی ہے کہ لوگ ان (ہاروت و ماروت) سے ایسا جادو سیکھتے جس سے یہ دو میاں بیوی میں جدائی کرا دیتے) اب اس آیت کا ترجمہ غور سے سمجھئے کہ قرآن میں اس بات کی گواہی ہے کہ وہ اتنے فن کار ضرور تھے جو ہنستے بستے میاں بیوی کی زندگی کو جہنم بنا کر ان کی آپس میں جدائی کروا دیتے اب اسی کی تشریح اگر کی جائے تو جادو کی ایسی بہت سی مثالوں سے دنیا بھری پڑی ہے یعنی جادو کے اثر میں اتنی کشش ہوتی ہے اور ہے اور جو فرد موقع کی مناسبت سے جس قسم کا بھی جادو کریگا وہ ضرور اپنا اثر دکھائے گا۔ لیکن آج اس مادی دور میں بھی نام تو جادو کا استعمال کیا جاتا ہے اور اندر سے کام کوئی اور ہی ہو رہا ہوتا ہے درویشوں اور فقیروں کے چولے پہن کر کئی افراد دوسرے افراد کو بیوقوف بناتے ہیں اور کئی اپنے اس فن کی شہرت کیلئے داڑھی مونچھ بھی نہیں رکھتے تاکہ دوسرے لوگ یہی سمجھیں کہ یہ بڑا زبردست ماہر ہے اور ہمارا کام کرے گا لیکن وقت گذرنے کے ساتھ ساتھ پھر افسوس ہی باقی رہتا ہے۔ اور کچھ ہاتھ نہیں آتا کیونکہ جو فرد جادوگر کے پاس جاتا ہے اس کو مکمل یقین اس بات کا ہوتا ہے کہ یہ جادوگر میرا یہ فلاں کام کر دے گا اور جب سب کچھ کر کے جادو کیا بھی جاتا ہے تو اس کا ایک رتی بھی اثر واقع نہیں ہوتا یہ کیا ہے؟ یہ جاہل عامل اپنے آپ کو دوسروں لوگوں کی نظر میں اپنی بڑائی پیش کرنے کیلئے اور اپنی کرامات کو دکھائے بغیر صرف سناتے ہیں کہ ہم نے فلاں کو یہ کر دیا اور فلاں کو وہ کر دیا جسے میں صرف گیدڑ بھبھکیاں ہی کہہ سکتا ہوں اور ظاہرا طور پر بھی ایسا ہی ہے۔ کیونکہ جادو اور اس قسم کے کام صرف ایسے افراد ہی کر سکتے ہیں جو پیدائشی طور پر مسلمان نہ ہوں جو فرد بھی غیر مسلم ہوگا اور اس فن سے لگاؤ رکھتا ہوگا تو اسے

ضرور کچھ نہ کچھ ایسی جادوئی کلام یا طریقہ کار پتہ ہونگے جس سے وہ خود کو جادوگر کہلوائے۔ اور اگر کوئی مسلمان اس کالے جادو کو سیکھے تو اس کے راستے میں کئی ایسی مشکلات اور پریشانیاں آئینگی جس سے یا تو وہ اس کام کو چھوڑ دیگا یا وہ دنیا سے بالکل ہی علیحدہ ہو جائیگا ان تمام اقسام میں نقصان صرف اسی کو پہنچتا ہے جو نبی کریم ﷺ کا امتی ہے کیونکہ پیدائش ہونے کے ساتھ اس کے کان میں اذان کا اثر مرنے تک اسے اس بات کی یاد دلاتا ہے کہ میں سچے نبی ﷺ کا امتی ہوں اور اللہ وحدہ لاشریک ایک لازوال ہستی ہے جو تمام کائنات کا مالک اور اسے بنانے سے لیکر مٹانے والا ہے۔ اسی بات کے بالکل برعکس عیسائی، ہندو، نصرانی، یہودی، یا کسی بھی غیر مذہب سے تعلق رکھنے والے افراد پیدائش کے وقت کانوں میں کسی بھی قسم کی کوئی اذان یا کوئی اللہ کا دین نہیں بتاتے اور نہ ہی انہیں اس بات کا بھی اندازہ ہوتا ہے کہ مسلمان کیا ہے اور اس کی روحانی طاقت کتنی ہے اس لئے وہ اپنے جنتر منتر کو باقاعدگی سے سیکھتے ہیں اور اس کے عوض پیدا ہونے والی طاقت کے عامل بن جاتے ہیں اور پھر جس کام کا ارادہ کرتے ہیں جو خاص الخاص دنیا کے کسی بھی کام سے جڑا ہوتا ہے اسے پورا کرنے میں بعض اوقات کامیاب اور بعض اوقات ناکامیاب رہتے ہیں کیونکہ دنیا کے سب سے بڑے عمل کا سردار خود اللہ ہے جو اپنے ارادے سے کچھ بھی کر سکتا ہے اور عمل کے ذریعے سے حاصل ہونی والی طاقت صرف کامیابی کی ہی دلیل نہیں ہوتی بلکہ اس میں کئی مرتبہ منہ کی بھی کھانی پڑتی ہے جب کہ خاص الخاص اللہ تعالیٰ سے لگاؤ رکھنے والے افراد دینی و دنیاوی معاملات میں کبھی ناکام نہیں ہوتے اور اللہ کی رحمت کا خود موجب بننے کے ساتھ ساتھ کسی بھی انسان پر اپنی دعاؤں کے ذریعے اللہ کی رحمت کروا سکتے ہیں اس بات کے میرے پاس کئی ثبوت ہیں جو حقیقت سے تعلق رکھتے ہیں عامل صرف ایک عمل یا کئی ایسے

اعمال کا عامل بن سکتا ہے۔جن کا سراسر تعلق دنیاوی کاموں میں کامیابی دلوانا ہوتا ہے لیکن اس بات کی کوئی ضمانت نہیں ہوتی کہ یہ سو فیصدی اس کام کو پورا اور مکمل کریگا جبکہ بعض اوقات کئی بڑے بڑے کام ایک ہی جھٹکے سے ہو جاتے ہیں اس میں بھی جو ایک راز کی بات ہے وہ یہی ہے کہ اللہ کی طرف سے اس کام کے ہونے کا وقت معین ہوتا ہے اور عامل کا بہانا بن جاتا ہے۔جس سے کام پر رحمت تو اللہ برساتا ہے اور نام اس عامل کا بجتا ہے جو اس کام کو کرنے کا ارادہ باندھتا ہے۔اس لئے مختصر طور پر جادو سے تمام قسم کے اعمال اور ان اعمال کا عامل بننے والے ہاروت و ماروت کے چیلے ہی کہلائیں گے اور قرآن مجید کی کسی بھی سورہ ،آیت ،یا اسم الٰہی کا عامل بننے والے اللہ تعالیٰ کے فرمانبردار کیونکہ قرآن کی کسی بھی کلام کا عامل بننے پر ذکر اسی ذات کا ہوگا جو وحدہ لاشریک ہے اور جادو کا ماہر بننے پر اسی کلام کو پکارا جائیگا جو قرآن کی کلام نہیں ہوگی۔اور اس ورد کے ماتحت مخلوق اس عامل کی چھوٹی سی غلطی پر بھی اسے معاف نہیں کریگی اور اسے ہلاکت کے گھاٹ اتار دیگی جب کہ قرآن مجید کی کلام کا کوئی بھی عامل بنتا ہے یا اللہ کو اس کی پاک کلام کے ذریعے پکارتا ہے تو اس ورد یا پاک کلام کے ماتحت نورانی روحانی موکلات اس شخص کے پاس آتے ہیں اور اس کیلئے دعاوخیر کرتے ہیں اور اس کے ہر دینی ودنیاوی کاموں میں حتیٰ الامکان یہی کوشش کرتے ہیں کہ اللہ کی کلام کو پڑھنے والا دنیا کے ہر میدان میں کامیاب ہو اور جب یہی شخص مرتا ہے تو اللہ بھی اس سے خوش رہتا ہے کیونکہ اس بات کا تجربہ کیا گیا ہے جو کوئی بھی اللہ کی کلام سے اللہ کو پکارتا ہے تو اللہ اس فرد پر اپنی رحمت بے حساب برساتا ہے جس کے بدلے میں دنیا کی ہر شے اس شخص سے محبت کرتی ہے اور اس کا دل نیک کاموں کی جانب مائل رہتا ہے اور گناہ کرنے سے ڈرتا ہے اور اگر ایسا نہیں کریگا تو وہ کسی بھی پاک کلام کا ہرگز ہرگز عامل نہیں بن سکیگا۔

جادو کے تکلیف دہ اثرات

جادو کسی بھی تعویذ یا نقش کے ذریعے نہیں ہوتا اور نہ ہی اس فن کے ماہر ایسا کرتے ہیں ۔ اور نہ ہی کسی کو نقصان سے دوچار کرنے کیلئے جادوگر افراد کسی تعویذ یا نقش کا سہارا لیتے ہیں ان کے طریقہ کار ہی ایسے ہوتے ہیں کہ سننے والا حیران ہوتا ہے کہ بتانے والا کیا بتا رہا ہے جب کہ وہ سب کچھ سچ بیان کرتا ہے مثلاً اگر کسی جادوگر نے حب کا عمل کرنا ہو تو وہ ہرگز کسی عورت کے دل میں پیار و محبت ڈالنے کیلئے یا کسی مرد کے دل میں عورت کا پیار ڈالنے کیلئے کسی بھی نقش یا تعویذ کا سہارا نہیں لیتا بلکہ ایسا عمل دونوں میں سے کسی ایک کے کرنے والا بتاتا ہے جس کو سن کر ایک مرتبہ مسلمان کا دل ہل جاتا ہے پھر اپنی ضرورت کے پیش نظر عمل کر کے کامیابی تین دنوں کے اندر حاصل ہوتی ہے ۔ اور اس گندے و غلیظ عمل کے اثر سے کوئی بھی محفوظ نہیں رہ سکتا اصل میں جادو اسی کا نام ہے جو دوسروں کو پریشان اور نقصان سے دوچار کرے اسی طرح اگر جادوگر نے کسی کی دوکان کو باندھنا ہو قوت مردمی کو باندھنا ہو کسی عورت کی کوکھ کو باندھنا ہو کسی عورت کا بلاوجہ خون چھڑوانا ہو یا کوئی بھی کام کرنا ہو تو وہ کسی بھی نقش یا تعویذ سے کام نہیں لیتا اور جس طریقے سے وہ جادو کا عمل کر کے اپنے مقصد کا تصور باندھتا ہے تو اس کے اثرات ضرور اثر انداز ہوتے ہیں اس کا شاہد میں خود ہوں اسی حوالے سے میں موضوع کی تشریح کر کے ان تمام افراد کو کھول کر بتاؤں گا کہ جادوگر کس کام کیلئے کس جادو کو کرتا ہے اور بار بار کرتا ہے اور کسی نقش یا تعویذ کو ہرگز ہرگز ہرگز استعمال نہیں کرتا کیونکہ اس کے علوم کی بنیاد سفلی علم پر ہوتی ہے جو حکم کے ماتحت ہونے کے ساتھ دنیاوی کسی بھی نوعیت کے کام کو اسی وقت کر دیتے ہیں کیونکہ انہوں نے اپنی جان کو عذاب میں مبتلا

کر کے اس فن پر عبور حاصل کیا ہوتا ہے۔لیکن اس کا مقصد یہ نہیں کہ ہمیشہ ہی ان کی کامیابی ہوتی ہے بلکہ کئی مرتبہ انہیں سخت قسم کی ناکامیابی بھی ہوتی ہے جس سے وہ پھر نئے نئے راستے نکالتے ہیں کیونکہ علم کوئی بھی ہو اس کی مثال ایک گہرے سمندر کی ہے جس کو سر کرنے کیلئے انسان کی زندگی بہت قلیل ہے اس علم کے سمندر کے چند قطرے ملنے پر اتنا کچھ ہو جاتا ہے تو سمندر کو سر کرنے والا کیا ہوگا۔لیکن یہ بات تہہ شدہ ہے کہ ازل سے جادو نیک انسان اور خدا پرست افراد کے ہاتھوں ٹوٹتا رہا ہے اور ٹوٹتا رہیگا۔کئی اولیاء اللہ کی داستانیں ہیں کہ بڑے سے بڑا جادوگر بھی ان کا سامنا نہیں کرسکتا اور آخر کار اسی ولی کے ہاتھ پر بیعت ہوا جس سے مقابلہ کرنے کی اس نے کوشش کی لیکن وقتی طور پر جادو کے ذریعے انسان دنیا میں کئی ایسے گھاٹے ضرور کھا جاتا ہے جو ناممکنات سے تعلق رکھتے ہوئے اندر ہی اندر سے اپنا کام دکھا جاتے تھے مثلاً جادو کی بنیاد پر انسان کا ہلاک ہونا، اچھے بھلے چلتے ہوئے کاروبار کا بند ھ جانا، ہر حساب سے فٹ ہوتے ہوئے اولاد جیسی نعمت سے محروم رہنا، گھر میں خون برسنا گھر میں اینٹوں اور پتھروں کا برسنا، سکون والے گھر میں اچانک ناچاقی کا جنم لینا اور اس کا حل نہ ملنا، روپے پیسے سے برکت اٹھ جانا، گھر میں رہنے والے افراد کا ایک دوسرے سے نفرت کرنا، اور کئی ایسے دنیاوی نقصانات جو انسان سوچتا تو ضرور ہے لیکن کوئی حل نکلنے کی بجائے سوچ اس کا مقدر بن جاتی ہے اور پھر ساری زندگی حساب لگانے میں گذر جاتی ہے کہ فلاں وقت جو میرے ساتھ ہوا وہ کیا تھا؟ اور ایسا کرنے میں کس کا ہاتھ تھا؟ اب اس بات کی بنیاد پر عاملین سنے سنائے اور دیگر ٹوٹکوں کا ساتھ رکھتے ہوئے اس فرد کے ساتھ جتنے منہ اتنی باتیں والوں سلوک کرتے ہیں۔اور ایسے کئی سنہری خواب دکھاتے ہیں جس سے کوئی بھی ان کے جال میں باآسانی پھنس جائے۔

جادو کے ذریعے عمل حب

مثال کے طور پر اگر کوئی بیوی اپنے مرد کو اپنے قابو میں کرنا چاہے یا کوئی مرد اپنی بیوی کو قابو میں کرنا چاہے یا کوئی دو پیار کرنے والے اپنے درمیان حائل رکاوٹوں کا خاتمہ کرنا چاہتے ہوں تو جادو کی بنیاد پر جس عمل کو کیا جائیگا وہ پڑھئے۔ اس عمل کیلئے بھی کوئی نقش یا تعویذ استعمال نہیں کیا جاتا اور نہ ہی کوئی ایسا وظیفہ بتایا جاتا ہے جس کو کرنے پر اس معاملے میں کسی کو کامیابی ملے بلکہ وہ اپنے جادو کے طور پر اس عورت کو ایسا عمل بتاتا ہے جس سے اس کے اندازے اور تجربے کے مطابق شوہر مطیع وفرمانبردار ہو یا کوئی غیر مرد بھی غیر عورت کی تسخیر کر سکے جو عمل عورت کو بتایا جاتا ہے اس کی بنیاد کچھ اس طرح سے ہوتی ہے کہ جب تمہارے مخصوص دن آئیں تو اس غلیظ خون کو گوشت میں ڈال کر کھلاؤ اس کے کھاتے ہی اس کا شوہر یا کوئی بھی غیر مرد اس کا دیوانہ بن جائیگا اگر دیوانہ نہیں ہوگا تو پاگل ضرور بن جائیگا اپنے مقصد کی چاہت میں وہ عورت کچھ سوچے سمجھے بغیر اس عمل کو کرتی ہے اور جو نتیجہ نکلتا ہے اس کا بھی اسے معلوم ہوتا ہے اسی طرح اگر کوئی مرد ہو تو اس کو مادہ سفید کے متعلق عملیات بتائے جاتے ہیں جس سے وہ کسی بھی عورت کو کھلا کر اپنے قابو میں کر سکے ان افراد کے نزدیک ان اعمال سے حب پیدا ہوتی ہے اور ان عملیات کے توڑ بھی بہت مشکل سے ہوتے ہیں اب خود دیکھئے کہ کیسے طریقہ کار سے پیار ومحبت قائم کی جارہی ہے اور ایسا ہمارے معاشرے میں ہو رہا ہے اسی طرح کوئی بھی کام ہو جادوگر افراد یا اس طرح کے عامل ہرگز تعویذ دھاگے استعمال نہیں کرتے بلکہ اس قسم کے کئی اور عملیات موقع کی مناسبت سے بتاتے ہیں اور جو افراد ان کے کہنے پر عمل کرتے ہیں وہی اس کے اثرات بتا سکتے ہیں۔ اسی طرح اگر کوئی عورت کسی

غیر مرد کو اپنا تابعدار اور فرمانبردار بنانے چاہے تو جادو کے طور پر عمل کچھ اس قسم کا ہوتا ہے کہ جب عورت اس غیر مرد سے ہم بستری کر لے تو بعد فراغت کے اسی وقت تھوڑا سا گڑ اپنی شرمگاہ میں ڈال کر گھسائے اور اسے بعد میں اسی مرد کو کھلا دے جس سے ہم بستری کی ہے اور اسے تائب و فرمانبردار بنانا ہو اس جادوئی عمل کی بدولت جس کو بھی یہ گڑ کھلایا جائیگا وہ ہمیشہ کیلئے تائب ہوگا۔ اسی مقصد کیلئے آج کل ایک عمل کثرت سے چل نکلا ہے لیکن افسوس سے لکھنا پڑ رہا ہے کہ جو افراد عملیات کی الف بے بھی نہیں جانتے وہ اپنے نفس کو مطمئن کرنے کیلئے اس عمل کو کرتے ہیں اور کرتے ہی چلے جاتے ہیں مثلاً اس قسم کے عامل اگر کوئی خوبصورت عورت حب کا عمل کروانے جائے تو اس کی قمیض اتار کر اس کی چھاتی پر دو نقش پھر اس کی ناف پر کاغذ رکھ کر ایک نقش اور شرمگاہ سے نیچے دو ٹانگوں پر دو نقش تحریر کرتے ہیں اور اس کے خاوند کا نام یا کسی بھی اس مرد کا نام مع والدہ لکھتے ہیں جس کو محبت میں دیوانہ کرنا ہے اس قسم کے اعمال کسی بھی طور نفع نہیں دیتے بلکہ اس عمل میں عامل اس عورت کا جسم دیکھنے کیلئے بے قرار رہتے ہیں جو نہایت ہی شریف ہو لیکن اپنے مقصد کو مدنظر رکھتے ہوئے کوئی بھی اس بات کی پرواہ نہیں کرتا کہ میں کیا کر رہا ہوں اور اس کے بدلے کیا نتائج مرتب ہونگے۔ بس اس شریف عورت کے کام ہونے کیلئے ایک ایسی شرط رکھتے ہیں جس سے وہ عورت اپنی معصومیت کا ثبوت دیتے ہوئے اس عامل کا کہنا مانتی ہے اور اگر عامل کسی جنتر منتر کا صحیح معنوں میں عامل ہو تو پھر وہ عورت اپنے خاوند کے متعلق کچھ نہیں پوچھنے آتی پھر اس عامل کے کہنے پر وہ کچھ کرتی ہے جیسے وہ چاہتا تھا۔ اور وہ جو کچھ چاہتا ہے وہ اس کو سنہرے خواب مسلسل دکھانے کے ساتھ روز ہی اس سے کیا کچھ کرتا ہے اس کے متعلق وہ معصوم خاتون اور وہ عامل ہی بہتر جانتے ہیں۔

جادو کے ذریعے کاروبار باندھنا

اسی طرح اگر کسی کی دکان کو باندھنا ہو یا رزق بند کرنا ہو یا کسی کو بھی اذیت میں مبتلا کرنا ہو تو تب بھی کسی نقش یا تعویذ کا استعمال نہیں ہوتا بلکہ مردار اور حرام جانوروں کی ھڈیوں پر جنتر منتر دم کر کے دبا دئے جاتے ہیں جس سے کاروبار فوراً متاثر ہو کر فنا و برباد ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ اور بہت سے اس قسم کے عملیات کئے جاتے ہیں جس کی بنیاد پر کسی کو بھی جادو کی لپیٹ میں لایا جاسکے اور اسے اذیت کا نشانہ بنایا جائے۔ ان اعمال کے حل بہت مشکل سے ملتے ہیں اور نقصان پر نقصان ہوتے چلے جاتے ہیں۔ یا الو کے خون سے لکھے نقوش کو دکان کی چوکھٹ میں دبایا جاتا ہے یا دکان کے اندر وزن کے نیچے رکھا جاتا ہے ان تمام طریقہ کار سے کاروبار فوراً ہی بند ہو جاتا ہے اور کوئی بھی خاص وجہ نظر نہیں آتی اور نہ ہی سمجھ آتی ہے کہ اب ایسا کیوں ہو رہا ہے۔

اسی طرح

اور بہت سے دنیاوی کاموں میں رکاوٹیں اور اللہ تعالیٰ کی مخلوق کو زیادہ سے زیادہ پریشان کرنے کیلئے مختلف قسم کے جادوئی اعمال کئے جاتے ہیں جس سے فوراً متاثر ہوتے ہوئے کوئی بھی شخص مغلوب ہو کر ہلاکت کا نشانہ بن جاتا ہے یا جیتے جی ان کا شمار نہ مردوں میں ہوتا ہے اور نہ ہی زندوں میں جب تک اس کا صحیح حل یا توڑ نہ کیا جائے تب تک اس کا اثر زائل نہیں ہوتا اور کسی بھی معمولی قسم کے عمل کا اثر نہیں ہوتا اور نہ ہی کتابوں سے دیکھ کر اس کے توڑ ملتے ہیں جب تک کہ کوئی خود زبردست قسم کا عامل نہ ہو اور نہ ہی اس کا توڑ ایسے ہوتا ہے کہ کسی عملیاتی کتاب سے دیکھ کر کوئی نقش یا تعویذ لکھ کر دیا جائے تو ایسے عملیات بھی اپنا اثر

نہیں دکھاتے بلکہ کوئی نہ کوئی فرد کسی کلام کا عامل ضرور ہوتا ہے اور اپنے علم کی بنیاد پر ایسے اعمال کرتا ہے جس سے کوئی بھی دکھوں اور پریشانیوں میں مبتلا ہو سکے جس طرح کوئی کسی عزیمت یا ہندی کلام کا ماہر ہو اور اپنے علم کے زور پر ایسے اعمال کرے تو اس کے توڑ کیلئے بھی کسی کو آیت الٰہی، اسم اعظم، یا کسی سورہ کا عامل بننا پڑے گا تا کہ اس کی کلام کی کاٹ ہو۔اس تمام سلسلے کا سارا دارومدار جنتر منتر پر ہوتا ہے جو کسی بھی انسان کو زیادہ سے زیادہ پریشان کر سکتے ہیں کیونکہ مختلف طریقہ کار کے حوالے سے مختلف قسم کے کام ہوتے ہیں جن کی مختلف قسم کی کلام ہوتی ہے جس سے عامل اپنے مقصد کا تصور باندھ کر کوئی بھی دنیاوی کام کو کر سکتا ہے اور کسی بھی انسان کو نقصان سے دوچار کر سکتا ہے ایک بات میں یہاں ضرور بتاؤں گا کہ میری آنکھوں دیکھا مشاہدہ ہے کہ (توبہ نعوذ باللہ) اگر کوئی سفلی علم کا ماہر کسی انسان پر خون کے چھینٹے ڈالنا چاہے یا کسی کے گھر میں خون کے چھینٹے ڈالنا چاہے تو اس بات کا انہیں قطعی احساس نہیں ہوتا کہ جس شخص پر خون پھینکا جائے گا وہ نماز پڑھنے میں مصروف ہے اور جس گھر میں ایسا ہوتا ہے وہاں قرآن مجید پر بھی خون گرتا ہے یعنی اس کلام کے زیر ہوتے ہوئے دنیاوی مقاصد کی خاطر سفلی کلام کا عامل اس بات کو بغیر سوچے سمجھے [illegible] کرسکتا ہے جب کہ میں نے خود ایسا اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے۔اسی طرح جسم کے بیچ میں سوراخ ہو جاتے ہیں اور کوئی صحیح وجہ سامنے نہیں آتی اب اس بات کو تمام [illegible] رکھیں کہ قرآن پاک کی کسی بھی آیت، سورہ، یا اسم الٰہی کا یہ کمال ہر گز نہیں [illegible] ان کا عامل بننا چاہے اور اس کی یہ سوچ ہو کہ میں اس کے ذریعے [illegible] طاقت سے کسی کے گھر میں خون کی بارش کروا سکتا ہوں [illegible] اس طرح کی سوچ رکھنے والا خود ہی بیوقوف ہے اور اس [illegible]

جادو کے ذریعے نکاح بندی کرنا

ہمارے معاشرے میں کئی ایسے عامل ہیں جو غیر عربی کلام کے ماہر ہوتے ہیں اور اس کے اثرات سے کسی کنواری لڑکی کا نکاح باندھ دیتے ہیں جس سے رشتے تو آتے رہتے ہیں لیکن کہیں بات نہیں بنتی اور جب تک اس کا توڑ یا اپاؤ نہ کیا جائے تب تک وہ لڑکی کنواری ہی رہتی ہے۔ اسی طرح اگر کوئی شادی شدہ عورت ہو تو اس پر بھی اسی قسم کا کوئی عمل کر کے اس کے خاوند کو بدزن کر دیا جاتا ہے جس سے اس عورت کی ہر وقت اپنے شوہر سے لڑائی ہوتی رہتی ہے اور کوئی صحیح وجہ سامنے نہیں آتی بس اس عورت کا دل یہی چاہتا ہے کہ وہ اپنے خاوند سے علیحدگی اختیار کر لے۔ اس کا بھی اگر صحیح توڑ نہ کیا جائے تو زن وشوہر کی آپس میں علیحدگی باعث طلاق بن جاتی ہے اور ایک ہنستا بستا گھر دیکھتے ہی دیکھتے اجڑ جاتا ہے۔ اسی طرح کسی کنوارے لڑکے کا نکاح باندھ دیا جاتا ہے اور لاکھ رشتے دیکھنے پر بھی پسند نہیں آتے اور لڑکا کنوارہ ہی رہ جاتا ہے غرض کہ ان تمام قسم کی قباحتوں سے محفوظ رہنے اور اس کا توڑ کر کے اپنے مقصد میں کامیاب ہونے کیلئے انتھک قسم کی محنت کرنا پڑتی ہے اور اللہ اپنی مدد سے کوئی ایسا حل نکال دیتا ہے جس سے اس جادوگر یا عامل کا منہ کالا اور اللہ کے ماننے والوں کی جیت ہوتی ہے۔ اس لئے کتاب میں جو بھی اعمال درج ہونگے اس پر عمل کرنے کیلئے لازم ہے کہ محنت کریں اور اپنی تکلیف کو دور کرنے کیلئے اپنی مدد آپ کے تحت کامیاب ہوں۔ اس کتاب میں خاص طور پر مصنف کتب السید علی حسین شاہ کی ہر اس انسان کو اجازت ہے جو پاکی و پلیدی کا نسلی امتیاز رکھتے ہوئے اللہ کے ہر حکم کا تائب ہے اور اس ذات کے نام پر اپنا سر پیش کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے نا کہ ایسے افراد کو اجازت ہے جو اس

کو سیکھ کر خلق خدا کو بلیوں اور ہدیہ جات پر لوٹ کر اپنی جیبیں گرم کریں۔ یا صرف کتابوں کے علم سے دوسروں کے روحانی پیشوا بن جائیں ایسی صورت میں علاج قطعی طور پر نہیں ہوگا بلکہ ہر وہ ناممکن کام بھی ہو جاتا ہے۔ جس میں محنت اور مشقت کی جاتی ہے اس لئے میں نے کتاب میں تمام ان قسم کے اعمال کو درج کیا ہے جو اس موجودہ دور میں سفلی علم کے ماہر افراد کرتے ہیں اور اس کو توڑنے کے تمام طریقہ کار کو بھی درج کیا گیا ہے۔ جس کی بنیاد پر جادو ٹوٹ جاتا ہے اور شفاء حاصل ہوتی ہے اس لئے اس کتاب میں سے ایسے افراد بھی مستفیض ہو سکتے ہیں جو پیر حضرات کے پاس نہیں جا سکتے اور نہ ہی جانا چاہتے ہیں وہ کتاب میں لکھے گئے طریقہ کار کو استعمال کریں اللہ ضرور شفاء دیگا انشاءاللہ کتاب میں لکھے گئے تمام طریقہ کار سینہ بہ سینہ ہے اور میرے مجرب اعمال ہیں جو مجھے استادوں کی طرف سے عنایت ہوئے میں نے اس دور میں اس بڑھتی ہوئی قباحت کو توڑنے کا عزم کر رکھا ہے تاکہ کوئی بھی جادو سے مغلوب ہوتے ہوئے ایسے مرض میں نہ پھنس جائے جس کی کوئی میعاد مقرر کی گئی ہو بلکہ اگر میعادی قسم کے اعمال یا نقش وغیرہ کئے گئے ہوں تو وہ جہاں بھی ہوں اللہ کی کلام کے ذریعے ان کے اثرات باطل ہو جائیں اب جو کوئی بھی فرد کتاب میں لکھے گئے طریقہ کار کو استعمال کریگا وہ ضرور اپنے مقصد میں کامیاب ہوگا اور اسے شفاء منجانب اللہ ضرور ہوگی اب نیک نیتی کا ثبوت رکھتے ہوئے جو کوئی بھی کتاب کے طریقہ کار پر بتائے گئے اصولوں کے مطابق عمل کریگا وہ ضرور اپنے مقصد میں کامیاب ہوگا انشاءاللہ کیونکہ کامل نسخہ کامل تکلیف سے نجات دلوا سکتا ہے۔ اور غلط نسخہ ہر طرح سے نقصان ہی کر سکتا ہے اس لئے کتاب میں جن عملیات کو داخل کیا گیا ہے ان کا تعلق سینہ بہ سینہ اعمال سے ہے اور اس بات کا چیلنج ہے کہ آج سے پہلے کسی یہ باتیں معلوم نہ ہونگی جن کو یہاں تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔

اقسام نوری جادو

اب تک لاکھوں افراد کو اسی بات کا پتہ ہے کہ جادو بہت بری چیز ہے اور جو افراد اس کو سیکھتے ہیں وہ اس کے ذریعے دوسروں انسانوں کو پریشان کرتے ہوئے انہیں اذیت میں بھی مبتلا کرتے ہیں اس لئے ایسا ذہن رکھنے والے افراد کو اس بات کو نہیں بھولنا چاہئے کہ جادو جس کلام سے تسخیر میں آتا ہے وہ ہندی، فرنچ، انگلش، یا کسی بھی غیر عربی کلام میں ہوتا ہے یعنی اس کلام کا تعلق عربی زبان سے نہیں ہوتا اور جو افراد عربی زبان کو بھی جادو کرنے میں استعمال کرتے ہیں وہ بھی اسے سیدھی طرح نہیں پڑھتے بلکہ کسی بھی اللہ کی کلام کو الٹا پڑھتے ہیں اور اپنے مقصد کو کامیاب کرنے کا ایک یہی وسیلہ سمجھتے ہیں اور عربی کو الٹا پڑھ کر اس کا عامل بننے کے بعد دوسرے افراد کو زیادہ سے زیادہ پریشان کرتے ہیں اس لئے تمام افراد اس بات کو بھی ضرور یاد رکھیں کہ بے شک جادو اللہ کی کلام نہیں ہے اور نہ ہی اللہ کی ذات کا ایسے افراد سے کوئی تعلق ہے جو اس کی مخلوق کو پریشان کرتے ہیں۔ لیکن ہم میں بعض ایسے افراد ضرور شامل ہیں جو ایسا کرنے سے بھی گریز نہیں کرتے اور اپنے مقصد میں کامیابی حاصل کرنے کیلئے اللہ کی پاک اور سچی کلام کو الٹا پڑھنے سے بھی گریز نہیں کرتے اور بے شک اللہ انہیں سزا اور عذاب ضرور دیگا۔ اسی طرح بعض ایسے عامل ہیں جو قرآن مجید کی سورتوں کو الٹا نہیں پڑھتے بلکہ قرآن کی کلام کو اسی طرح پڑھتے ہیں اور عمل کی مناسبت سے طریقہ کچھ اس طرح کا رکھتے ہیں جس سے دشمن کو سخت سے سخت سزا مہیا کی جا سکے اسی طرح اللہ کی کلام کے ذریعے بغض وعداوت کے اعمال کرنے کو نوری جادو کا نام دیا جاتا ہے۔ جس میں اسم اعظم، قرآن مجید کی سورت، یا کسی آیت کا استعمال کیا جائے اور اس کا تعلق زبان

بندی، اعمال ہلاکت دشمن اور بغض وعداوت پر مبنی ہوتے ہیں۔ یا انہی سورتوں سے اخذ کئے ہوئے نقوش ہوتے ہیں جن کو موقع کی مناسبت سے درج کر کے متعلقہ جگہ دفن کرنے سے اس کا اثر آتا ہے لیکن جو اللہ کا خاص بندہ ہے اسے اس قسم کے اعمال کرنے کی کوئی حاجت نہیں رہتی بلکہ اللہ اس فرد کو ضرور عذاب دیتا ہے جو اللہ کے اس نیک بندے کی طرف اپنی نگاہ کو برا رکھتا ہے اس لئے نوری اعمال میں اس قسم کے اعمال بھی درج ہوتے ہیں جو دشمنوں کی زبان بند کر سکتے ہیں اور اس کی جان بھی لے سکتے ہیں اس بات میں کوئی بھی انکاری نہیں بلکہ ایسا ہو رہا ہے اور اکثر کتابوں میں ایسا سب کچھ بتایا جاتا ہے۔ جس سے اللہ کی کلام سے کام کیا جاتا ہے اور اسے کرنے میں اثر ضرور واقع ہوتا ہے اس لئے میں اسے نوری جادو کا نام دونگا کیونکہ ہر تکلیف اور شر کا نام جادو ہے جیسے اللہ کی کلام سے فائدہ ہوتا ہے ایسے ہی اس کی کلام سے کسی کا نقصان بھی ہو سکتا ہے ایسے اعمال کی بھی بہت سی اقسام ہیں جو یہاں تفصیلا درج نہیں ہو سکتیں مختصر طور پر اگر کسی انسان کو کسی دکھ وغم میں مبتلا کرنا ہو تو اس کا عمل ہے کہ اس کے پہنے ہوئے کپڑے پر متعلقہ نقش کو تحریر کیا جائے اور اسے چراغ میں جلایا جائے دشمن یا وہ فرد زیادہ سے زیادہ پریشان رہیگا اور اس کا اچھا بھلا چلتا ہوا کاروبار نقصان کا شکار ہوتے ہوئے فنا ہو جائیگا دشمنوں کو سخت سے سخت سزا دینے کیلئے بسم اللہ شریف کا عمل کیا جاتا ہے۔ جس سے اس کے دشمن کے جسم پر آبلے پڑتے ہیں اور اگر وہ اس کا روحانی علاج نہ کرے تو موت کے گھاٹ اتر جاتا ہے۔ اسی طرح کے اور بہت سے سینکڑوں عملیات ہیں جو ہو رہے ہیں۔ زمین پر دشمن کی فرضی تصویر بنا کر نیم کی چھڑی پر بسم اللہ شریف کو سات سو چھیاسی مرتبہ الٹا پڑھ کر فرضی تصویر پر زور زور سے مارا جاتا ہے۔ جس کی بدولت دشمن کو اذیت ملتی ہے۔

بندی، اعمال ہلاکت دشمن اور بغض وعداوت پر مبنی ہوتے ہیں۔ یا
ہوئے نقوش ہوتے ہیں جن کو موقع کی مناسبت سے درج کر
اس کا اثر آتا ہے لیکن جو اللہ کا خاص بندہ ہے اسے اس قسم
نہیں رہتی بلکہ اللہ اس فرد کو ضرور عذاب دیتا ہے جو اپنی
نگاہ کو برا رکھتا ہے اس لئے نوری اعمال میں ا ہیں جو دشمنوں
کی زبان بند کر سکتے ہیں اور اس کی کوئی بھی انکاری نہیں
بلکہ ایسا ہو رہا ہے اور اکثر کتا ہے جس سے اللہ کی کلام سے
کام کیا جاتا ہے اور اسے کرنے میں اثر ضرور واقع ہوتا ہے اس لئے میں اسے نوری جادو کا
نام دونگا کیونکہ ہر تکلیف اور شر کا نام جادو ہے جیسے اللہ کی کلام سے فائدہ ہوتا ہے ایسے ہی
اس کی کلام سے کسی کا نقصان بھی ہو سکتا ہے ایسے اعمال کی بھی بہت سی اقسام ہیں جو یہاں
تفصیلا درج نہیں ہو سکتیں مختصر طور پر اگر کسی انسان کو کسی دکھ وغم میں مبتلا کرنا ہو تو اس کا عمل
ہے کہ اس کے پہنے ہوئے کپڑے پر متعلقہ نقش کو تحریر کیا جائے اور اسے چراغ میں جلا
جائے دشمن یا وہ فرد زیادہ سے زیادہ پریشان رہیگا اور اس کا اچھا بھلا چلتا ہوا کاروبار نقصان
شکار ہوتے ہوئے فنا ہو جائیگا دشمنوں کو سخت سے سخت سزا دینے کیلئے بسم اللہ شریف کا عمل ک
جاتا ہے جس سے اس کے دشمن کے جسم پر آبلے پڑتے ہیں اور اگر وہ اس کا روحانی علاج
کرے تو موت کے گھاٹ اتر جاتا ہے۔ اسی طرح کے اور بہت سے سینکڑوں عملیات ہیں
جو ہو رہے ہیں۔ زمین پر دشمن کی فرضی تصویر بنا کر نیم کی چھڑی پر بسم اللہ شریف کو سات سو
چھیاسی مرتبہ الٹا پڑھ کر فرضی تصویر پر زور زور سے مارا جاتا ہے جس کی بدولت دشمن کو اذیت
ملتی ہے۔

سورہ یسین و دیگر سورہ شریف سے رزق باندھنا اور پریشانی میں مبتلا کرنا

دنیا میں تقریباً سبھی مسلمان جانتے ہیں کہ سورہ یسین قرآن مجید کا دل ہے اور بہت جلیل القدر سورہ شریف ہے۔اور باعث رحمت کیلئے اس کا ورد کرنا سو فیصدی اللہ کا قرب حاصل کرنا ہے۔لیکن بغض وعداوت کی بنیاد پر کئے جانے والے اعمال میں یہ سورہ رحمت کی بجائے زحمت کی شکل میں دشمن کو نیست ونابود کرنے کی بھی صلاحیت رکھتی ہے اور بغض وعداوت والے اعمال میں بھی اور بہت سے عامل حضرات اس سورہ اور دیگر سورہ شریف کو مختلف حوالہ جات سے اعمال کرتے ہیں اور کامیابی بھی حاصل کرتے ہیں مثلاً اگر کسی دشمن کا رزق باندھنا اور اسے مصیبت میں مبتلا کرنا ہو جس سے وہ دن بدن نئی نئی پریشانیوں میں مبتلا ہو اور اس کو کوئی بھی حل نہ ملے تو عامل حضرات قبرستان کی مٹی کو آٹے کی طرح گوندھ کر سورہ یسین کو چالیس مرتبہ اس پر دم کرتے ہیں اور دشمن کے گھر کے باہر اسے پیڑے کی شکل میں زور سے مارتے یا مرواتے ہیں اس عمل کو کرنے کے بعد دشمن دن بدن اذیتوں میں مبتلا ہو جاتا ہے اور اس کا رزق بندھ جاتا ہے اور اس کے کمائے ہوئے روپے پیسے کی برکت ختم ہو جاتی ہے۔اسی طرح دشمن کو کسی اذیت یا بیماری میں مبتلا کرنے کیلئے اس کا موم کا پتلا تیار کیا جاتا ہے اور اس کے سوراخوں والی جگہ پر جن سوئیوں کو لگایا جاتا ہے وہ سورہ فیل کو دم کر کے لگائی جاتی ہیں اور اسے گرم جگہ یا قبرستان میں دبانے سے دشمن کسی ایسی بیماری میں مبتلا ہوتا ہے جس سے اس کا علاج ناممکن بن جاتا ہے۔اسی طرح اور کئی ایسے اعمال ہیں جس سے سورہ شریف سے کام لیا جاتا ہے اور مقصد میں کامیابی حاصل کی جاتی

ہے۔اسی طرح اگر کسی دشمن کو برباد کرنا ہو اسے تکالیف میں مبتلا کرنا ہو اور اس کے ساتھ نہایت ہی ظالمانہ رویہ برتنا ہو تو ایک عدد بکرے کی کلیجی سامنے رکھ کر ببول کا ایک کانٹا منہ میں رکھ کر چالیس مرتبہ سورہ تبت یدا کو بغیر بسم اللہ شریف پڑھ کر اس کلیجی میں لگائے اس طرح کل چالیس ببول کے کانٹے کلیجی میں لگائے اور اپنے مقصد کا مکمل تصور باندھے اور اسے قبرستان میں کسی بھی قبر میں دفن کر دے اس عمل کی بدولت دشمن چند دنوں کے اندر ہلاک ہوگا اور اس کا کاروبار تباہ ہو جائیگا۔اس کے علاوہ (یا قاھر ذالبطش الشدید انت الذی لا یطاق انتقامہ) کو دشمن کا تصور باندھ کر پڑھے دشمن تباہ و برباد ہوگا اور اس قسم کے کئی ایسے اعمال و نقوش ہیں جس کی بنیاد پر دشمن کو سزا دی جا سکتی ہے اور وہ چند دنوں میں تباہ و برباد ہو جاتا ہے لیکن میں اس بات کو مانتا ہوں کہ ہم سب امت محمدی ہیں اور ہمارے نبی کریم ﷺ بہت صابر تھے اور اپنے ساتھ زیادتی کرنے والوں کو بھی بخش دیا کرتے تھے اس لئے ہم سب کو چاہئے کہ ہم بھی اپنے پیارے نبی ﷺ کے نقش قدم پر چلیں اور سزا دینے کی بجائے معاف کرنے کا عام رواج کریں جس سے اللہ اور اس کا رسول ﷺ خوش ہوں اور ہم سب پر اپنی رحمت برسائیں اور اگر کوئی دین کا دشمن کسی مسلمان کو اذیت دیتا ہو اور ان کو آپس میں جدا کرنے کے طریقے کار کو سوچتا ہو اور مسلمانوں کا نقصان کرتا ہو تو ایسے افراد کو عملیات کی لپیٹ میں لا کر ایسا پیسا جائے کہ اس کی ہمت ہی جواب دے جائے ایسے افراد پر اس قسم کے اعمال کرنے چاہئے تا کہ امت محمدی آپس میں اتفاق سے رہے لیکن یہاں ہر اچھے کام کا الٹ ہو رہا ہے ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا گلا کاٹنا چاہتا ہے۔اور ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا حق مارنے کیلئے اس پر دشمنی و بغض والے اعمال آزماتا ہے اور اس کیلئے طرح طرح کے نقش بھی تحریر کر کے بتائے گئے طریقے سے استعمال کرتا ہے۔

نوری جادو کے توڑ

اگر کوئی فرد اپنے گھر یا دکان کے باہر کسی مٹی کے نشانات دیکھے اور وہ کسی سختی کی پلیٹ میں بھی آیا ہو یا گھر کے کسی کونے سے سورہ لکھی ہوئی برآمد ہو (جیسے تعویذ لپیٹے جاتے ہیں) یا اس بات کا علم ہو جائے کہ دن بدن پستی میں جانے کی کوئی وجہ نظر نہیں آتی اور گھر سے کوئی مدفونہ شے بھی برآمد ہو جائے تو اسے ایک مٹی کے پیالے میں رکھ کر اس میں دریا کا پانی ڈالے اور اس پر باوضو حالت میں سورہ فاتحہ سورہ اخلاص سورہ الفلق اور سورہ الناس کو سو سو مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اس پیالے کو ان اشیاء سمیت دم کر کے دریا یا نہر میں پیالے سمیت بہادے اور گھر آ کر تازہ غسل کرے اور دو رکعت نفل اس عمل یا نقش کو باطل کرنے کے ادا کرے نوری نقوش کو برے مقصد کی خاطر لکھے جانے پر اس کا اثر باطل ہو جائیگا۔ اور اگر گھر کے باہر مٹی کے نشانات پائے جائیں تو صندل کی ایک اتنی بڑی لکڑی کا ٹکڑا لے جس پر سورہ فاتحہ مکمل درج ہو سکے اسے ایک مٹی کے گھڑے میں ڈال دے اور اس میں تازہ پانی بھرے کم از کم اس لکڑی کو بارہ گھنٹے پانی میں رکھے اور اس پانی کے چھینٹے اس مٹی والے نشانات پر اسی لکڑی کو نکال کر مارے مٹی کے اثرات باطل ہونگے اور کوئی بھی دوبارہ سے اپنے کاروبار یا رزق میں فراخی محسوس کریگا۔ حتیٰ الامکان اگر کسی بھی قسم کا نورانی کلام سے کوئی منفی اثرات کا کام کیا ہو جیسے کسی کو سورہ الکوثر، فیل، تبت یدا، یا کسی بھی آیت کو پڑھ پڑھ کر مغلوب کیا ہو تو اوپر درج صندل والی لکڑی کو اسی طرح تیار کرے اور اسی طرح درج شدہ سورہ شریف کو پڑھ کر دم کرے اور مٹی کے پیالے میں رکھ کر پانی ڈال کر مریض کو اس کا پانی پلایا جائے اور انہی سورتوں کو زعفران سے لکھ کر مریض کے گلے اور کاروبار یا گھر کی چوکھٹ کے

اوپر لگایا جائے بد اثرات باطل ہونگے۔

اگر کوئی فرد جادو جیسی قباحت میں مبتلا ہو تو وہ اس نقش کا سب سے پہلے عامل اس طرح بنے کہ روزانہ اس نقش کو (۷۲) مرتبہ زعفران سے لکھے اور اسے آٹے میں بند کر کے گولی بنا کر دریا میں مچھلیوں کو ڈالے اس عمل کو اکتالیس دن تک کیا جائے پھر سب سے آخری دن والا نقش کسی بھی جادو کو توڑنے کیلئے تحریر کرے اللہ کے فضل سے شفاء ہر حال میں ہوگی۔ مثلاً اگر کوئی جادو میں مبتلا ہے تو اس نقش کو تین عدد زعفران سے لکھے ایک کو مریض کے گلے میں پہنائے دوسرے کو پانی میں گھول کر پلائے اور تیسرے کو ایسی جگہ لگائے جہاں اس کی نظر پڑے اس کے کامیاب نتائج سامنے آجائیں گے۔

ویشف	صدور	قوم	مومنین	وشفاء	لما	فی	الصدور	وهدی	ورحمة	للمومنین
صدور	قوم	مومنین	وشفاء	لما	فی	الصدور	وهدی	ورحمة	للمومنین	وننزل
قوم	مومنین	وشفاء	لما	فی	الصدور	وهدی	ورحمة	للمومنین	وننزل	من
مومنین	وشفاء	لما	فی	الصدور	وهدی	ورحمة	للمومنین	وننزل	من	القرآن
وشفاء	لما	فی	الصدور	وهدی	ورحمة	للمومنین	وننزل	من	القرآن	ماهو
لما	فی	الصدور	وهدی	ورحمة	للمومنین	وننزل	من	القرآن	ماهو	شفاء
فی	الصدور	وهدی	ورحمة	للمومنین	وننزل	من	القرآن	ماهو	شفاء	ورحمة
الصدور	وهدی	ورحمة	للمومنین	وننزل	من	القرآن	ماهو	شفاء	ورحمة	للمومنین
وهدی	ورحمة	للمومنین	وننزل	من	القرآن	ماهو	شفاء	ورحمة	للمومنین	فیه
ورحمة	للمومنین	وننزل	من	القرآن	ماهو	شفاء	ورحمة	للمومنین	فیه	شفاء
للمومنین	وننزل	من	القرآن	ماهو	شفاء	ورحمة	للمومنین	فیه	شفاء	للناس

تعارف جنات وارواح

ایسے تو کئی ہزاروں جنات اور ارواح اس عالم میں موجود ہیں جو موقع کی مناسبت سے عامل حضرات اپنے تائب کر کے ان سے کام لیتے ہیں ان میں بعض اچھے اور بعض برے ہیں جس طرح انسان سب سے بڑا ظالم بھی ہو سکتا ہے اور سب سے بڑا مومن و سخی بھی اور شر پسند بھی بالکل اسی طرح دنیا میں جتنے بھی مذاہب ہیں اسی طرح ان ارواح اور جنات کے بھی مذاہب ہیں کوئی ہندو ہے تو کوئی مسلمان کوئی یہودی ہے تو کوئی نصرانی غرض کہ دنیا کے تمام مذاہب سے تعلق رکھنے والے جنات اور ارواح اپنے کرنے والے کاموں کو کرتے ہیں جس سے دنیاوی مقاصد پورے ہوتے ہیں ان کو مسخر کرنے کیلئے مختلف عزیمتوں کی زکات دی جاتی ہے جس کے ماتحت یہ مخلوق ہوتی ہے اور مسخر ہونے کے بعد عامل ان سے کئی قسم کے کام لے سکتا ہے زیادہ تر عزیمت سے مسخر ہونے والی مخلوق انسانوں کو پریشان اور اذیت میں مبتلا کرتی ہے کسی اچھے بھلے چلتے ہوئے کاروبار کو یہ مخلوق باندھ دیتی ہے کسی ہنستے بستے گھر کو برباد کر دیتی ہے اور کئی قسم کے ایسے اعمال بھی یہ مخلوق کر جاتی ہے جس پر کوئی صاحب علم فرد یقین نہیں کرتا اور اسے جھوٹ اور فریب کا نام دیکر اس موضوع کو بند کر دیتا ہے لیکن یہاں ایسے افراد کو ضرور یاد رکھنا چاہئے کہ جو کام اپنے بس کا نہ ہو اسے ناممکن نہیں سمجھنا چاہئے بلکہ جو کسی کا کام ہو وہ اپنے کام میں ماہر ہوتا ہے جیسے جہاز کی ایجاد میری نہیں ہے اور نہ ہی میں زندگی میں اسے بنا سکتا ہوں لیکن بنانے والے نے بنایا ہے ۔اسی طرح جو عاملین اس سلسلے سے تعلق رکھتے ہیں یہ آبادیوں میں کم ہی نظر آتے ہیں اور اسی بات کا بھرپور فائدہ اٹھاتے ہوئے ایسے جاہل عامل کام کر دیتے ہیں اور ایسے ایسے

حساب نکالتے ہیں جس سے اس تمام سلسلے کو فراڈ اور دھوکہ کہنا ہی مناسب رہیگا۔اس کھیل کے تمام کھلاڑی اس مخلوق سے زبردست قسم کے کام لے سکتے ہیں اور ان کے عمل کے شکار افراد اس بات کی تصدیق کریں گے کہ واقعی ہمارے ساتھ ایسا ہوا ہے یا ہمارے ساتھ ایسا ہو رہا ہے اصل میں یہ مخلوق اللہ کی بنائی ہوئی ہے اور ان کے اندر طاقت اللہ کی بخشی ہوئی ہے۔ جیسے انسانوں کے اندر مختلف قسم کی طاقتیں پائی جاتی ہیں دنیا میں ایک انسان کو قتل کرنے والا خود ایک انسان ہے تو یہ ایسی مخلوق ہے جو کسی کو نظر بھی نہیں آتی اور اپنے مالک کے کہنے پر کوئی بھی زبردست سے زبردست قسم کا کام کر سکتی ہے بشرطیکہ کہ کوئی ان کا عامل ہو پھر دنیاوی مسائل چند منٹوں میں حل ہوتے ہیں اور کئی افراد کے نقصانات کرنے میں بھی اسی مخلوق کا ہاتھ ہوتا ہے جیسے اگر کسی انسان کی تسخیر میں مخلوق جن ہو تو وہ اپنے دشمنوں کو ہلاکت کے گھاٹ اتار سکتا ہے ان کے گھر کو برباد کر سکتا ہے ان کو ایسی تکالیف میں مبتلا کر سکتا ہے جس کے علاج ناممکنات سے تعلق رکھتے ہیں اور ڈاکٹر حضرات ان باتوں کو مانتے ہی نہیں لیکن اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی طرح اس مخلوق کو بھی ایسی طاقت بخشی ہوئی ہے جو اپنی طاقت کے اثر سے کچھ بھی کر سکتی ہے اور ایسی کلام کے ماہر افراد بھی کسی نقش یا تعویذ کے محتاج نہیں ہوتے بس اپنی زبان سے پڑھی جانے والی کلام اور اپنے مقصد کا مکمل تصور باندھ کر جو کچھ بھی کرتے ہیں وہ کام ہو جاتا ہے۔

عاملین کے درجے

یہاں موضوع کے اعتبار سے کچھ ایسے حوالہ جات سامنے آئینگے جس سے اس بات کا اندازہ ہو سکتا ہے کہ کونسا عامل کس کلام کا عامل ہے اور لوگوں پر کئے جانے والے جادو کی نوعیت کس حیثیت کی مالک ہے کیونکہ کسی نہ کسی کلام کے ماتحت ایسے سفلی موکلات یا روحانی مخلوق ضرور ہوتی ہے جس سے عمل میں طاقت اور جائز و ناجائز کاموں میں کامیاب ہوا جا سکتا ہے اس لئے بعض عاملین کی تسخیر میں ارواح خبیثہ کی بھی ایسی مخلوق مسخر ہوتی ہے جو عامل کے حکم پر کسی کے گھر یا مکان میں اپنی رہائش بنا لیتے ہیں اور جیسے جیسے عامل کہتا ہے ویسا ہی اس گھر میں ہوتا ہے مثلاً یہ ارواح گھر کے تمام افراد پر اپنا قبضہ جما کر انہیں مغلوب کر دیتی ہے جس سے گھر میں رہنے والے افراد کسی نہ کسی اذیت اور تکلیف میں اکثر مبتلا رہتے ہیں جس کی کوئی بھی واضح نشانی نظر نہیں آتی اور سوائے زبردست عامل کے یہ مخلوق کسی کو نظر بھی نہیں آتی ایسا وہی عامل کر سکتا ہے جو تعویذ گنڈوں کے بغیر اس مخلوق کے ذریعے غیر کے گھر میں اپنی حکومت کرتا ہے اور جب تک اس کا صحیح علاج اور حل نہ نکلے تو کسی بھی طور شفا نہیں ہو سکتی اور یہ مخلوق اپنے اثرات سے گھر میں کھانے پینے والی اشیاء کو پاخانے کی شکل میں بنا دیتی ہیں اور گھر سے ہر وقت عجیب سی گندی بدبو آتی رہتی ہے گھر کے سامان کا نقصان کرنا اور آگ سے جلنے والی اشیاء کو جلا کر بیکار کر دینا بھی انہی سے منسوب ہے اور جب تک اس کا صحیح اور کامل علاج نہ کیا جائے تو یہ مخلوق آہستہ آہستہ اس گھر میں اپنا گھیرا ڈالتی ہے اور یہ سلسلہ ساری زندگی ہی چلتا رہتا ہے ایسے عاملین کا شمار کتاب کے حصے کے درجہ اول پر ہے یعنی پہلے درجے کا عامل اس کے ساتھ آگے آگے کونسا عامل

کس نوعیت کا عامل ہے اور اس کے زیر اثر مخلوق کونسا کام کرتی ہے واضح ہوگا۔ یہاں عاملین کے کل چار درجے لکھے گئے ہیں جو اپنی اپنی کلام کے بل بوتے پر ایسی مخلوق کو اپنا تابعدار فرمانبردار بنا لیتے ہیں جو دنیاوی کسی بھی کام کو کرنے پر معمور ہوتے ہیں اور کسی بھی انسان کا لحاظ نہ رکھتے ہوئے اپنا کام کر کے چلے جاتے ہیں اس کے علاوہ بھی بہت سے ایسے عامل ہیں جن کا احاطہ کرنا یہاں مشکل ہے لیکن یہاں پر کوئی بتائے گئے عاملین کے درجات کو بخوبی جان سکتا ہے کہ کونسا عامل کس نوعیت کا ہے اور اپنی کلام کے سر پر کیا کر سکتا ہے اس مخلوق کے ذمے دنیاوی کاموں سے متعلق عاملین ذمہ داریاں لگاتے ہیں جس کا اگر بروقت توڑ یا علاج نہ کیا جائے تو نقصان در نقصان ہوتا چلا جاتا ہے اور ہاتھ کچھ بھی نہیں آتا مثلاً دو پیار کرنے والے میاں بیوی کو جدا کر دینا بیوی کو گھر سے اتنی نفرت ہو جانا جس سے اس کا دل ہم بستری کو نہیں کرتا خاوند کو بیوی سے متنفر کر دینا جس سے گھر کا سکون برباد ہوتا ہے گھر میں اپنی جگہ رکھی اشیاء کو ادھر سے ادھر کرنا تاکہ یہ کوئی عجیب سا خوف پیدا کرے گھر و مکان و انسان کے جسم پر خون کے چھینٹے ڈالنا جس سے ہر کوئی خوف میں مبتلا ہو جائے اور کئی ایسے عملیات جو ایک عام انسان کو حیرت میں مبتلا کر سکتے ہیں کیا ایسے ہو سکتا ہے جب کہ ایسا حقیقت میں ہو رہا ہوتا ہے اور اگر ان کا بروقت علاج نہ کیا جائے تو یہ لا علاج بن جاتا ہے۔

دوسرے درجے کا عامل

اس درجے کا عامل سفلی علم اور ارواح خبیثہ کو اپنے ماتحت کر کے اچھے بھلے افراد کے درمیان پھوٹ ڈلوا سکتے ہیں اور گھر میں رہنے والے افراد کے درمیان خود بخود پھوٹ پڑ جاتی ہے اور یہ ہر وقت لڑنے مرنے پر تیار رہتے ہیں کسی فرد کے جسم کے حصے کو بیکار کر دیتے ہیں جس سے اس فرد کا وہ حصہ متاثر ہو کر شل ہو جاتا ہے یا اس پر کوئی زخم نمودار ہو کر آہستہ آہستہ کینسر کی شکل اپنا لیتا ہے اور کوئی بھی ڈاکٹری و حکیمی طریقہ کار اثر نہیں کرتا بعض اوقات یہی مخلوق کسی فرد کو ایسی جسمانی بیماری اور تکلیف میں مبتلا کر دیتی ہے جس سے ہر وقت پورے جسم میں عجیب سا درد ہوتا رہتا ہے اور کوئی بھی دوا یا علاج اپنا اثر نہیں کرتا اگر ایسے افراد کا بروقت علاج نہ کیا جائے تو موت بھی واقع ہو سکتی ہے کیونکہ اس نوعیت کی مخلوق کسی بھی انسان کے جسم کے اندر گھسنے کی ماہر ہوتی ہے اور جسم کے اندر داخل ہو کر کسی بھی انسان کو نقصان اور تکالیف سے دوچار کر سکتی ہے کیونکہ انہیں جسم کے اندر گھسنے کا طریقہ کار آتا ہے اور تب تک یہ اس فرد کے جسم کو نہیں چھوڑتے جب تک وہ عامل انہیں واپس نہ بلا لے یا کوئی زبردست نوری کلام کا ماہر اس کا اثر باطل نہ کر دے جب تک دونوں میں سے کوئی کام نہیں ہوگا تب تک یہ مخلوق اس فرد کی زندگی کو جہنم بنائے بغیر نہیں رہ سکتی۔ اس قسم کے عامل کی ایک اور شاخ ہوتی ہے جو ہندو مذہب سے تعلق رکھنے والے ان کے روحانی پیشواؤں کی دعوات پڑھتے ہیں جس سے وہ آتے ہیں اور ان سے قول و اقرار لیکر رخصت ہو جاتے ہیں اور بوقت ضرورت ان کو بلایا جاتا ہے جس سے وہ فوری طور پر کام کرتے ہیں مثلاً اگر کوئی دعوت (ہنومان) کی پڑھتا ہے تو یہ اپنے اندر ایک ایسی طاقت رکھتا ہے کہ یہ کسی بھی جسم کے اندر

حلول کر سکتا ہے اور جس کے اندر یہ حلول کرتا ہے اسے یہ اپنا غلام بنا لیتا ہے اور اپنا کام کر کے چلا جاتا ہے اور اگر اس کی ڈیوٹی اس کام پر لگائی ہو کہ یہ کام کر کے اس فرد کو بھی مار ڈالنا ہے تو یہ سات دنوں تک اس جسم میں رہ کر آٹھویں دن اس شخص کو موت کے گھاٹ اتار کر چلا جاتا ہے اور مرنے والے کی کوئی بھی صحیح علامت نظر نہیں آتی اس کے علاوہ ہندو مذہب سے تعلق رکھنے والی ایسی کئی مخلوقات ہیں جو ایسے کام کرتی ہیں اور کر کے رخصت ہو جاتی ہے اسی طرح ہندوؤں کی ایک ماں ہے جس کا نام (کالکاں دیوی) ہے اس کے بارہ ہاتھ ہیں یہ انسان کے خون کو پیتی ہے اور اس کے گوشت کو کھا کر اطمینان حاصل کرتی ہے بعض سفلی کلام کے عامل اس کی دعوت پڑھتے ہیں اور اس سے عہد و پیمان کر کے بوقت ضرورت اس سے کام لیتے ہیں اور اس کی بنیاد پر کسی بھی ہنستے بستے گھر کو اجاڑ دیتے ہیں اور جس گھر میں اس کا ایک مرتبہ پھیرا یا گذر ہو جائے تو اس گھر میں رہنے والے افراد ایک دوسرے کی اچھی بات سننے کو بھی روادار نہیں ہوتے اور ایک کا دشمن ایک بن جاتا ہے۔ اس کے علاوہ دنیا میں جتنے بھی مذاہب ہیں ان سب کے روحانی موکلات یا جنات ہیں جو دعوت دینے والے کے پاس حاضر ہوتے ہیں اور دنیا کے کسی بھی کام کو کرنے پر معمور ہوتے ہیں اور عامل حضرات ان سے کوئی بھی کام لے سکتے ہیں اگر حقیقت میں عامل ہوں پھر اچھا اور برا سوچنا ان کے اختیار میں ہوتا ہے جو اس کلام کے عامل بن جاتے ہیں۔

تیسرے درجے کا عامل

ایسے عامل جس مخلوق کو اپنا تابع وفرمانبردار بناتے ہیں ان کی رہائش مذبح گاہوں یعنی بوچڑ خانوں میں ہوتی ہے اور جس کلام کے یہ ماتحت ہوتے ہیں اگر کوئی اسی کلام سے انہیں پکارے تو یہ مخلوق حاضر ہو کر عامل کی اطاعت کرتی ہے اور اس کے کہنے پر کسی بھی ہنستے بستے گھر میں خون کی بارش کر سکتے ہیں اور وہاں کے رہائشی افراد کو تکلیف سے دوچار کرتے ہوئے ان کے گھر میں ہر وقت نا انجانا سا خوف وہراس پھیلا سکتے ہیں جس سے گھر میں رہنے والے افراد ہر وقت ڈر اور خوف محسوس کرتے ہیں اور ان کے گھر میں کوئی نہ کوئی کسی نہ کسی خون سے خوفزدہ ضرور رہتا ہے۔ اور فساد اس گھر میں روز بروز جنم لیتے ہیں کاروبار تباہ اور گھر کا سکون برباد ہو جاتا ہے ایسے عاملین جن اعمال کو کرتے ہیں وہ سب میعادی قسم کے ہوتے ہیں جو صحیح علاج نہ ہونے پر ہلاکت جیسا عذاب بن کر اترتے ہیں اس لئے اگر کوئی فرد کتاب ھذا میں سے اپنے متعلق کچھ ڈھونڈے تو اس پر لازم ہے کہ فوری طور پر اس کا بندوبست کرے ورنہ ایسے اعمال اور نقش وغیرہ اپنی میعاد ختم کر کے ہلاک کر دیتے ہیں اور نماز وروزے کی سختی سے پابندی کرے تاکہ اللہ کی رحمت زیادہ سے زیادہ اس فرد پر غالب ہو جو جادو جیسے قبیح عمل میں پھنس گیا ہو۔ ایسے عاملین روپوں پیسوں کے لالچ میں کسی بھی انسان کو تکلیف اور اذیت سے دوچار کر سکتے ہیں کیونکہ انہوں نے زندگی کی آسائشوں کے بدلے میں ایمان کا سودا کیا ہوتا ہے اور وہ یہی سمجھتے ہیں کہ ہم نے ساری زندگی اس فانی دنیا میں رہنا ہے اور یہاں جو کچھ بھی ہے بس یہی ہے اس سے آگے کچھ نہیں ہے۔ یہی سوچ ان کو زیادہ سے زیادہ انسانوں کو دکھ اور تکلیف دینے پر اکساتی ہے۔

چوتھے درجے کا عامل

اس نوعیت کا عامل کسی جنتر منتر کے ذریعے ایسی مخلوق کو اپنی تسخیر میں کر لیتا ہے جس سے کسی کے بھی کاروبار، نکاح، رزق، دولت، اولاد، شوہر، بیوی، اور کسی بھی فائدہ بخش شے کو باندھا جا سکتا ہے اس کا بھی اگر بروقت اور صحیح توڑ نہ کیا جائے تو یہ اپنی میعاد کو ختم کر کے نقصان کرتا چلا جاتا ہے اور نقصان ہونے کی کوئی صحیح علامت معلوم نہیں ہوتی اس درجے کا عامل اس مخلوق کے ذریعے ایسا سب کچھ کرتا ہے اور پیسوں یا کسی بھی مفاد کیلئے ایسا کر سکتا ہے۔ اس کے علاوہ ایسے اعمال کرنے والے عاملوں کے کئی روپ اور بھیس ہیں جو کسی نہ کسی کے کلام کے عامل ہوتے ہوئے اور بھی کئی ایسے کام کرتے ہی جو کسی کا نقصان کرنے میں ذرا بھی دیر نہیں لگاتے کیونکہ جادو یا کوئی بھی تکلیف دہ عمل ہو اس کا تعلق عمل کسی سے ہوتا ہے اور اس کو کرنے میں مختلف اشیاء کا استعمال کر کے کسی کو بھی نقصان سے دوچار کیا جا سکتا ہے لیکن جہاں جہاں ایسے عاملین پیدا ہوتے وہاں ایسے نوری کلام کے بھی ایسے عامل ہوتے ہیں جو اللہ تعالیٰ کی کلام سے اس جادو کو توڑ کر اس کا اثر ختم کر سکتے ہیں لیکن دیکھنے میں اب تک یہی آیا ہے کہ کئی جاہل عامل اس بات کو فخریہ طور پر بتاتے ہیں کہ نوری کلام جادو کو توڑ نہیں سکتی اس کا توڑ کالے جادو سے کیا جائیگا حقیقت میں ایسا کچھ بھی نہیں ہے۔ ازل سے قرآن مجید نورانی، روحانی، اور لافانی کلام ہے جس میں ہر قسم کے دینی و دنیاوی طور پر حاصل ہونے والے مقاصد درج ہیں لیکن یہی پاک کلام اگر کسی کا ورد بن جائے اور ورد بننے سے لیکر کوئی اس کا عامل بن جائے تو جادو جیسی قباحت کو اپنی ایک نظر سے جلا کر راکھ بنا دیتا ہے اور اگر کوئی عامل نہ بھی ہو تو یہ پاک کلام اپنا اثر دکھا دیتی ہے۔ جیسا کہ

ہمارے معاشرے میں اب جتنے بھی نئے گھر بنتے ہیں یا دکانیں بنتی ہیں ان سب کے فرش پکے بنے ہوتے ہیں یعنی اگر اس میں کچھ دفن کرنا ہو تو اس کو توڑا جائیگا پھر اس میں جادو کی کوئی شے دبائی جائیگی لیکن ایسے عاملین اپنی کلام کے زور پر جو بھی تکلیف دہ، اور رزق بندی والا عمل کرتے ہیں اس عمل کو بذریعہ ہوائی چیزیں یا اپنی کلام کے تحت زیر کی ہوئی ہوائی چیزوں کو حکم دیتے ہیں کہ اس کو دشمن یا جسے تکلیف میں مبتلا کرنا ہے اس کی دکان یا مکان کی چوکھٹ کے نیچے دبائے اس عامل کا کہنا مانتے ہوئے ہوائی چیز ایسا ہی کرتی ہیں اور پھر جس کیلئے ایسا عمل تیار کیا ہوتا ہے یا جن افراد پر ایسا کرنا ہوتا ہے وہ اوپر سے گذرتے ہیں اور تکلیف اور دیگر اذیتوں میں مبتلا ہوتے ہیں۔ ایسے ہی کئی تکلیف دہ اعمال کو عامل تیار کرتا ہے اور اپنی ماتحت چیزوں کے بل بوتے پر دشمن یا کسی بھی متعلقہ فرد کے گھر میں اس کو دبواتے ہیں جس سے متعلقہ کام میں کامیابی ہوتی ہے اور جس پر عمل کیا جاتا ہے وہ دن بدن نئی نئی تکالیف میں مبتلا ہوتا ہی جاتا ہے۔ ان اعمال کا اگر کوئی عامل ڈٹ کر مقابلہ نہ کرے تو یہ علامات برقرار رہنے کے ساتھ تکلیف کرتی رہتی ہیں۔ ایسے عامل کی کلام کو کاٹنے کیلئے دوسرے کا عامل ہونا بہت ضروری ہے جبکہ کامل کی ایک نظر ہی ان کو جلانے اور خاک کرنے کیلئے کافی ہے۔ لیکن اس دور میں جو کوئی بھی پیر کامل کے درجے پر فائز ہوگا وہ آبادی سے کہیں دور پایا جائیگا اور اگر کوئی فرد آبادی سے باہر جس کسی کو کالے چولے میں ملبوس دیکھے تو یہ نہ سمجھ بیٹھے کہ یہی پیر کامل ہے بلکہ پیر کامل کی بہت سی واضح نشانیاں ہوتی ہیں جو وہ بات کئے بغیر دوسرے کو محسوس کروا دیتا ہے اور دوسرے کے دل میں اس پیر کامل کی عزت بڑھنے کے ساتھ اس کی اہمیت کا بھی اندازہ خود بخود ہو جاتا ہے، کیونکہ اسی بات کی طرح شاہ فرید کا ایک شعر ہے (کالے تیرے کپڑے نے کالا تیرا بھیس۔ گناہ ہی بھریا توں پھریں تے لوک

کہن درویش) آج کل اکثریت اسی شعر کے موافق جعلی پیر کی ہے اور عام آدمی شعور و تمیز نہ رکھتے ہوئے ان پر آسانی سے اعتبار اور بھروسہ کر بیٹھتا ہے اور جب اسے ہوش آتی ہے تو سب کچھ تباہ ہو چکا ہوا ہوتا ہے۔ اس طرح کے کئی جعلی پیروں کی داستانیں روز اخباروں میں پڑھنے میں آتی ہیں اور لوگ جو صحیح افراد ہیں ان پر بھی اعتبار نہیں کرتے کیونکہ (دودھ کا جلا چھاج کو بھی پھونک پھونک کر پیتا ہے) جیسے جادو ہاتھوں کی مدد سے تیار کر کے کسی کو نقصان پہنچایا جاتا ہے ایسے ہی نوری کلام کا عامل ہاتھوں کی مدد سے اس کا توڑ کر سکتا ہے اگر وہ واقعی کسی کلام کا ماہر ہو۔ اور اگر کوئی نورانی کلام کا عامل نہ ہو تو کسی بھی جادو ٹونہ کا ہمیشہ کیلئے توڑ نہیں ہوگا بلکہ کبھی ٹھیک اور کبھی بالکل پہلے جیسا حال ہی رہیگا اس لئے تمام افراد اس بات کو ضرور یاد رکھیں کہ عامل کوئی بھی کام کرتا ہے تو اس کے اثرات فوری طور سے اپنا اثر دکھاتے ہیں۔ اور اگر کوئی جھوٹا عامل بن بیٹھا ہو اور اس سے کوئی بھی مرض دور نہ ہو رہا ہو تو اس سے کنارہ کشی اختیار کرنے میں ہی عقلمندی ہے ورنہ وہ وہ جیسے جیسے جادو توڑنے کے طریقہ کار اپناتا رہیگا ویسے ویسے مریض کا نقصان اور تکلیف بڑھتی رہیگی۔ اس بات سے سب کچھ سچ ثابت ہو جاتا ہے کہ وہ کسی بھی روحانی نورانی کلام کو نہ تو جانتا ہے اور نہ ہی اس کی اتنی ریاضت ہے جس سے وہ جادو کو توڑ سکے بس جیسے جیسے کتاب میں طریقے لکھے ہوتے ہیں وہ ویسے ویسے ان کو آزماتا رہتا ہے اور لوگوں سے جھوٹ سچ کہہ کر اپنے گھر کا خرچہ چلاتا رہتا ہے اور جس کسی کتاب کا نسخہ صحیح بیٹھتا ہے تو اس کی افادیت میں اور زیادہ لالچ اس کے دل میں ابھر آتا ہے اور خود پر یہی گمان رکھتا ہے کہ مجھ سے بڑا نہ تو کوئی عامل ہے اور نہ کوئی کامل ایسے افراد کو زیادہ سرکشی کرنے پر اللہ کی مخلوق ہی اکساتی ہے اور اپنی باتوں سے دوسروں کے دلوں میں بغیر سوچے سمجھے ان کی کرامت کو پھیلاتی ہے۔

ہر کلام کا توڑ قرآن میں ہے

اگر کوئی فرد کسی اسم الٰہی یا قرآن مجید کی سورہ یا کسی بھی آیت کا صحیح اور بھرپور قسم کا عامل ہو تو وہ ایک سیکنڈ کے اندر کالے علم کی کاٹ کر سکتا ہے جبکہ اب موجودہ دور میں کوئی کسی شے کا عامل نہیں ہے اب صرف لکھے گئے طریقہ کار کو آزمایا جاتا ہے اس لئے صحیح علاج نہیں ہوتا اور یہ بات کہہ کر موضوع کو بند کر دیا جاتا ہے کہ اس کا توڑ کوئی کالے جادو کا ماہر کر سکتا ہے جب کہ قرآن میں اللہ تبارک وتعالیٰ (و ننزل من القرآن ما هو شفاء و رحمة للمومنين) خود فرما رہا ہے۔ اس کے علاوہ اور کئی آیات ہیں جن سے جادو کو توڑا جا سکتا ہے، بند کاروبار کو پھر سے جاری کیا جا سکتا ہے، جس کی اولاد باندھ دی جاتی ہے، جن کی نکاح بندی کی ہوتی ہے ان کی شادی ہو سکتی ہے، اجڑے ہوئے گھر دوبارہ سے بس جاتے ہیں، اور اسی پاک کلام کو پڑھنے سے کئی ایسے فوائد حاصل ہوتے ہیں جن کا احاطہ کرنا مشکل بلکہ ناممکن ہے لیکن بات اصول طریقے اور سچی لگن کی ہے تاکہ اس کلام کو پڑھنے کی بجائے سمجھا جائے اور اس کے ذریعے سے حاصل ہونے والے فوائد کو حاصل کیا جا سکے اس میں کچھ تھوڑی بہت محنت درکار ہوتی ہے لیکن مقصد ضرور حل ہو جاتا ہے اب آپ خود دیکھ لیجئے کہ اس کلام کے کتنے فوائد ہیں۔ فائدہ (۱) جو کوئی اس کلام کو پڑھے گا اس کو ایک حرف کے بدلے دس نیکیاں ملیں گی۔ فائدہ (۲) اللہ کی رحمت غالب آئیگی فائدہ (۳) کام بھی اپنا ہی ہوگا فائدہ (۴) اللہ کی مخلوق محبت و پیار کی نظر سے دیکھے گی فائدہ (۵) اللہ تعالیٰ گناہوں کی بخشش فرمائیگا۔ فائدہ (۶) اللہ تعالیٰ عرش پر اس کا ذکر کریگا جو دنیا میں اس کا ذکر کریگا۔ فائدہ (۷) رحمتوں کا بے تحاشہ حصول اب اس سے آگے لکھنا ہی کیا ہے۔

(و ننزل من القرآن ما هو شفاء و رحمة للمومنين)

میں اس بات کا دعویٰ کرتا ہوں کہ جو کوئی بھی فرد صرف اسی آیت کو ہی سوا لاکھ مرتبہ پڑھ کر جس کسی کو بھی دم کریگا تو وہ اللہ کے حکم سے بالکل ٹھیک ہوگا۔ بڑے سے بڑا جادو اور کوئی بھی کلام اس کے آگے کوئی معنی نہیں رکھتی لیکن محنت کرتا کوئی نہیں اور خوامخواہ کلام یا عمل کو بیکار کہہ کر اس سلسلے کو بند کر دیتے ہیں ایسا نہیں کرنا چاہئے بلکہ ہر بات کی مکمل تحقیق کرنے کے بعد کوئی حتمی فیصلہ کرنا چاہئے تاکہ بات اور عمل دونوں میں وزن پیدا ہو جائے اس کے علاوہ قرآن مجید میں کئی اور ایسی سورتیں اور آیتیں ہیں جن کو پڑھنے سے جادو اپنا اثر نہیں دکھاتا اور اس کے سامنے ہیچ ہو کر باطل ہو جانا اس کا فرض بن جاتا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے مقام علوی و مقام سفلی دونوں میں سے مقام علوی کو مقام سفلی کا سردار بنایا ہے اس لئے محنت کرنے کے عوض جو کچھ بھی حاصل ہوگا اس کے فوائد بے شمار ہونگے اور ثواب و نیکیاں ملنے کے ساتھ کام بھی اپنا ہی ہوگا اس لئے کلام اللہ کو ہر کلام پر برتری دینی چاہئے اور اس کا زیادہ سے زیادہ ورد کرنا چاہئے ایسا بالکل نہیں کہنا چاہئے کہ جادو کا توڑ جادو ہی ہوگا بلکہ جادو اور ہر قسم کی عزیمت، و جنتر منتر کا توڑ قرآن مجید کے اندر ہے جس کا آگے تفصیل وار ذکر ہوگا۔ اسی طرح قرآن مجید میں سات سلام ہیں۔ اگر کوئی روزانہ اس سات سلاموں کو ہر فرض نماز کے بعد ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پئے اور ان کو سوا لاکھ کی تعداد میں پڑھ لے تو وہ اس کا عامل بن جائیگا پھر جس کسی کو بھی دم کیا جائے یا کسی پاک کاغذ پر زعفران سے لکھ کر پلایا جائے تو اللہ کے حکم سے شفا مل جائیگی اور جادو ٹونہ کا مکمل توڑ ہوگا۔ اس عمل کو کرنے کیلئے اگر پرہیز جلالی و جمالی کر لی جائے تو سونے پر سہاگے والی مثال بن جائیگی۔ یعنی ان ساتوں سلاموں کو ایک ایک مرتبہ پڑھ کر تسبیح کے ایک دانے پر شمار کیا جائے۔ اس

حساب سے جو کوئی بھی سوالاکھ مرتبہ ان سلاموں کو پڑھ لیگا وہ ان کا عامل بن جائیگا اور اس کے عوض میں حاصل ہونے والی طاقت اس کے قابو میں آجائیگی پھر اگر کوئی جادو میں مبتلا ہو تو اس کو یہ تمام سلام زعفران سے لکھ کر دے جائیں ایک کو گلے میں باندھا جائے اور دوسرے کو گلاب کے عرق یا پانی میں ڈال کر پلایا جائے اللہ کے حکم سے شفاء ہر حال میں ہوگی۔ انہی سات سلاموں کی بدولت بڑے سے بڑے جادو کا خاتمہ کیا جا سکتا ہے جو آگے درج ہوگا۔ ہر سلام کی تکسیر کرنے کے بعد اس کے اثرات سو گناہ زیادہ ہو کر اس فرد کو ضرور شفاء پہنچاتے ہیں جو جادو جیسی قباحت میں مبتلا ہو اس لئے میرا دعویٰ ہے کہ جو کوئی بھی فرد اس کو نقوش کے بغیر پڑھے تو بھی جادو باطل ہوگا اور اگر اس کو آگے لکھے گئے طریقہ کار کے مطابق استعمال کرے تو جادو اس کے سامنے ایک پل بھی ٹھہر نہیں سکتا (استعمال) سات چینی کی نئی طشتریاں لاکر ان کو پاک وصاف سفید کپڑے سے صاف کیا جائے اور پانی نہ لگایا جائے اور انہیں سات دنوں کی تعداد کے مطابق ہفتہ کے دن سے شروع کرے اور روزانہ صبح نہار منہ ان کو گلاب کے عرق سے دھو کر پیے اور ہر فرض نماز کے بعد ان سلاموں کو سو سو مرتبہ پڑھے اللہ کے حکم سے ہر قسم کے میعادی جادو سے لے کر چھوٹے چھوٹے تمام بد اعمال کا خاتمہ ہوگا اس عمل کو اکیس دنوں سے لیکر اکتالیس دنوں تک کیا جا سکتا ہے۔ یہ اپنی نوعیت کا بہت ہی منفرد قسم کا عمل ہے جس کے آگے بڑے سے بڑا جادو ہیچ ہے۔ اس کا کئی مرتبہ تجربہ کیا جا چکا ہے اور اب بھی جاری ہے۔ اس لئے اس عمل کو دکھی ان افراد کی خاطر درج کیا گیا ہے جو ہزاروں روپے خرچ کر کے بھی جادو میں مبتلا ہیں اور شفاء جیسی نعمت سے محروم ہیں۔ اب کوئی فرد بھی اس عمل کو خود آزما کر دیکھ لے اللہ کے حکم سے ضرور بر ضرور شفاء اس کا مقدر ہوگی۔ انشاء اللہ

پہلا سلام۔ (ہفتہ) سلام علی نوح فی العلمین۔
دوسرا سلام۔ (اتوار) سلام علی موسیٰ و هارون۔
تیسرا سلام۔ (پیر) سلام علی آل یسین۔
چوتھا سلام۔ (منگل) سلام قول من رب الرحیم۔
پانچواں سلام۔ (بدھ) سلام علی من اتبع الهدی۔
چھٹا سلام۔ (جمعرات) سلام علیکم طبتم فادخلوها خلدین۔
ساتواں سلام۔ (جمعہ) سلام هی حتیٰ مطلع الفجر۔

(ہفتہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سلام	علی	نوح	فی العلمین
فی العلمین	سلام	نوح	علی
علی	فی العلمین	نوح	سلام
سلام	علی	نوح	فی العلمین

و ننزل من القرآن ما هو شفاء و رحمة للمومنین

(اتوار)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سلام	علی	موسی	و هارون
وهارون	سلام	موسی	علی
علی	وهارون	موسی	سلام
سلام	علی	موسی	وهارون

و ننزل من القرآن ما هو شفاء و رحمة للمومنین

(پیر)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سلام	علی	آل	یٰسین
یٰسین	سلام	آل	علی
علی	یٰسین	آل	سلام
سلام	علی	آل	یٰسین

و ننزل من القرآن ما ھو شفاء و رحمة للمومنین

(منگل)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سلام	قولاً	من رب	رحیم
رحیم	سلام	من رب	قولاً
قولاً	سلام	من رب	سلام
سلام	قولاً	من رب	رحیم

و ننزل من القرآن ما ھو شفاء و رحمة للمومنین

(بدھ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سلام	علی	من اتبع	الھدی
الھدی	سلام	من اتبع	علی
علی	الھدی	من اتبع	سلام
سلام	علی	من اتبع	الھدی

و ننزل من القرآن ما ھو شفاء و رحمة للمومنین

(جمعرات)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سلام علیکم	طبتم	فادخلوھا	خلدین
خلدین	سلام علیکم	فادخلوھا	طبتم
طبتم	خلدین	فادخلوھا	سلام علیکم
سلام علیکم	طبتم	فادخلوھا	خلدین

و ننزل من القرآن ما ھو شفاء و رحمة للمومنین

(جمعہ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سلام	ھی حتی	مطلع	الفجر
الفجر	سلام	مطلع	ھی حتی
ھی حتی	الفجر	مطلع	سلام
سلام	ھی حتی	مطلع	الفجر

و ننزل من القرآن ما ھو شفاء و رحمة للمومنین

اس عمل کے دیگر فوائد

اس عمل مبارک کے اور بھی بہت سے فوائد ہیں اور اس کو کسی بھی نوعیت کے جادو کو باطل کرنے کیلئے استعمال کیا جا سکتا ہے مثلاً اگر کوئی بچہ دن بدن کمزور ہو رہا ہو یا اس کو ام الصبیان کا عارضہ ہو یا اس کے کمزور ہونے کی کوئی صحیح وجہ سامنے نہ آ رہی ہو تو اس عمل کو بتائے گئے طریقہ کار کے مطابق استعمال کرے اللہ کے حکم سے بچہ صحتمند و تندرست ہوگا۔ اگر دو میاں بیوی کی آپس میں کوئی تیسرا پھوٹ ڈلواتا ہو تو اس عمل کو دونوں یا ایک ہی فرد استعمال کرے اللہ کے حکم سے دونوں کا آپس میں اتفاق ہوگا۔ اسی طرح جادو کی جکڑ بندی میں جو

کوئی بھی قید ہو گیا ہو وہ اس عمل کو ضرور ایک مرتبہ آزمائے اللہ کے فضل سے شفاء ضرور بر ضرور ملیگی۔ یہ ان سات سلاموں کی علم جفر کے قاعدے و اصول سے تکسیر کی گئی ہے جو اثر و طاقت کے لحاظ سے بالکل پر اثر ہے اور جادو میں مبتلا مریض کیلئے ایک کرنٹ سے کم نہیں اس عمل کی بدولت بہت سے دنیاوی کاموں میں کامیابی حاصل کی جا سکتی ہے اور اس کے ذریعے سے بڑے سے بڑے جادو کا خاتمہ کیا جا سکتا ہے اگر کسی کو ان سات سلاموں کا عامل بننا ہو تو وہ روزانہ ان سات سلاموں کے نقوش کو بہتر بہتر مرتبہ لکھے (یعنی ایک نقش کو بہتر مرتبہ لکھے) اور انہیں آٹے میں بند کر کے گولیاں بنا کر دریا میں مچھلیوں کو ڈالے اور ان سات سلاموں کو نو چندی جمعرات سے پڑھنا شروع کرے اور سوا لاکھ کی تعداد میں ان سات سلاموں کو پڑھ لے پرہیز جلالی و جمالی کا مکمل طور سے خیال رکھے اللہ کے فضل و کرم سے اس نادر و نایاب عمل کا عامل بن جائیگا پھر جس کسی کو بھی ان سات سلاموں کو لکھ کر دے گا یا لکھے گئے طریقہ کار کے مطابق استعمال کریگا تو اثر فوری طور سے واقع ہوتے ہوئے اس مریض کی جادو کی قباحت سے جان چھڑوا دیگا انشاء اللہ اگر کسی کی دکان داری بند ہو گئی ہو یا گھر جادو کی بہت سخت لپیٹ میں آیا ہو تو ان سات سلاموں کو ایک بڑے سے سفید کاغذ پر سفید مرغ کے خون سے لکھے اور فریم کروا کر گھر یا دکان کی چوکھٹ پر لگائے جادو و بندش دونوں کا بروقت خاتمہ سو فیصدی ہو گا۔ اگر کوئی بھی عامل بنے بغیر ان کو لکھے گئے طریقہ کار سے استعمال کریگا تو بھی سو فیصدی اثر ضرور ہو گا۔

ایک نقش ہزار کام

اس نقش کے اتنے بے بہا فوائد ہیں جن کا احاطہ کرنا مشکل نہیں ناممکن ہے اثر و طاقت کے لحاظ سے یہ اتنا پر اثر ہے کہ جس مقصد کیلئے بھی قواعد پر عمل کر کے حل کیا جائے تو کام فوراً اور جلد ہوتا ہے یہاں اس کو خصوصاً جادو کے توڑ اور اس کے دفعیہ کیلئے درج کیا جا رہا ہے اس نقش کا جو کوئی بھی عامل بن جائیگا وہ اس سے کئی کام لے سکے گا اور جادو کے توڑ کیلئے جس کسی کو بھی ایک مرتبہ زعفران سے لکھ کر گلے میں باندھنے اور جس کسی کو زعفران سے لکھ کر پانی میں گھول کر پلائے گا اللہ کے حکم سے جادو کا اثر اسی وقت دور ہو گا اور مریض کو صحت ہو گی۔ اس کے علاوہ کسی بھی قسم کی رکاوٹ یا بندش کے خاتمے کیلئے اس نقش کو زعفران سے لکھ کر استعمال کیا جائے مثلاً اگر کسی کے کاروبار میں کوئی رکاوٹ آ گئی ہو تو اس نقش کو دو مرتبہ زعفران سے لکھا جائے ایک کو دکان میں ایسی جگہ لگایا جائے جہاں تمام گاہکوں کی نظر پڑے اور ایک کو روپے رکھنے والی جگہ پر رکھ دیا جائے اللہ کے حکم سے جو بھی رکاوٹ ہو گی اس کا خاتمہ ہو گا۔ اس نقش کو جو کوئی بھی اپنی دوکان پر کالی روشنائی سے بڑے سے سفید کاغذ پر لکھ کر ایسی جگہ لگائے گا جہاں تمام گاہکوں کی نظر پڑے تو اس کو غیب سے رزق فراہم ہو گا۔ اگر کسی کی شادی نہ ہو رہی ہو اور اس کی نکاح بندی کر دی گئی ہو تو اس نقش کو دو عدد زعفران سے لکھا جائے ایک کو مریض کے گلے میں پہنایا جائے اور دوسرے کو گلاب کے عرق کی بوتل میں ڈال کر اس میں سے حسب مقدار پیا کرے اللہ کے فضل سے اس کی شادی ہو گی۔ اگر کوئی اس نقش کو اپنے گھر کے عین وسط میں فریم کروا کر لگائے تو اس گھر میں کسی بھی قسم کے جادو کا اثر باقی نہیں رہیگا اور نہ ہی کوئی غیر انسانی مخلوق اس گھر میں داخل ہو سکے گی۔

اللہ نور السموات	والارض مثل	نورہ کمشکوۃ	فیھا مصباح	لمصباح فی	زجاجۃ کانھا	کوکب دری	یوقد من شجرۃ	مبارکۃ زیتونۃ
والارض مثل	نورہ کمشکوۃ	فیھا مصباح	المصباح فی	زجاجۃ کانھا	کوکب دری	یوقد من شجرۃ	مبارکۃ زیتونۃ	لاشرقیۃ ولاغربیۃ
نورہ کمشکوۃ	فیھا مصباح	المصباح فی	زجاجۃ کانھا	کوکب دری	یوقد من شجرۃ	مبارکۃ زیتونۃ	لاشرقیۃ ولاغربیۃ	یکاد زیتھا
فیھا مصباح	المصباح فی	زجاجۃ کانھا	کوکب دری	یوقد من شجرۃ	مبارکۃ زیتونۃ	لاشرقیۃ ولاغربیۃ	یکاد زیتھا	یضی ولا لم تمسہ
المصباح فی	زجاجۃ کانھا	کوکب دری	یوقد من شجرۃ	مبارکۃ زیتونۃ	لاشرقیۃ ولا غربیۃ	یکاد زیتھا	یضی ولالم تمسہ	نارنور علی نور
زجاجۃ کانھا	کوکب دری	یوقد من شجرۃ	مبارکۃ زیتونۃ	لاشرقیۃ ولاغربیۃ	یکاد زیتھا	یضی ولالم تمسہ	نارنور علی نور	یھدی اللہ لنورہ
کوکب دری	یوقد من شجرۃ	مبارکۃ زیتونۃ	لاشرقیۃ ولاغربیۃ	یکاد زیتھا	یضی ولا لم تمسہ	نارنور علی نور	یھدی اللہ لنورہ	من یشاء
یوقد من شجرۃ	مبارکۃ زیتونۃ	لاشرقیۃ ولاغربیۃ	یکاد زیتھا	یضی ولا لم تمسہ	نارنور علی نور	یھدی اللہ لنورہ	من یشاء	ویغرب اللہ
مبارکۃ زیتونۃ	لاشرقیۃ ولاغربیۃ	یکاد زیتھا	یضی ولا لم تمسہ	نارنور علی نور	یھدی اللہ لنورہ	من یشاء	ویغرب اللہ	الامثال للناس

جادو کے عوض پہنچنے والے اثرات اور توڑ

یہاں کچھ ایسے طریقہ کار لکھے گئے ہیں جن کی بنیاد پر جادو کیا جاتا ہے اور اس کے نتیجے میں جو کچھ بھی برآمد ہوتا ہے وہ مریض محسوس کرتا ہے عوام الناس کی سہولت کیلئے اس کے آگے ہی اس کا توڑ بھی تحریر کیا گیا ہے تا کہ کوئی فرد بھی اپنی جسمانی و روحانی تکلیف کو دیکھتے ہوئے اسی طریقہ کو اپنائے اور جادو کا توڑ ہونے کے ساتھ ساتھ مریض شفاء پائے لیکن اس کے ساتھ جس بات کو بہت ضروری سمجھا گیا ہے اس کا تعلق کامل پرہیزگاری اور منجانب اللہ تعالٰی سے ہے یعنی اگر کوئی فرد اپنے ساتھ اس بتائی ہوئی کیفیت کو محسوس کرے تو وہ باوضو حالت میں اس کے طریقہ کار کو کرے اور اس کو کرنے کیلئے چاند چڑھنے پر جو پہلے پندرہ دن ہوں اس کے اندر اندر اس عمل کو کرے ان دنوں میں جو بھی نیک کام کئے جاتے ہیں وہ فوری طور پر پورے ہوتے ہیں اور اپنا اثر ضرور دکھاتے ہیں اس لئے اگر کوئی اس علاج کیلئے اس دن روزہ رکھ لے یا مقررہ دنوں تک روزے رکھ کر اس کا علاج کرے تو اللہ کے حکم سے ضرور بر ضرور کامیابی ہوگی اور جادو کا توڑ یقیناً ہوگا کامل پرہیزگاری عمل میں شرط اول ہے اور زیادہ سے زیادہ اللہ کی طرف مائل رہے تا کہ اللہ تعالٰی اس فرد کو مصیبت و مشکل سے نکالے اور اسے جسمانی تکالیف سے نکالے جو طریقہ کار بھی یہاں درج کئے گئے ہیں وہ سب سینہ بہ سینہ اعمال ہیں اور مجرب ہیں اور میں انہیں طریقہ کار کی بدولت کئی افراد کا علاج کر چکا ہوں اور کر رہا ہوں اس لئے جو شرط متعلقہ اعمال کی بتائی ہیں ان پر سختی سے عمل کیا جائے تا کہ جادو کا توڑ ہو اور تکلیف سے جان چھوٹے اللہ تعالٰی دلوں کے بھید اور نیتوں کو خوب جانتا ہے اور اس کی مرضی کے بغیر ایک پتہ بھی نہیں ہل سکتا لیکن اس کی کلام اس تک رسائی کا بہترین راستہ ہے اگر کوئی چلے۔ عامل بننے کا آسان طریقہ اگر کوئی کسی اسم الٰہی

،آیت ،یا کسی قرآن مجید کا عامل بنا چاہے جس سے اس کو کسی بھی مشکل یا ناکامی کا سامنا نہ ہو تو وہ کتاب کے سب سے آخر میں کچھ اسماء الہیٰ ،آیات ،اور سورہ شریف کو دیکھے اور کامل پرہیز جلالی و جمالی کے ساتھ ان کو اکیس دن یا اکتالیس دن تک سوالاکھ کی تعداد میں پڑھ لے اور دوران عمل ان تمام شرائط کا پابند ہو جو میری ایک کتاب (شرائط چلہ) میں ہے۔اس کتاب میں ان تمام نشانیوں کو واضح طور سے بیان کیا گیا ہے جس کی ایک عامل کو اس دنیا میں سختی سے ضرورت ہے اور ان شرائط پر عمل نہ کرنے کا انجام خود دیکھ لیا اور بھگت لیا جاتا ہے ۔اس لئے کتاب کے سب سے آخر میں میں صرف اس کلام کو بتاؤں گا جن کا چلہ کر کے بڑے سے بڑے جادو کا خاتمہ کیا جا سکتا ہے اور اصول و طریقہ کار کو سیکھنے کیلئے میری اوپر درج کتاب کا مطالعہ کرنا نہایت ہی ضروری ہے۔اب جو کوئی بھی ان شرائط کا پابند ہو کر کوئی چلہ کشی کریگا وہ سو فیصدی کامیاب ہوگا اور اگر وہ میرے بتائے طریقہ کار کے مطابق چلہ کرتا ہوا کسی بھی نقصان کا موجب بنا تو اس کا ذمہ دار میں ہونگا۔اس دور میں کس قسم کا عامل بنا جا سکتا ہے اور اس کے بدلے میں کتنی طاقت آتی ہے جس سے جادو ٹوٹ جاتا ہے وہ سب کچھ درج ہے اب محنت اور لگن اس شخص کی ہوگی جو ان عملیات کو سیکھنے کا شوق رکھتا ہوگا۔شعبہ روحانیت میں نیک نیتی شرط اول ہوتی ہے اس لئے بعض افراد ایسے بھی دیکھے گئے ہیں جو کام تو روحانیت آمیز کرتے ہیں لیکن ان کی توجہ کسی اور طرف ہی ہوتی ہے اس لئے عمل کرنے کی جگہ پاک صاف اور بدن کے کپڑے بھی پاک رکھنے چاہئیں اور خواتین سے بات کرتے ہوئے اپنی نظروں کو نیچا رکھا جائے اور دل کی طرف توجہ دینی چاہئے کہ کہیں شیطان کسی بھی بات کو غلط معنوں میں پیش کر کے کہیں کا کہیں نہ پہنچا دے۔تمام قسم کی ہدایات پر جو کوئی بھی عمل کریگا وہ سو فیصدی کامیاب ہوگا اور اس کے ہاتھوں سے ہونے والے کام بہت جلد انجام پائیں گے۔

جسم میں سوئیاں اور چیونٹیاں چلنا

اکثر افراد پر اس قسم کا جادو کیا جاتا ہے جس سے ان کے جسم میں سوئیاں اور چیونٹیاں سی چلتی ہوئی محسوس ہوتی ہیں اس کیفیت میں مبتلا کرنے کیلئے اسی فرد کے ایسے تعلق دار افراد یا فرد عامل سے ایسا کچھ کرواتے ہیں جس سے عامل روپوں کے عوض اس شخص کو اس تکلیف سے دو چار کر سکتے ہیں مثلاً ایک عدد مٹی یا روئی کا پتلا اور اس کے جسم میں اپنی کلام کو پڑھ کر سوئیوں کو لگانا اور اسے دشمن یا جس پر عمل کیا ہے اس کے گھر یا باہر کسی جگہ اس کو دفن کرنا اور اس پر اپنی کلام پر تسخیر کی ہوئی ہوائی شے کو معمور کر دینا بس اسی دن سے جس فرد پر اس قسم کا جادو کیا جاتا ہے اسے دنیاوی کسی بھی دوائی سے آرام نہیں ملتا اور وہ بیچارہ اپنی اس تکلیف میں تب تک مبتلا رہیگا جب تک کہ کوئی اچھا سا عامل یا اللہ کا نیک بندہ نہیں مل جاتا اگر ایسے افراد کا توڑ کسی کتاب میں سے لکھے گئے طریقہ کار کے مطابق کریگا تو فائدہ کم اور نقصان زیادہ ہوگا اس لئے اگر کوئی فرد اس کیفیت میں مبتلا ہو جائے اور اسے کسی بھی عامل یا کسی بھی عمل سے فائدہ نہ مل رہا ہو تو وہ یہاں بتائے گئے طریقہ کار کے مطابق خود اپنا علاج کرے اللہ کے فضل سے چند دنوں کے اندر روحانی قوت کی بدولت کامیاب ہوگا اور اگر اس جادو کا صحیح توڑ نہ کیا جائے تو اس قسم کا جادو اپنے دنوں کی مدت پوری کر جاتا ہے اور زیر اثر فرد کا علاج بھی بند ہو جاتا ہے جس سے کسی بھی قسم کی کوئی کلام اپنا اثر نہیں کرتی اس لئے اس قسم کے جادو کے مکمل توڑ کیلئے آگے لکھے گئے طریقہ کار کو استعمال کرے اور پانچ وقت کی نماز ضرور ادا کرے اور اگر ہو سکے تو خود روزہ رکھے اور اس عمل کو کرلے اللہ کے حکم سے اللہ ضرور اپنی کلام کے ذریعے شفاء دیگا اور مریض کو صحت ہوگی ۔اگر ہو سکے تو دوران عمل کسی کو اس عمل

کا ذکر نہ کیا جائے کیونکہ کسی کے منہ پر کچھ بھی نہیں لکھا ہوتا کہ کوئی فرد کسی کے متعلق کیا سوچتا ہے اس لئے ہر طرف سے محتاط رہنے کیلئے کسی سے بھی اس علاج کا ذکر نہ کیا جائے ورنہ فائدے کی بجائے الٹا نقصان ہو جائیگا اسی قسم کے جادو سے جسم میں وزن بھی محسوس ہوتا ہے اور سر چکراتا رہتا ہے اللہ کے فضل سے اس کا جو بھی توڑ ہے وہ آگے درج کیا گیا ہے جس سے سو فیصدی کامیاب علاج ہو جائیگا۔ اگر اس عمل کا عامل بننا ہو جس سے فوری طور پر اثر رونما ہو تو روزانہ چار عدد سوئیاں اپنے پاس رکھے اور بعد نماز عشاء مصلے پر بیٹھ کر ایک سوئی پر سورہ اخلاص شریف ایک ہزار مرتبہ پڑھے اور اسے کسی سفید کاغذ پر لگائے۔ پھر اسی طرح سورہ الناس کو ایک ہزار مرتبہ سوئی پر دم کر کے کاغذ پر لگائے پھر تیسری سوئی پر ایک ہزار مرتبہ سورہ الکافرون پڑھ کر لگائے اور چوتھی سوئی پر ایک ہزار کی تعداد میں سورہ الفلق دم کر کے لگائے رات سے لیکر دن چڑھنے تک کوئی قید نہیں ہے چاہے دوپہر ہو جائے لیکن اس عمل کا آغاز رات کو ہی کرنا ہوگا اکیس دنوں کے اندر اس عمل کا عامل بن جائیگا اور پھر بوقت ضرورت کسی آسیب یا جن گرفتہ کے پہنے ہوئے کپڑے پر ایک سوئی بھی لگائے گا تو جن و آسیب بھاگ جائیگا اگر نہیں بھاگے گا تو ہم کلام ضرور ہوگا جس سے وہ خود اپنے منہ سے بتائے گا کہ مریض نے ایسی کون سی کوتاہی کی ہے جس کے بدلے میں وہ اس کو تکلیف دیتا ہیا ور اس کی جان نہیں چھوڑتا جب ہم کلامی ہو جائے تو اس سے اس کے جانے کی قسم لے ورنہ اگر قسم نہ لی گئی تو وہ دوبارہ پھر آ جائیگا اور کوئی بھی علاج اثر نہیں کریگا اس لئے اس عمل کو بار بار کر کے اس پر مکمل عبور پانا چاہئے جس سے کسی بھی مریض کو دنوں کے اندر ٹھیک کرنے کا ہنر آ جائے۔

سفید کاغذ سے گزرتی ہوئی سوئی اس طرح ہوگی۔

علاج اکسیر اور مجرب توڑ

اگر کوئی فرد پیچھے لکھے گئے جادو میں مبتلا ہو تو اس عمل کا آغاز تو چندی جمعرات سے کرے اور بدھ والے دن مصلے پر پاک و باوضو حالت میں بیٹھے اور بعد نماز عشاء چار عدد سوئیاں اپنے پاس رکھے اس عمل کو بدھ کے دن سے شروع کرنا ہوگا کیونکہ اگلا دن جمعرات کا آئیگا دریا سے کچھ مقدار میں پانی لایا جائے اور اسے مٹی کے پیالے میں ڈالے اور اس کے اندر قدرے گلاب کا عرق بھی ملائے پھر پہلی سوئی پر ایک سو مرتبہ اپنی آنکھیں بند کر کے اللہ کے نور کا تصور باندھ کر سورہ اخلاص پڑھے اور اسے مٹی کے پیالے میں ڈال دے تا کہ وہ پانی و عرق میں چلا جائے اس کو پھینکتے ہوئے اس بات کا تصور رکھے کہ جیسے میں نے پانی میں اس تکلیف دینے والی شے کو پھینک دیا ہے بالکل اسی طرح میرا مرض بھی ختم ہو گیا ہے پھر دوسری سوئی پر بتائے گئے تصور کے مطابق سورہ الفلق کو سو مرتبہ پڑھے اور پیالے میں پھینک دے پھر تیسری سوئی پر سورہ الکافرون سو مرتبہ پڑھے اور پیالے میں پھینک دے پھر چوتھی سوئی پر سورہ الناس سو مرتبہ پڑھ کر اسے بھی پیالے میں پھینک دے اور اس پیالے کو آگ پر رکھ کر اس کے اوپر کوئی ڈھکنا دے کر اس کا منہ بند کر دے اور آگ کی آنچ ہلکی رکھے اگلا دن جمعرات کا آئیگا۔ اس دن بعد نماز فجر کاغذ پر ایک پتلا بنائے جیسے یہاں بنا ہے اور فلاں بن فلاں کی جگہ اپنا نام اور اپنی والدہ کا نام لکھے اور ایک کورا چراغ جلا کر اس کے سامنے اس کو رکھ دے اور روزانہ اس مقام پر نماز پڑھا کرے۔ یہ عمل خاص ایک بزرگ کے سینے کا راز ہے جس کو عوام الناس میں فی سبیل اللہ درج کیا گیا ہے ورنہ آج سے پہلے کسی بھی دنیا کی کتاب میں اس عمل کو نہیں لکھا ہوگا نہ میری کتاب کے علاوہ لکھا جائیگا۔ پیچھے جو طریقہ اس کے عمل کے عامل بننے کا لکھا گیا ہے اس میں اس بات کا ایک اور اضافہ کرنا ہوگا

کہ کاغذ پر جو دم کی ہوئی سوئیوں کو لگانا ہے اس پر پہلے سے ایک پتلہ زعفران سے لکھ لیا جائے تاکہ جسم کے جس حصے پر سوئیاں لگا کر جادو یا کسی بھی مخلوق کا توڑ کرنا ہے وہاں ان سوئیوں کو لگا کر اپنے پاس رکھا جائے اور کسی مریض کا علاج کرتے وقت تازہ ہی اس عمل کو کیا جائے۔ اور ہر فرض نماز کے بعد چاروں قل شریف کو بکثرت پڑھے۔ اس عمل کی بدولت مرض سے متعلق جو کچھ پہلے بتایا گیا اس کا توڑ ہوگا اور مریض کو سو فیصدی کامیابی نصیب ہوگی۔ پتلا بنانے میں زعفران کا استعمال کرے اس عمل کو کل گیارہ دنوں کی نیت باندھ کر کیا جائے خدانخواستہ اگر کامیابی نہ ہو تو اس عمل کو سات دنوں تک زائد کیا جائے اللہ تعالٰی ضرور شفاء دیگا اس قسم کا عمل دنیا کی کسی بھی کتاب میں درج نہیں ہوگا۔

قل	اعوذ	برب	الناس	ملک	الناس	الہ الناس
اعوذ	برب	الناس	ملک	الناس	الہ الناس	من
برب	الناس	ملک	الناس	الہ الناس	من	شر
الناس	ملک	الناس	الہ الناس	من	شر	الوسواس
ملک	الناس	الہ الناس	من	شر	الوسواس	الخناس
الناس	الہ الناس	من	شر	الوسواس	الخناس	الذی
الہ الناس	من	شر	الوسواس	الخناس	الذی	یوسوس
من	شر	الوسواس	الخناس	الذی	یوسوس	فی
شر	الوسواس	الخناس	الذی	یوسوس	فی	صدور
الوسواس	الخناس	الذی	یوسوس	فی	صدور	الناس
الخناس	الذی	یوسوس	فی	صدور	الناس	من الجنۃ
الذی	یوسوس	فی	صدور	الناس	من الجنۃ	والناس

نا انجانا سا خوف و ڈر محسوس ہونا

اگر کوئی فرد اپنی زندگی میں ایک دم ہی ایسے محسوس کرنے لگ جائے کہ اس کے گرد کوئی گھومتا ہے یا اس کی نجی زندگی میں کوئی دوسرا مداخلت کر رہا ہے یا ڈر و خوف محسوس ہوتا ہے جس کی کوئی بنیاد نہیں ہوتی الٹے سیدھے خواب اور کاروبار زائل ہو رہا ہے اس کے علاوہ جسمانی تکالیف میں دن بدن اضافہ ہوتا جا رہا ہے وغیرہ وغیرہ تو اس کا علاج اس طریقے سے کرے کہ ایک عدد بالکل سفید مرغ سرخ کلغی والا ایک ہفتہ تک پالے نوچندی جمعرات آنے سے پہلے اور اس تمام ہفتے میں اس کو روزانہ سورہ فاتحہ سو مرتبہ پانی پر دم کر کے پلائے پھر نوچندی جمعرات کو بوقت صبح سورج طلوع ہوتے وقت ذبح کرے اور اس کے خون سے اس کو لکھے اور اس کے نیچے اپنا نام مع والدہ لکھے اگر نام اللہ کے نام یا حضور نبی ﷺ کریم کی مشابہت کا ہو تو اس نام کے عدد لکھے جائیں پھر انہیں روزانہ ایک ایک عدد بعد نماز عشاء کالے کپڑے میں لپیٹ کر جلائے عمل اپنا اثر دکھائے گا۔ اور ہر قسم کے اس جادو کا توڑ ہوگا جس کا اوپر ذکر کیا گیا ہے۔ اگر اس علاج سے کوئی افاقہ نہ ہو تو اسی عمل کو بالکل اسی طرح سے کرتے ہوئے کوئلے لے اور روزانہ بعد نماز عشاء کوئلے کے ایک ٹکڑے پر اس نقش کو رکھ کر اس کی دھونی اپنے پورے جسم کو دے اور نیچے درج شدہ نقش کو اس عمل کو مکمل طور پر ختم کرنے کے بعد اپنے گلے میں چاندی میں بند کروا کر پہنے اللہ شفاء دیگا۔ اگر کسی کا قبروں کی مٹی یا قبروں میں پائی جانے والی خوشبو کا احساس بھی ہوتا ہو تو وہ بھی اسی عمل کو کرے اس کیفیت کا خاتمہ ہوگا اور مکمل علاج ہوتے ہوئے آئندہ کیلئے بھی ایسی کیفیات سے محفوظ رہیگا۔

۱	۱۲۱ ع	۱۱۸ ع	۸
۱۱۹ ع	ر	۲	ع۱۲ع
۶	۱۶ ع	۱۴۳ ع	۳
-	-	-	-
۱۲۲	۰	ع	۱۱۷ ع

اس نقش کو اوپر بتائے جانے والے طریقہ کار کے مطابق استعمال کرے اللہ تعالیٰ شفاء دیگا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ونزل	من القرآن	ماھو	شفاء	ورحمة	للمومنین
للمومنین	ونزل	ورحمة	من القرآن	شفاء	ماھو
ماھو	للمومنین	شفاء	ونزل	من القرآن	ورحمة
ورحمة	ماھو	من القرآن	للمومنین	ونزل	شفاء
شفاء	ورحمة	ونزل	ماھو	للمومنین	من القرآن
من القرآن	شفاء	للمومنین	ورحمة	ماھو	ونزل
ونزل	من القرآن	ماھو	شفاء	ورحمة	للمومنین

و ننزل من القران ما ھو شفاء و رحمة للمومنین۔

جادو فن ہے معجزہ یا کرامت نہیں

جادوگر جو اعمال کرتے ہیں وہ ان جگہوں پر اس کو رکھتے ہیں جس سے ان کی پڑھی ہوئی کلام اپنا اثر دکھاتی ہے اور جس مقصد کیلئے ایسا کیا جاتا ہے وہ پورا ہو جاتا ہے پھر جس طریقہ کار سے جادو کے ذریعے نقصان پہنچایا جاتا بالکل اسی طریقہ کار سے اللہ کی کلام کی بدولت شفاء بھی مل جاتی ہے اور جس جگہ پر جو کچھ بھی دفن کیا ہوتا ہے اس کا سارا اثر باطل ہو جاتا ہے لیکن جادو کسی بھی صورت کسی بھی انسان کا فائدہ یا کسی کا بھلا نہیں کرسکتا اور نقصان کے طور پر زیادہ سے زیادہ نقصان کرسکتا ہے۔ جادو کن جگہوں پر اپنا اثر دکھاتا ہے۔ اگر ان کا بروقت علاج نہ کیا جائے تو ہلاکت بھی ہو سکتی ہے۔

(۱) عمل کی ہوئی اشیاء کو آگ کے پاس رکھنا تاکہ اسے گرمی لگے اس سے جس کیلئے ایسا عمل کیا جاتا ہے اس کا جسم آگ کی طرح ہو جاتا ہے اور جسم بوجھل سا رہتا ہے اور بعض اوقات اسی نوعیت کا جادو اپنا اثر زیادہ دکھاتے ہوئے اس انسان کا جسم بھی پھلا دیتا ہے جیسے کسی غبارے میں ہوا بھری ہو اور اس کا زیادہ اثر جسم کے جس حصے پر ہوتا ہے اس کا تعلق پیر اور ہاتھ پر ہوتا ہے پاؤں اور ہاتھ پھول جاتے ہیں جو دیکھنے پر عجیب سے معلوم ہوتے ہیں اس کا علاج کرنے کیلئے مریض کے کانوں میں دن میں تین مرتبہ صبح دوپہر اور شام کان میں اذانیں دی جائیں اور اس نقش کو زعفران سے لکھ کر گلے میں باندھا جائے پھر آیت الکرسی کو سات مرتبہ پڑھ کر پیروں پر دم کیا جائے اور سات مرتبہ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کیا جائے اللہ کے فضل سے مریض اسی وقت ٹھیک ہوگا نقش سب سے آخر میں درج ہوگا کیونکہ ان تمام قسم کے جادو کے توڑ کیلئے ایک ہی کامل نقش لکھا گیا ہے جس کے طریقے تو مختلف ہو گے

لیکن نقش ایک ہی رہیگا۔

(۲) اسی سلسلے کی دوسری کڑی کا عمل مریض پر اس قسم کا ہوتا ہے کہ وہ چار پائی کے ساتھ چار پائی ہو جاتا ہے صحیح کوئی بھی وجہ سامنے نہیں آتی اور جسم میں عجیب عجیب سی دردیں مسلسل ہوتی رہتی ہیں اس عمل کو جادوگر قبرستان میں کسی قبر کے الٹی طرف دفناتے ہیں جس سے مردہ اس شخص تک پہنچ کر اپنے آپ کو اس پر مسلط کرتا ہے جو اس مرض کا شکار ہو اس کے علاج کیلئے لکھے گئے نقش کو چار مرتبہ زعفران سے لکھا جائے ایک کو مریض کی چار پائی کے الٹی طرف باندھا جائے دوسرے کو گلاب کے عرق کی بوتل میں ڈال کر اس عرق کو پلایا جائے تیسرے کو گلے یا بازو پر باندھا جائے اور چوتھے کو ایسی جگہ فریم کروا کر لگایا جائے جہاں مریض کی نظر پڑے اور مریض کے گھر کا کوئی دوسرا فرد یا خود مریض سورہ الفلق اور سورہ الناس کو روزانہ ایک ہزار مرتبہ پانی پر دم کر کے پئے اللہ کے فضل سے مریض کا مرض دور ہوگا اور اللہ ضرور صحت و تندرستی عطا کریگا۔

(۳) مریض کا دل اڑنا اور کسی بھی جگہ دل کا نہ لگنا جس کے عوض میں کئی نقصانات کا بیک وقت ظہور ہونا اس عمل کو کرنے کیلئے جادوگر اپنے عمل کو کر کے پیپل کے درخت کی جڑ میں یا اس درخت کے اوپر لٹکاتے ہیں جس سے مریض کا دل ہوا میں اڑتا رہتا ہے اور جو اشیاء اس مرض سے پہلے اچھی لگتی ہیں ان سے نفرت ہو جاتی ہے مثلاً اگر میاں بیوی ہیں تو ان میں نفرت کثرت سے پائی جاتی ہے جس سے گھر کا سکون و ماحول خراب ہو جاتا ہے اور اس کی بہتری کی کوئی بھی صحیح صورت نہیں ملتی جب تک کہ اسکا مکمل علاج نہ کیا جائے اس لئے اگر کوئی جادو کی اس قسم میں پھنس چکا ہو تو مذکورہ نقش کو دونوں میاں بیوی زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں باندھیں اور روزانہ بعد نماز (**یا الممیت**) کو دو ہزار مرتبہ پانی پر دم کر کے

پئیں جس میں پانی رکھنا ہے وہ شیشے کا جگ یا گلاس ہونا چاہئے اور اگر ہو سکے تو اس نقش کو بھی اس جگ یا گلاس میں ڈال لیا کریں اور گل جانے کے بعد اس کو بھی نگل جائیں اور نیا نقش لکھ کر پھر پانی میں ڈال کر استعمال کریں اللہ کے فضل سے جادو کا مکمل توڑ ہوگا اور جو بھی دفینہ ہوگا اس کا اثر باطل ہوگا۔ اس کے علاوہ اور بہت سے طریقہ کار ہیں جن کی بنیاد پر جادو کیا جاتا ہے اور اس کے ذریعے پہنچنے والے بد اثرات بہت نقصان کرتے ہیں یہ نقش ایسی تمام قسم کی قبیح اشیاء کو جڑ سے نکال پھینکتا ہے جس سے کوئی کسی انہونی بیماری کا شکار ہو جائے یا اس بیماری میں پھنس جائے جس کا علاج ناممکن بن گیا ہو ایسی تمام قسم کی کیفیات میں اس نقش کو زعفران سے لکھ کر استعمال کیا جائے اللہ شفاء دیگا مثلاً ایک نقش کو گلے میں باندھا جائے دوسرے کو پانی میں ڈال کر پلایا جائے اور تیسرے کو دکان یا مکان کی چوکھٹ کے اوپر لگایا جائے جادو و سایہ آسیب کا خاتمہ ہوگا۔

د	م	ص	ل	ا	ه	ل	ل	ا
ا	ه	ل	ل	ص	ل	م	ا	د
ص	ل	ل	م	ل	ا	ه	د	ا
ل	ا	م	ه	ل	د	ل	ا	ص
ل	د	ه	ل	م	ا	ا	ص	ل
م	ا	ل	ا	ه	ص	د	ل	ل
ه	ص	ا	د	ل	ل	ا	ل	م
ل	ل	د	ا	ا	ل	ص	م	ه
ا	ل	ا	ص	د	م	ل	ه	ل
د	م	ص	ل	ا	ه	ل	ل	ا

جادو سے کیا کیا ہو جاتا ہے؟

اگر کسی پر جادو کیا گیا ہو لیکن اسے معلوم نہ ہو کہ مجھ پر جادو کیا گیا ہے تو وہ ان نشانیوں میں خود دیکھ سکتا ہے کہ جو کچھ یہاں لکھا ہے اس کا تعلق اس کی زندگی سے ہے کہ نہیں یہ تمام نشانیاں جادو کی بنیاد پر ہوتی ہیں اور ایسے ہی ان کے توڑ بھی اگر کوئی فرد اپنی زندگی میں ان نشانات کو پائے تو وہ کتاب میں سے دیکھ کر خود اپنا علاج کر سکتا ہے اور اسے ضرور شفاء ہوگی۔ جادو کی بنیاد پر کسی کنواری لڑکی کا رشتہ باندھ دیا جاتا ہے اس میں یہ نہیں دیکھا جاتا کہ لڑکی خوبصورت ہے کہ نہیں اگر کوئی لڑکی بہت خوبصورت بھی ہو لیکن اس کا رشتہ کہیں بھی طے نہیں پاتا اگر اس کا علاج نہ کیا جائے تو وہ لڑکی ساری زندگی پھر کنواری ہی رہتی ہے اس لڑکی کو کسی بھی جگہ سکون و اطمینان نہیں ملتا اور اس کا دل ہوا میں اڑتا رہتا ہے جگہ جگہ مارے مارے پھرنا اس لڑکی کا مقدر بن جاتا ہے اور اگر اس دوران کسی بھی طریقے سے اس کی شادی کہیں ہو جائے تو اس کے خاوند کے ساتھ تعلقات اچھے نہیں رہتے اور آخر کار نوبت طلاق تک پہنچ جاتی ہے کیونکہ جب عورت ہی اپنے مرد سے کھنچی کھنچی رہیگی تو گذارا کیسے ہو سکتا ہے اس کی بنیاد پر جادو بھی کیا جاتا ہے اسی نوعیت کا جادو کچھ اس قسم کا ہوتا ہے کہ عورت کی شادی ہو جاتی ہے خاوند سے تعلقات بھی اچھے ہوتے ہیں لیکن اولاد نہیں ہوتی جب تک اس کا علاج نہ کیا جائے۔ جادو کی بنیاد پر کسی کی عقل سلب کی جاسکتی ہے اگر کوئی بہت زیادہ عقل و فہم والا انسان ہو تو وہ جادو سے مغلوب ہوتے ہوئے اپنے ہوش و حواس کھو بیٹھتا ہے جس سے اس کی زندگی جہنم بن جاتی ہے جادو سے پورے گھر میں جس سکون کو برباد کیا جاتا ہے اس کا تعلق تمام افراد کا آپس میں بلاوجہ لڑائی جھگڑا کرنا ہوتا ہے جس کی کوئی صحیح وجہ

سامنے نہیں آتی بس بہن بھائیوں کی آپس میں نہیں بنتی اور وہ بات بات پر ایک دوسرے سے لڑتے رہتے ہیں۔ جادو سے اچھا بھلا چلتا ہوا کاروبار بالکل شل ہو جاتا ہے اور دکان کے لگے ہوئے گاہک اس دکان سے کوئی شے خریدنا پسند نہیں کرتے جادو سے جسمانی تکالیف میں مبتلا کیا جاسکتا ہے جس سے ہڈیوں اور پورے جسم میں درد ہوتا رہتا ہے اور بعض اوقات ہاتھ پاؤں مڑ جاتے ہیں جادو سے تمام اہل خانہ کو بیک وقت بیماریوں میں مبتلا کیا جاسکتا ہے جس سے کوئی بھی دوا یا دعا اپنا اثر چھوڑ دیتی ہے اگر کسی نے گھر میں کوئی پالتو جانور رکھے ہوں تو ان کی کثرت سے موت ہوتی رہتی ہے اور وجہ سامنے نہیں آتی گھر و دکان سے برکت اٹھ جاتی ہے اور جو روپیہ کمایا ہوتا ہے ایک دم ہی پانی کی طرح بہہ نکلتا ہے اس قسم کے اور کئی ایسے کام ہیں جو جادو کی بنیاد پر کئے جاتے ہیں اور زیادہ پڑھے لکھے افراد اس بات پر یقین نہیں کرتے کہ ہمیں کچھ ہے ایسی کوئی بات نہیں بلکہ جادو ہو جاتا ہے اور اس کے اثرات بھی ہوتے ہیں جس سے نقصان در نقصان ہوتے چلے جاتے ہیں ان تمام قباحتوں سے محفوظ رہنے کیلئے آگے لکھے گئے طریقہ کار کو استعمال کیجئے عمل کو باطل کرنے کا سب سے پہلا طریقہ کار حساب کا ہوگا جس سے اس بات کا پتہ چل سکے گا کہ جادو ہے کہ نہیں اور اگر ہے تو کس نوعیت کا ہے تا کہ اس کا آسانی سے روحانی علاج ہو سکے۔

تشخیص جادو آسیب سحر و جن وغیرہ

تشخیص کے روحانی سلسلے پر چلنے والے اعمال کا اس علم سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے اور پھر اس کے مطابق علاج کیا جاسکتا ہے پھر جس فرد پر جو بھی ہو وہ واضح ہو کر سامنے آجاتا ہے اور علاج کرنا آسان بن جاتا ہے۔ سب سے پہلا تشخیص کا طریقہ علم الاعداد پر ہوگا جس سے اس بات کا پتہ چل سکے گا کہ جادو کس نوعیت کا ہے اور اس کے نقصانات کیا ہیں۔

جدول حروف ابجد

اس جدول سے مریض کا نام مع والدہ حاصل کر کے بارہ پر تقسیم کریں اور بعد تقسیم سے جو بھی باقی رہے وہی جادو کی ایک قسم ہوگی۔

ا	ب	ج	د	ه	و	ز
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
س	ع	ف	ص	ق	ر	ش
۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰
ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

اگر (۱) باقی رہے تو ان پر اس قسم کا جادو کیا گیا ہے جس سے کوئی بھی دوا ان پر کسی بھی صورت میں اپنا اثر نہ کرے اور یہ دن بدن نئی نئی بیماریوں میں مبتلا ہوں اس عمل کی بنیاد زیادہ تر سر میں شدید درد اور کندھوں پر وزن سے منسوب ہے جو آہستہ آہستہ بڑھتا جا رہا ہے اس تشخیص کے مطابق ان اعمال کا جو بھی توڑ ہوگا وہ آگے درج ہوگا۔

اگر (۲) باقی رہے تو جسم کے حصوں پر وزن کے ساتھ درد ہوتی ہے یہ علم علوی علم کی بنیاد پر کیا گیا ہے جیسے کوئی سورہ فیل، سورہ کوثر، سورہ تبت یدا، یا سورہ یسین کو مبین در مبین مریض کا تصور باندھ کر پڑھتا ہے ایسے علم صرف وہی افراد کر سکتے ہیں جن کا ان سے گہرا تعلق ہو اور کسی مقصد کو ان سے پورا کرنا ہو۔

اگر (۳) باقی رہے تو یہ علم کی ایسی جکڑ بندی ہے جس کے اندر یہ قید ہیں اس دوران اگر یہ سونے کو بھی ہاتھ لگائیں گے تو وہ مٹی بن جائیگا پہلے کا کاروبار تباہ و برباد ہو چکا ہے اور ہو رہا ہے رشتے دار اور عزیز و اقارب افراد ان سے منہ موڑ چکے ہیں اور اولاد بھی متنفر ہے اگر اس علم کے ذریعے کسی خاتون کا دیکھنا ہو تو وہ بھی جکڑ بندی میں قید ہے اور کوئی بھی کام کرنے کو دل نہیں کرتا اس لئے آگے لکھا ہوا طریقہ اپنائیں روحانی علاج ہوگا اور شفاء ہوگی۔

اگر (۴) باقی رہے تو یہ سراسر جادو سحر پر مبنی ہے جس سے کوئی بھی مغلوب ہوتے ہوئے دن بدن نئی نئی بیماریوں میں مبتلا ہونے کے ساتھ کاروباری طور پر بھی متاثر ہے اور روپے پیسے میں کوئی بھی برکت نہیں رہی پریشانیاں، مصیبتیں اچانک ہی ان کی دامن گیر بن چکی ہیں اس لئے یہ اپنا روحانی علاج کریں اللہ ضرور شفای دیگا۔

اگر (۵) باقی رہے تو اس علم کی بنیاد ایک سایہ ہے جو مرد و عورت کے جسم کے بائیں طرف ہے اور جس کا کام صرف نفسانی خواہشات کو بڑھانا ہے اس علم سے مغلوب ہوتے

والے افراد کا زیادہ سے زیادہ دل اس بات کو کرتا ہے کہ وہ کسی بھی غیر عورت یا اپنی بیوی سے ہر وقت ہم بستری میں مشغول رہیں اور کوئی بھی دنیا کا کام یہ نہ کریں۔

اگر (۶) باقی رہے تو اس عورت یا اس مرد پر اس قسم کا جادو کیا گیا ہے۔ جس سے میاں بیوی ایک دوسرے سے علیحدہ رہیں اور نفرت ان کے درمیان ہر وقت زیادہ سے زیادہ رہے جس سے یہ کبھی بھی آپس میں اتفاق و سلوک سے نہ رہیں اور ان کا کسی نہ کسی بات پر بلاوجہ جھگڑا ہوتا ہی رہے۔

اگر (۷) باقی رہے تو اس علم سے مغلوب ہونے والے افراد کے جسم میں ایسی دردیں ظہور میں آتی ہیں۔ جس سے ڈاکٹر حضرات بھی پہلی مرتبہ روشناس ہوتے ہیں کہ یہ کس قسم کا درد ہے اور اس کا علاج کیا ہے ڈاکٹری دوائیوں سے ان کا علاج ہرگز نہیں ہوتا اور دردیں نئے نئے رنگوں میں اپنا اثر دکھاتی ہی رہتی ہیں۔

اگر (۸) باقی رہے تو ایسے افراد پر ایک دیو کا سایہ ہے۔ جو موقع ملنے پر اور ایک مخصوص وقت میں ان کے ساتھ ایسی حرکات کرتا ہے۔ جس سے دل خوف کھاتا ہے اور گاہے بگاہے خون کے چھینٹے جسم اور گھر میں پڑتے رہتے ہیں اگر ایسے افراد کنوارے ہوں تو ان کی شادی مشکل سے ہوتی ہے کیونکہ ان پر جو علم کیا گیا ہے اس کی قسم میعادی تھی جو اپنی میعاد کو ختم کر کے ختم ہو چکا ہے لیکن اس کا مطلب ہرگز یہ نہیں ہے کہ اس کا علاج نہ کیا جائے بلکہ علاج ہر صورت میں کیا جانا چاہئے۔

اگر (۹) باقی رہے تو کوئی بھی علاج یا دوائی اپنا کوئی اثر نہیں دکھاتی اور اچھے بھلے چلتے ہوئے کام ایک دم رک جاتے ہیں۔ جس سے شادی شدہ عورت کی طلاق ایسے ہو جاتی ہے جس کے متعلق ہمیشہ ہی معمہ بنا رہتا ہے کہ یہ کیا ہوا ہے اس لئے اگر بات طلاق تک پہنچ

جائے تو اس کا روحانی علاج کیا جائے طلاق نہیں ہوگی اور گھر خوشیوں میں بسا رہیگا۔

اگر (۱۰) باقی رہے تو مریض جسمانی و روحانی تکالیف میں مبتلا ہے۔ جس سے جسم کی ھڈیوں میں درد ہوتا ہے اور سر میں ہر وقت درد ہوتا رہتا ہے اگر اس کا بھی بروقت علاج نہ کیا جائے تو علاج ناممکن اور پیچیدہ بن جاتا ہے۔

اگر (۱۱) باقی رہے تو جادو اس قسم کا کیا گیا ہے کہ مریض جتنا گھر سے باہر رہیگا وہ ٹھیک اور صحتمند ہوگا اور جیسے ہی گھر کے اندر داخل ہوگا اس کا دل اڑنے لگے گا علاج کے بعد شفاء ہوگی۔

اگر (۱۲) باقی رہے تو اس جادو کو کسی اپنے نے ہی ایسی بنیاد پر کیا جس سے مریض اس کی ہر بات مانے لیکن اس کے جادو کروانے کا اثر بالکل ختم ہو گیا ہے کیونکہ جو مقصد تھا وہ پورا نہین ہوا اور مریض کو ہوش و ہواس میں رہنے کے ساتھ جو کام اس کا کرنا تھا وہ نہیں ہو سکا اور وہ خود بیمار ہو گیا ہے اس لئے ان کا روحانی علاج کیا جائے تو کہ شفاء حاصل ہو۔

پیچھے اوراق میں درج علم الاعداد کی روشنی میں جس حساب کو بتایا گیا ہے یہ ٹھیک ہے اور اس حساب سے متعلقہ جو کوئی بھی فرد ہو وہ اس نقش کو اسی طریقے سے اپنے نام کی تکسیر دیکر اس کے ارد گرد جو کچھ بھی لکھا ہے اسے زعفران سے درج کرے اور ایک کو اپنے گلے میں باندھے اور ایک کو گلاب کے عرق میں دھو کر پئے اللہ کے حکم سے جن جن کا حساب یہاں سے نکلتا رہیگا ان کیلئے یہ ایک کرنٹ سے کم نہیں ہے اس لئے اس عمل کو بالکل ایسے ہی لکھا جائے صرف نام کی تکسیر کو نیا لکھنا ہوگا اور جو کلیہ اس سے ہٹ کر ہے صرف اسے لکھنا ہوگا اللہ کے فضل سے شفاء ہوگی۔

جس طرح ذوالفقار کے نام کی تکسیر لکھی ہے اسی طرح ہر نام کی علیحدہ تکسیر ہوگی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ز	و	ا	ل	ف	ق	ا	ر
ر	ز	ا	و	ق	ا	ف	ل
ل	ر	ف	ز	ا	ا	ق	و
و	ل	ق	ر	ا	ف	ا	ز
ز	و	ا	ل	ف	ق	ا	ر

بسم اللہ الرحمن الرحیم الم اللہ لا الہ الا ھو الحی القیوم شھد اللہ انہ لا الہ الا ھو الملئکۃ و اولو العلم قائما بالقسط لا الہ الا ھو العزیز الحکیم ذالکم اللہ فانی تو فکون ولو ان قرآنا سیرت بہ الجبال او قطعت بہ الارض او کلم بہ الموتی بل للہ الامر جمیعا انما امرہ اذا اراد شیئا ان یقول لہ کن فیکون الحمد للہ رب العلمین بل ھم فی لبس من خلق جدید وھو معکم اینما کنتم واللہ بما تعلمون بصیر ان اللہ قوی عزیز ومن یتوکل علی اللہ فھو حسبہ ان اللہ بالغ امرہ قد جعل اللہ لکل شیء قدرا و احاط بما لدیھم واحصی شیء عددارب المشرق والمغرب لا الہ الا ھو فاتخذہ وکیلا لا یتکلمون الا من اذن لہ الرحمن وقال صوابا من ای شیء خلقہ من نطفۃ خلقہ فقدرہ ذی قوۃ عند ذی العرش مکین متاع ثم امین ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم وصلی اللہ علی سیدنا محمد وآلہ وسلم۔

جسمانی کپڑے سے مرض دیکھنا

اس طریقے سے کوئی بھی دیکھ سکتا ہے کہ مریض کو سایہ آسیب، جنات، یا جادو ٹونہ کس نوعیت کا جادو یا عمل کیا گیا ہے جس کے عوض مریض کی اس طرح کی حالت ہے اور اس کا کیا طریقہ کار نکالنا چاہئے جس سے مریض پر ہوئے اس اثر کا خاتمہ کیا جاسکے لیکن اس تشخیص میں سو فیصدی کامیابی اور سو فیصدی مریض کے مرض کا پتہ لگانے کیلئے سورہ الناس یا سورہ الفلق کا عامل ہونا ضروری ہے یا جس کسی نے ان دو سورتوں میں سے ایک یا دونوں سورتوں کو سوا لاکھ کی تعداد میں پڑھ لیا ہو تو فوری طور سے کپڑے کے ذریعے اس مرض کی صحیح نشاندہی ہو سکے گی۔ یہ طریقہ سب سے زبردست اہمیت کا حامل ہے اگر کوئی کسی کلام کا عامل نہ ہو تو یہاں لکھی گئی ہدایت پر عمل کر کے بھی دیکھا جاسکتا ہے اس کیلئے مریض کا پہنا ہوا کپڑا ہونا ضروری ہے یا مرض دیکھنے سے پہلے مریض کے لواحقین کو اس کا طریقہ کار اس طرح بتایا جائے کہ مریض کو رات کو کوئی بھی جسمانی کپڑا پہنائیں اور اگلے دن وہ خود یا عامل اس کپڑے کو پھیلا کر اس کپڑے کو ناپ لے پھر اسے بند کر دے اور اس پر سورہ فاتحہ مع بسم اللہ، آیت الکرسی اکیس اکیس مرتبہ یا اکتالیس اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں پھر سورہ صافات (سپارہ ۲۷) کی آیات فخطفلا تک اور سورہ جن (۲۹) کی آیات (لاذب) تک اکیس اکیس مرتبہ پڑھے یا انہیں آیات کو جہاں تک بتایا ہے علیحدہ سے لکھ کر رکھ لے جو بوقت تشخیص آسانی سے پڑھا جاسکے پھر سورہ الفلق اور سورہ الناس کو اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر کپڑے پر دم کرے اور دوبارہ کھول کر اسے ناپے اگر کپڑا پہلے کی نسبت کم ہو جائے تو اس کو جادو سے منسوب کیا گیا ہے یعنی مریض پر جادو کیا گیا ہے جس کی تفصیل بہت لمبی بنتی ہے یہاں مختصر

طور سے لکھا گیا ہے۔ مثلاً مریض پر جس نوعیت کا جادو کیا گیا ہے اس کا تعلق ایک ایسی مخلوق پر مبنی ہے جو جسم کے اندر داخل ہو کر اپنا اثر دکھاتے ہوئے کسی بھی دوائی کا اثر نہیں ہونے دیتی اور دوسرا کسی مردار ھڈی، لیموں، یا کانٹوں کے ذریعے دم کر کے پورا تکلیف دہ عمل تیار کر کے کہیں دفن کیا ہوا ہے جس کے اثر سے مریض مرض میں مبتلا ہے۔ اگر کپڑا پہلے کی نسبت زیادہ یا کم بڑھ جائے تو مریض کے دل کی طرف سایہ آسیب ہے جو اپنے اندر بہت زیادہ طاقت رکھتے ہوئے مریض کو تکلیف دیتا ہے کیونکہ مریض نے کوئی کوتاہی کی ہے اس مرض سے متعلق یہ نشانی مردوں کیلئے ہے اور عورتوں کا کپڑا دیکھتے ہوئے اگر کپڑا کم ہو جائے تو تکلیف پہلے والی رہیگی اور اگر کپڑا بڑھ جائے تو ایک خبیث اس عورت پر مسلط ہے جو اس سے ہم بستری کرنے کے علاوہ اسے جسمانی تکالیف میں بھی مبتلا کرتا ہے اور اب تک کوئی بھی روحانی علاج اس پر اپنا اثر نہیں کر رہا اس کے کامل توڑ کیلئے کتاب میں سے دیکھ کر عملیات کئے جائیں اللہ کے حکم سے ان امراض سے متعلق جو بھی امراض ہونگے ان کا خاتمہ ہوگا۔ اگر کپڑا اپنی کیفیت برقرار رکھتے ہوئے ویسے ہی رہے تو مریض کسی جسمانی تکلیف میں مبتلا ہے کسی اچھے سے حکیم یا ڈاکٹر کو دکھائے اللہ ضرور شفاء دیگا۔ سلسلہ تشخیص پر علیحدہ کتاب تیار ہو رہی ہے جس میں جادو، آسیب، جن یا کسی بھی غیر انسانی مخلوق کے مسلط ہونے کے بارے میں مکمل تفصیل سے بتایا ہے اور کون کونسی مخلوق کیا کرتی ہے وہ سب کچھ اس کتاب میں درج ہے اور اس سے نجات پانے کے طریقہ کار بھی جو نہایت ہی مجرب ہیں اور ایسے استادوں کی سینے کی باتیں ہیں جنہیں کوئی بھی نہیں بتاتا اس لئے ایسے علوم کو سیکھنے اور سکھانے والے افراد کے متعلق اللہ سے خصوصی دعا کی گئی ہے کہ اللہ تعالی میر [illegible] علم کو ان جاہل عاملوں سے بچائے جو روحانیت کی الف ب بھی نہیں جانتے (آمین)

تشخیص امراض

یہ طریقہ بھی تشخیص کرنے کیلئے بہت زبردست اہمیت کا حامل جس سے کوئی بھی کسی بھی مرض سے متعلق پتہ لگا سکتا ہے لیکن اس عمل کو کرنے کیلئے بھی کسی اسم الہی، آیت قرآنی، یا کسی سورہ کا عامل ہونا ضروری ہے کیونکہ اگر کوئی بغیر عامل بنے اس طریقے کو کریگا تو ہوسکتا ہے کہ بعض اوقات تو کامیابی ہو اور بعض اوقات ناکامیابی ہو۔ اب مریض کو اپنے پاس بٹھا کر ایک چھری پر آیت الکرسی، سورہ الفلق، سورہ الناس، کو سو سو مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور مریض کے گرد اس چھری سے تین دائرے لگائے یعنی اس کی حصار کرے اور کسی پاک صاف لکڑی کو جلا کر پاک جگہ پر اس کے ذریعے سے حاصل ہونے والے کوئلے سے مٹی کے کورے ٹھیکرے پر اس نقش کو بالکل ایسے ہی تحریر کر کے مریض کے پورے جسم پر مل کر پھر سات مرتبہ پھیر کر اسے آگ کے اوپر رکھ دے جیسے آج کل (سوئی گیس) کا چولھا ہے اس عمل کے دوران مریض پر سورہ ناس سورہ الفلق کو مسلسل پڑھ پڑھ کر دم کرنا چاہئے کم از کم پندرہ منٹ کے بعد دم کی آخری پھونک مار کر جہاں ٹھیکری کو رکھا ہے وہ جا کر دیکھے اگر کوئلے کے مٹی پر حروف سرخ رنگ جیسے خون ہوتا ہے بن جائے تو مریض پر جادو بذریعہ مخلوق جنات کے ذریعے کیا گیا ہے جس کی مختلف اقسام ہوسکتی ہیں۔ اگر حروفوں کے گرد کٹ بن جائیں تو یہ مرض سایہ آسیب ہے جس کی بھی مختلف اقسام ہوسکتی ہیں جو مریض خود بھی بتا سکتا ہے۔ اگر حروفوں کی کوئی اور خلاف توقع شکل بن جائے تو کوئی غیر انسانی مخلوق مریض پر مسلط رہتی ہے اور موقع ملنے پر اپنا غلبہ مریض پر اختیار کرتے ہوئے مریض کو تکلیف دیتی ہے۔ سب سے آخر میں ٹھیکری کو نکال کر سونگھے اگر اس میں سے کسی بدبو کا ظہور ہو تو مریض

کا کوئی اپنا ہی یا اس سے مفاد حاصل کرنے والا کسی کلام کو اس پر پڑھ پڑھ کر اس کا تصور باندھ کر دم کرتا ہے جس سے مریض مغلوب ہے اور کسی تکلیف میں مبتلا ہے۔ اگر حروف بالکل ویسے ہی رہیں تو مریض کو وہم کرنے کی بجائے کسی اچھے سے ڈاکٹر سے رابطہ کرنا چاہیے تاکہ اس کا علاج ہو سکے۔ اس عمل میں ٹھیکرے کو آگ پر رکھ کر دیکھنا نہیں چاہیے جب تک پندرہ منٹ کا دم نہ کر لیا جائے۔

انڈے کے ذریعے مرض دیکھنا

بذریعہ انڈا بھی مریض پر کیے ہوئے جادو ٹونہ، سایہ آسیب، یا کسی بھی مرض کی تشخیص کی جاسکتی ہے لیکن اس عمل کو کرنے کیلئے بھی جس چیز کو انڈے پر تحریر کرنا ہے اس کا عامل بننا بہت ضروری ہے یا اگر کوئی اس عمل کو کرنا چاہے تو اس نقش کو روزانہ بہتر مرتبہ کسی سفید کاغذ پر لکھ کر آٹے میں بند کر کے دریا میں مچھلیوں کو ڈالے اس کا عامل بن جائیگا پھر جس کسی بھی مریض پر اس طریقہ کار کو کریگا تو سو فیصدی نتائج مرتب ہونگے اور انڈے سے حاصل ہونے والے مواد کا علیحدہ سے طریقہ بتایا جائیگا اس عمل کو کرنے کیلئے خالص دیسی مرغی کا انڈہ ہونا چاہئے اور اس پر اس نقش کو لکھ کر مریض کے جسم پر سات مرتبہ پھیر کر اس پر سورہ الناس اور سورہ الفلق کو سو سو مرتبہ پڑھ کر دم کر کے مریض کو ہدایت کرے کہ وہ رات کو سونے سے پہلے اس انڈے کو اپنی چارپائی یا تکیے کے الٹی طرف رکھ کر سو جائے اور صبح اسے توڑے اگر انڈے میں دیکھے اگر سرخ نشان برآمد ہو جیسے خون ہوتا ہے تو مریض پر قسم جادو کی ہے جس سے مریض مرض میں مبتلا ہے اگر انڈے سے کالے نشانات برآمد ہوں تو مریض پر جادو کے ساتھ سایہ آسیب ہے جس سے تکلیف دن بدن بڑھتی ہی رہتی ہے اور کوئی بھی دوا یا علاج اپنا اثر نہیں دکھاتا اگر انڈے کی زردی کے اندر کوئی شکل واقع ہو جائے جیسے تصوراتی قسم کی کوئی شکل بن جاتی ہے تو اس شکل پر اسی وقت درود ابراہیمی کو اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اس انڈے سمیت کسی مٹی کے پیالے کے اندر رکھ کر اسے دریا میں بہادے۔ اگر صرف پہلے نشانات میں سے نشان ہی رہیں تو انہیں بھی دریا میں بہانا چاہئے گھر میں اس انڈے کو نہیں رکھنا چاہئے اگر کوئی بھی شکل یا کوئی انڈے میں کوئی واضح نشانی واضح نہ ہو تو

مریض کو جادو کی بنیاد یا کسی سایہ کا مرض نہیں ہے وہ کسی اچھے سے ڈاکٹر سے رابطہ کرے اللہ تعالیٰ ضرور شفاء دیگا یا کتاب میں لکھے گئے طریقہ کار کو اپنائے اللہ اپنا کرم فرمائے گا۔(نوٹ) بعض اوقات انڈے میں سے کچھ بھی برآمد نہیں ہوتا اور انڈہ ٹوٹ جاتا ہے اس کیفیت کو بھی کسی سایہ آسیب یا جادو سے منسوب کیا جانا چاہئے جو اپنے اندر بہت زبردست قسم کی طاقت رکھتا ہے اور انڈے کا ٹوٹنا اسی بات کا ثبوت پیش کرتا ہے کہ تشخیص میں رکاوٹ پیدا کی جارہی ہے۔

نقشوں کے سردار

یہ ایسے نقش ہیں جن کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے ان کا بارہا مرتبہ تجربہ کیا جاچکا ہے اور ہر مرتبہ اسے آزمانے کے بعد سو فیصدی کامیابی ہوئی ہے اس لئے جادو سے لیکر سفلی علم کے توڑ تک اسی نقش کو استعمال کر کے خود مشاہدہ کرلیا جائے یہ بات ثابت ہوجائیگی کہ یہ اپنی طاقت کے لحاظ سے کتنا نقش کامل ہے اس نقش کے دو حصے ہیں دونوں نقوش کو اگر کوئی روزانہ بہتر مرتبہ لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں مچھلیوں کو ڈال کر آئے تو اس نقش کے اندر خاص قسم کے اثرات پیدا ہونگے میں ان نقوش کو صرف گھر یا دکان کی چوکھٹ کے اوپر لگانے کیلئے دیتا ہوں تاکہ گھر میں کوئی بھی غیر انسانی مخلوق ہو اس کا خاتمہ ہو اور اگر کسی نے جادو ٹونہ کروایا ہو تو اس کا سارا اثر باطل ہوجائے اگر کسی فرد کو زبردست جادو کے ذریعے مغلوب کیا ہو اور وہ بیچارہ روز بروز ناانجانی بیماریوں میں مبتلا رہتا ہو تو جو نقش اسماء الٰہی والا ہے اسے زعفران سے لکھ کر کسی دھات کے پترے میں بند کروا کر مریض کے گلے میں پہنایا جائے اور جو دوسرا نقش اسماء مبارکہ حضور نبی کریم ﷺ کا ہے اسے زعفران سے باوضو حالت میں لکھ کر نیچے نام مریض مع والدہ لکھ کر گلاب کے عرق کی بوتل میں ڈال کر پلایا جائے اللہ کے حکم سے بڑے سے بڑے جادو کا خاتمہ ہوگا۔ پھر ان دونوں نقوش کو ایک سفید کاغذ پر لکھے پہلے اسماء الٰہی کا نقش زعفران سے لکھے اور نیچے نام مع والدہ لکھے اور اسی کے پیچھے اسماء مبارکہ حضور نبی کریم ﷺ کا نقش تحریر کرے بفضل خدا جادو ٹوٹ کر چور ہوجائیگا ان نقوش کی افضلیت و کاملیت میری اپنی آزمائی ہوئی ہے۔ اگر کسی دکان کی بندش کی گئی ہو تو ان دونوں نقشوں کو سفید کاغذ پر علیحدہ علیحدہ زعفران سے لکھے اور دونوں نقوش کو دکان میں

ایک دوسرے کے سامنے فریم کروا کر لگائے اور ان تمام اسماء کو دکان پر بیٹھ کر پڑھے اگر کسی گھر میں جادو ٹونہ یا سایہ آسیب کا ہو تو ان دونوں نقوش کو زعفران سے لکھ کر اسماء الٰہی والے نقش کو چوکھٹ کے اوپر پہلے لگایا جائے اور دوسرے کو اس کے نیچے اور ان اسماء کو سوالاکھ کی تعداد میں گھر میں ختم کی شکل میں پڑھوایا جائے اللہ کے فضل سے گھر و دکان کا سکون پھر سے بحال ہوگا اور جس بھی نوعیت کا جادو کیا گیا ہوگا اس کے اثرات باطل ہو نگے اگر کسی عورت کی بذریعہ جادو اولاد بند کر دی گئی ہو تو ان دونوں نقوش کو ایک دوسرے کے پیچھے زعفران سے لکھا جائے اور اسے گلے میں باندھا جائے اور اسماء الٰہی کا کثرت سے ورد کر کے شیشے کے گلاس میں پانی بھر کر رکھا جائے اور آخر میں دم کر کے پی لیا جائے اللہ کے فضل سے اولاد بندی کا جو بھی عمل کیا گیا ہو اس کا خاتمہ ہوگا اور بحکم خدا اولاد ضرور ہوگی۔ اگر کسی خاتون کے بچے زندہ نہ بچتے ہوں تو ان دونوں نقوش کو زعفران سے لکھ کر عورت اپنے گلے میں باندھے اور تمام اسم ذات (اللہ ھو) کو چینی کی پلیٹ پر لکھ کر روزانہ گلاب کے عرق سے دھو کر پئے اس عمل کو اکیس سے اکتالیس دن تک کیا جائے اللہ کے حکم سے آئندہ پیدا ہونے والا بچہ اللہ کی رحمت سے امان پائیگا اور زندہ رہیگا۔ اس کے علاوہ اس نقش کو ہر قسم کے جادو کو باطل کرنے کی غرض سے زعفران سے لکھ کر استعمال کیا جا سکتا ہے اور جو افراد بار بار جادو کے چکر میں پھنستے ہوں وہ ضرور انہیں گلے میں باندھیں۔

نقش اسماء الٰہی

الرحمن	الرحيم	الملك	القدوس	السلام
المومن	المهيمن	العزيز	الجبار	المتكبر
الخالق	البارى	المصور	الغفار	. القهار
الوهاب	الرزاق	الفتاح	العليم	القابض
الباسط	الخافظ	الرافع	المعز	المذل
السميع	البصير	الحكم	العدل	اللطيف
الخبير	الحليم	العظيم	الغفور	الشكور
العلى	الكبير	الحفيظ	المقيت	الحسيب
الجليل	الكريم	الرقيب	المجيب	الواسع
الحكيم	الودود	المجيد	الباعث	الشهيد
الحق	الوكيل	القوى	المتين	الولى
الحميد	المحصى	المبدى	المعيد	المحى
المميت	الحى	القيوم	الواجد	الماجد
الواحد	الاحد	الصمد	القادر	المقتدر
المقدم	الموخر	الاول	الاخر	الظاهر
الباطن	الوالى	المتعالى	البر	التواب
المنعم	المنتقم	العفو	الرءوف	مالك الملك
ذوالجلال	والاكرام	الرب	المقسط	الجامع
الغنى	المغنى	المعطى	المانع	الضار
النافع	النور	الهادى	البديع	الباقى
الوارث	الرشيد	الصبور		

نقوش اسماء الٰہی سے عمل الشفاء

یہ تمام نقوش خاص طور سے جادو کے توڑ اور مریض کو سو فیصدی شفاء پہنچانے کیلئے درج کئے گئے ہیں یہ بہت زبردست قسم کا پچیس دنوں کا عمل ہے جس کی بدولت بڑے سے بڑا جادو ٹوٹ جاتا ہے اور مریض آئندہ کیلئے جادو جیسے قبیح عمل سے محفوظ رہتا ہے اس عمل کا بھی بارہا تجربہ کیا گیا ہے اور سو فیصد نتائج حاصل ہوئے ہیں اس لئے اگر کوئی مریض بہت ہی پرانے جادو یا سحر میں مبتلا ہو تو اس عمل کو کرے اللہ کے فضل سے اللہ ضرور شفاء بخشے گا محنت اور لگن کے ساتھ اس عمل کو کرنا ہوگا جس میں اعتقاد کی پختگی شرط اول ہوگی عمل کرنے والا پانچ وقت کا پرہیزگاری نمازی ہو تو اس عمل کو چار چاند لگا دیگا۔ اس عمل کو شروع کرنے سے پہلے بدبودار اشیاء کو ترک کر دے اور پھر کسی بھی تاریخ کی جمعرات سے اس عمل کا آغاز کرے روزانہ چار چینی کی پلیٹوں پر پہلے لکھے گئے نقوش کو زعفران سے علیحدہ علیحدہ چار پلیٹوں پر لکھے اور سب سے آخر میں نام مریض مع والدہ لکھے اور گلاب کے عرق سے دھو کر اسی وقت پلائے عمل کو بوقت صبح سورج طلوع کے کیا جائے روزانہ چار نقش لکھے جیسے آگے بتائیں جائیں گے اور سب سے آخر میں جس نقش اسماء الٰہی کو پہلے لکھا گیا ہے اور جو نقش اسماء مبارکہ حضور نبی کریم ﷺ کا ہے اسے سب سے آخری دن بتائے گئے طریقہ کار کے مطابق زعفران سے لکھ کر مریض کے گلے میں باندھا جائے اللہ کے حکم سے عام سے عام جادو سے لیکر بڑے سے بڑے اور میعادی جادو کا خاتمہ ہوگا مریض پر گاہے بگاہے اسماء الٰہی کو پڑھ کر دم بھی کرنا چاہئے اس عمل کی بدولت اگر کسی عورت کی اولاد باندھ دی گئی ہو، کسی فرد کو عہدے سے معزول کیا گیا ہو، گھر میں انفاقی اور بدسلوکی پھیلائی ہو، یا کوئی بھی

کام جادو کی بنیاد پر کیا گیا ہو تو اس عمل مبارک کی بدولت اللہ کے فضل و کرم سے بالکل ٹھیک ہو جاتا ہے اور شفا مل جاتی ہے۔ اگر ان تمام نقوش کو ایک بڑے سے صفحے پر زعفران سے تحریر کر کے دکان میں ایسی جگہ پر لگائے جہاں تمام گاہکوں نظر پڑے تو دکان زیادہ سے زیادہ چلے گی اور غیب سے رزق مہیا ہوگا۔ اگر کوئی اسی طریقہ کار کے مطابق اس کو لکھ کر اپنے گھر کی چوکھٹ کے اوپر لگائے تو گھر ہر قسم کی قباحتوں سے محفوظ رہیگا اگر کوئی اپنے گلے میں باعث برکت کیلئے ان نقوش کو باندھے گا تو اللہ کے فضل سے ترقیوں کی طرف گامزن ہوگا اور جو بھی رکاوٹیں ہونگی ان کا خاتمہ ہوگا۔ یہ اپنی نوعیت کا بڑا زبردست عمل ہے جس سے کسی بھی میعادی جادو کا توڑ کیا جا سکتا ہے اور جادو اس عمل کے آگے ہرگز ٹھہر نہیں سکتا کیونکہ اصول و طریقہ جس کام میں ہوگا وہ کام اتنی ہی جلدی اور دیرپا ہوگا اور اللہ کی کلام سے کئے ہوئے کاموں میں اللہ کی رحمت غالب ہوتی ہے۔ ویسے اسم الٰہی کے نقوش کے بہت سے خواص ہیں جن کو یہاں بیان کرنے کیلئے جگہ بہت کم ہے اس لئے اگر کوئی مریض ہو یا کسی نے ویسے ہی ان کا استعمال کرنا ہو تو اوپر لکھی گئی تعداد اسم الٰہی کی ہوگی جس کو اتنی تعداد میں پڑھنے سے کام ہو جائیگا۔

رحمن حروف ابجد (۲۹۹)

لا اله الا الله
سبحان الرحمن

الرحیم حروف ابجد (۲۵۸)

لا اله الا الله
سبحان الرحیم

المالك حروف ابجد (۹۱)

لا اله الا الله
سبحان الملک

القدوس حروف ابجد (۱۷۰)

لا اله الا الله
سبحان القدوس

السلام حروف ابجد (۱۳۱)

لا اله الا الله
سبحان السلام

المومن حروف ابجد (۱۳۶)

لا اله الا الله
سبحان المومن

المهیمن حروف ابجد (۱۴۵)

لا اله الا الله
سبحان المهیمن

العزیز حروف ابجد (۹۴)

لا اله الا الله
سبحان العزیز

الجبار حروف ابجد (۲۰۶)

لا اله الا الله
سبحان الجبار

المتکبر حروف ابجد (۶۶۲)

لا اله الا الله
سبحان المتکبر

الخالق حروف ابجد (۷۳۱)

لا اله الا الله
سبحان الخالق

الباری حروف ابجد (۲۱۳)

لا اله الا الله
سبحان الباری

المصور حروف ابجد (۳۳۶)

لا اله الا الله
سبحان المصور

الغفار حروف ابجد (۱۲۸۱)

لا اله الا الله
سبحان الغفار

القهار حروف ابجد (۳۰۶)

لا اله الا الله
سبحان القهار

الوهاب حروف ابجد (۱۴)

لا اله الا الله
سبحان الوهاب

الباسط حروف ابجد (۷۲)
لا اله الا الله
سبحان الباسط
باسط
الخافض حروف ابجد (۱۴۸۱)
لا اله الا الله
سبحان الخافض
خافض
الرافع حروف ابجد (۳۵۱)
لا اله الا الله
سبحان الرافع
رافع
المعز حروف ابجد (۱۱۷)
لا اله الا الله
سبحان المعز
معز
الرزاق حروف ابجد (۳۰۸)
لا اله الا الله
سبحان الرزاق
رزاق
الفتاح حروف ابجد (۴۸۹)
لا اله الا الله
سبحان الفتاح
فتاح
العليم حروف ابجد (۱۵۰)
لا اله الا الله
سبحان العليم
عليم
القابض حروف ابجد (۹۰۳)
لا اله الا الله
سبحان القابض
قابض

88
جادو کا توڑ خود کیجئے
المذل حروف ابجد (۷۷۰)
لا اله الا الله
سبحان المذل
السمیع حروف ابجد (۱۸۰)
لا اله الا الله
سبحان السمیع
البصیر حروف ابجد (۳۰۲)
لا اله الا الله
سبحان البصیر
الحکم حروف ابجد (۶۸)
لا اله الا الله
سبحان الحکم
89
جادو کا توڑ خود کیجئے
العدل حروف ابجد (۱۰۴)
لا اله الا الله
سبحان العدل
اللطیف حروف ابجد (۱۲۹)
لا اله الا الله
سبحان اللطیف
الخبیر حروف ابجد (۸۱۲)
لا اله الا الله
سبحان الخبیر
الحلیم حروف ابجد (۸۸)
لا اله الا الله
سبحان الحلیم

العظیم حروف ابجد (۱۰۲۰)

لا اله الا الله
سبحان العظیم

الغفور حروف ابجد (۱۲۸۶)

لا اله الا الله
سبحان الغفور

الشکور حروف ابجد (۵۰۸)

لا اله الا الله
سبحان الشکور

العلی حروف ابجد (۱۱۰)

لا اله الا الله
سبحان العلی

الکبیر حروف ابجد (۲۳۲)

لا اله الا الله
سبحان الکبیر

الحفیظ حروف ابجد (۹۹۸)

لا اله الا الله
سبحان الحفیظ

المقیت حروف ابجد (۵۵۰)

لا اله الا الله
سبحان المقیت

الحسیب حروف ابجد (۸۰)

لا اله الا الله
سبحان الحسیب

جادو کا توڑ خود کیجئے
93
الواسع حروف ابجد (۱۳۷)
لا اله الا الله
سبحان الواسع
الحکیم حروف ابجد (۷۸)
لا اله الا الله
سبحان الحکیم
الودود حروف ابجد (۲۰)
لا اله الا الله
سبحان الودود
المجید حروف ابجد (۵۷)
لا اله الا الله
سبحان المجید
92
جادو کا توڑ خود کیجئے
الجلیل حروف ابجد (۷۳)
لا اله الا الله
سبحان الجلیل
الکریم حروف ابجد (۲۷۰)
لا اله الا الله
سبحان الکریم
الرقیب حروف ابجد (۳۱۲)
لا اله الا الله
سبحان الرقیب
المجیب حروف ابجد (۵۵)
لا اله الا الله
سبحان المجیب

الباعث حروف ابجد (۵۷۳)

لا اله الا الله

سبحان الباعث

الشهید حروف ابجد (۳۱۹)

لا اله الا الله

سبحان الشهید

الحق حروف ابجد (۱۰۸)

لا اله الا الله

سبحان الحق

الوکیل حروف ابجد (۲۶)

لا اله الا الله

سبحان الوکیل

القوی حروف ابجد (۱۱۶)

لا اله الا الله

سبحان القوی

المتین حروف ابجد (۵۰۰)

لا اله الا الله

سبحان المتین

الولی حروف ابجد (۴۶)

لا اله الا الله

سبحان الولی

الحمید حروف ابجد (۶۲)

لا اله الا الله

سبحان الحمید

المحصی حروف ابجد (۱۴۸)

لا اله الا الله
سبحان المحصی

المبدی حروف ابجد (۵۶)

لا اله الا الله
سبحان المبدی

المعید حروف ابجد (۱۲۴)

لا اله الا الله
سبحان المعید

المحی حروف ابجد (۵۸)

لا اله الا الله
سبحان المحی

الممیت حروف ابجد (۴۹۰)

لا اله الا الله
سبحان الممیت

الحی حروف ابجد (۱۸)

لا اله الا الله
سبحان الحی

القیوم حروف ابجد (۱۵۶)

لا اله الا الله
سبحان القیوم

الواجد حروف ابجد (۱۴)

لا اله الا الله
سبحان الواجد

الماجد حروف ابجد (۴۸)

لا اله الا الله
سبحان الماجد

الواحد حروف ابجد (۶۷)

لا اله الا الله
سبحان الواحد

الاحد حروف ابجد (۱۳)

لا اله الا الله
سبحان الاحد

الصمد حروف ابجد (۱۳۴)

لا اله الا الله
سبحان الصمد

القادر حروف ابجد (۳۰۵)

لا اله الا الله
سبحان القادر

المقتدر حروف ابجد (۷۴۴)

لا اله الا الله
سبحان المقتدر

المقدم حروف ابجد (۱۸۴)

لا اله الا الله
سبحان المقدم

الموخر حروف ابجد (۸۴۶)

لا اله الا الله
سبحان الموخر

الاول حروف ابجد (۳۷)

لا اله الا الله
سبحان الاول

الاخر حروف ابجد (۸۰۱)

لا اله الا الله
سبحان الاخر

الظاهر حروف ابجد (۱۱۰۶)

لا اله الا الله
سبحان الظاهر

الباطن حروف ابجد (۶۲)

لا اله الا الله
سبحان الباطن

الوالی حروف ابجد (۴۷)

لا اله الا الله
سبحان الوالی

المتعالی حروف ابجد (۵۵۱)

لا اله الا الله
سبحان المتعالی

البر حروف ابجد (۲۰۲)

لا اله الا الله
سبحان البر

التواب حروف ابجد (۴۰۹)

لا اله الا الله
سبحان التواب

المنتقم حروف ابجد (۶۳۰)

لا اله الا الله
سبحان التواب

العفو حروف ابجد (۱۵۶)

لا اله الا الله
سبحان العفو

الرءوف حروف ابجد (۲۸۶)

لا اله الا الله
سبحان الرءوف

المالك الملك حروف ابجد (۲۱۲)

لا اله الا الله
سبحان المالک الملک

ذالجلال والاکرام حروف ابجد (۱۲۹۴)

لا اله الا الله
سبحان ذالجلال والاکرام

المقسط حروف ابجد (۲۰۹)

لا اله الا الله
سبحان المقسط

الجامع حروف ابجد (۱۱۴)

لا اله الا الله
سبحان الجامع

الغنی حروف ابجد (۱۰۶۰)

لا اله الا الله
سبحان الغنی

المغنی حروف ابجد (۱۱۰۰)

لا اله الا الله

سبحان المغنی

المانع حروف ابجد (۱۶۱)

لا اله الا الله

سبحان المانع

الضار حروف ابجد (۱۰۰۱)

لا اله الا الله

سبحان الضار

النافع حروف ابجد (۲۰۱)

لا اله الا الله

سبحان النافع

النور حروف ابجد (۲۵۶)

لا اله الا الله

سبحان النور

الهادی حروف ابجد (۲۰)

لا اله الا الله

سبحان الهادی

البدیع حروف ابجد (۸۶)

لا اله الا الله

سبحان البدیع

الباقی حروف ابجد (۱۱۳)

لا اله الا الله

سبحان الباقی

الوارث حروف ابجد (۷۰۷)

لا اله الا الله
سبحان الوارث

ارث
ارث

الرشید حروف ابجد (۵۱۴)

لا اله الا الله
سبحان الرشید

الصبور حروف ابجد (۲۹۸)

لا اله الا الله
سبحان الصبور

اسماء مبارکہ کے بہت زیادہ فضائل ہونے سے اس کتاب میں صرف نقوش کے اوپر حروف ابجد لکھنے کی ہی گنجائش تھی لیکن اگر کوئی فرد اپنے متعلقہ کام کے لحاظ سے ان نقوش اور اس کے اندر لکھی گئی آیات کو اگر اپنا ورد بنا لے تو جادو کا بہت جلد توڑ ہوتا ہے اور ثواب و نیکیاں علیحدہ سے ملتی ہیں ان اسماء مبارکہ کی مکمل تفصیل کیلئے میری ایک اور کتاب ہے جو بہت جلد بازار میں مل جائیگی اس کے اندر ان تمام طریقہ کار کو واضع طور سے بیان کیا گیا ہے جو پوچھنے پر بھی کوئی نہیں بتاتا اس کتاب کے حوالے سے ہر فرد اسم الہی کے اوپر والی تعداد میں اس اسم مبارک کو اور ان کلمات کو ورد بنائے۔

نقش اسماء مبارکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم

محمد	احمد	خامد	محمود	قاسم
عاقب	فاتح	خاتم	حاشر	ماح
داع	سراج	رشيد	منير	بشير
نذير	هاد	مهد	رسول	نبى
طٰهٰ	يس	مزمل	مدثر	شفيع
خليل	كليم	حبيب	مصطفى	مرتضى
مختار	ناصر	منصور	قائم	حافظ
شهيد	عادل	حكيم	نور	حجة
برهان	ابطحى	مومن	مطيع	مذكر
واعظ	امين	مدنى	عربى	هاشمى
تهامى	حجازى	نزارى	قريشى	مضرى
امى	عزيز	حريص	رءوف	رحيم
يتيم	غنى	جواد	فتاح	عالم
طيب	طاهر	مطهر	خطيب	فصيح
سيد	منتقى	امام	بار	شاف
متوسط	سابق	متصدق	مهدى	حق
مبين	اول	اخر	ظاهر	باطن
رحمة	محلل	محرم	امر	صادق
مصدق	ناطق	صاحب	مكى	ناه
شكور	قريب	منيب	مبلغ	طس

حم	حبيب	اولىٰ

دولہا و دلہن کی نفرت کو آپس میں ختم کرنا

ایک قسم کا ایسا جادو ہے جس سے نو بیاہتا جوڑا ایک دوسرے سے نفرت کرنے لگ جاتا ہے جس سے ان کی کسی بھی ناراضگی کا کوئی پتہ نہیں چلتا اس جادو کو انہی کے خاندان والے کرواتے ہیں جس سے یا تو لڑکی والوں سے کوئی رنجش ہوتی ہے یا لڑکے کی طرف سے دونوں طرف سے معاملہ رشتہ طے نہ کرنے کی بنیاد پر اس قسم کا جادو کیا جاتا جو ایک استرے کی دھار پر طلسمات لکھ کر ہوائی چیزوں کے ذریعے ان کی گزرگاہ میں دفن کر دیا جاتا ہے اور جیسے جیسے دونوں اوپر سے گذرتے ہی ان کے درمیان نفرت پھیلنا شروع ہو جاتی ہے اس کے کامل علاج کیلئے ایک عدد نیا استرا لایا جائے اور اس پر کسی بھی روشنائی سے دونوں میاں بیوی اپنا نام مع والدہ لکھیں اور ان حروف کو بھی لکھیں۔ (۱۲۳۴۵۶۷۸۹۹۸۷۶۵۴۳۲۱۰) پھر اس استرے کو دریا سے لائے ہوئے پانی میں ڈال دیں اور روزانہ تازے پانی میں اس میں سے اتنا مقدار میں پانی لیں جو تین دنوں کے اندر ختم ہو جائے پھر اس پانی سے دونوں باری باری غسل کریں اور نماز ضرور پڑھیں پھر اس نقش کو کالی سیاہی سے لکھ کر دونوں اپنے بازوؤں پر باندھیں اور ایک عدد کو پانی میں گھول کر اس کا پانی پئیں پانی پینے والے عمل کو اکیس دن جاری رکھیں اس عمل کی بدولت ان کا آپس میں نفرت پھیلانے والا عمل کیا ہوگا اس کا اثر باطل ہوگا اور یہ آپس میں سلوک و اتفاق سے رہیں گے۔ اس عمل کا ذکر کسی سے بھی مت کریں بس اپنے کام کو ختم کر کے اپنی زندگی ہنسی خوشی بسر کریں۔

شادی شدہ عورت ہم بستری سے نفرت کرے

عملیات میں اس قسم کا جادو یا عمل بھی ہوتا ہے جس سے شادی شدہ عورت اچانک ہی ہم بستری سے نفرت کرنے لگ جاتی ہے اس کی کوئی صحیح وجہ بھی سامنے نہیں آتی اگر کوئی خاتون اس عمل سے مغلوب ہو تو وہ رات کو روزانہ سورہ یسین شریف کو مبین در مبین گیارہ مرتبہ پڑھے اور پاس شیشے کے گلاس میں پانی ضرور رکھے اور جب گیارہ مرتبہ پڑھنے کی تعداد پوری ہو جائے تو اس پانی پر دم کر کے پی لیا کرے اور اس عمل کو گیارہ دنوں تک کرے بارہویں دن سورہ یسین شریف کو پاک سفید کاغذ پر بغیر اعراب کے لکھے اور اس کے نیچے اپنا نام مع والدہ لکھے اور اسے کسی دھات جیسے چاندی یا سونے کے پترے میں بند کروا کر اپنے گلے میں باندھے پھر اس طلسم کو نیلی سیاہی سے کاغذ پر لکھے اور اسے گلاب کے عرق میں ڈال کر اس کا پانی پئے اللہ کے فضل سے عورت دوبارہ سے اپنے خاوند کی طرف متوجہ ہوگی اور جس بنیاد پر اس قسم کا عمل کیا ہوگا اس کا اثر باطل ہوگا۔ اس عمل کو صرف ایسے افراد کریں جو واقعی میاں بیوی ہوں نا کہ ایسے افراد اس عمل کو کرنا شروع کر دیں جو میاں بیوی نہ ہو اور کسی غیر عورت سے اپنی خواہش پوری کرنے کیلئے اس عمل کو کریں اس بات کو یاد رکھیں کہ جو افراد اس قسم کی سوچ بھی رکھیں گے تو وہ اپنے دوسرے دنیاوی کاموں میں خود ہی رکاوٹ کا موجب بنیں اس لئے ازدواجی زندگی سے منسلک افراد اس عمل کو اس صورت میں کریں جب کہ بات واضح ہو جائے کہ جادو ہی ہے۔

۱۱۱۱۱ ممممم ع ع ع ع ع ف ف ف ف ف ح ح ح ح

ح ح ح ح ح ح ح ح ح

گھر میں بلاوجہ لڑائی جھگڑے کا رہنا

بعض اوقات اپنے رشتہ داروں میں سے کوئی اس قسم کا علم یا جادو کرواتا ہے کہ ان کے گھر کا سکون زیادہ سے زیادہ برباد ہو اور جب یہی عمل چل پڑتا ہے تو گھر کا ایک فرد دوسرے فرد کا دشمن بن جاتا ہے۔ جس سے چھوٹی چھوٹی باتیں بڑی بن جاتی ہیں اور اگر اس کی روک تھام نہ کی جائے تو نتیجہ ہلاکت یا کسی اور صورت میں بھی نکل سکتا ہے۔ بہن بھائیوں کی آپس میں نہیں بنتی اور ایک کا دشمن ایک بن جاتا ہے اس عمل کا زیادہ اثر یا دکھ جو کوئی کرنے والا ہوتا ہے وہ ان کی والدہ ہی ہوتی ہے۔ جو سوچ سوچ کر ہر وقت ڈرتی رہتی ہے کہ نہ جانے اب کیا ہوگا۔ ایسے عمل کو توڑنے کیلئے اور گھر میں سکون و اتفاق سے رہنے کیلئے ایک سفید کبوتر کو بروز جمعرات لایا جائے اور اسے ذبح کر کے اس کے خون سے اس لکھی ہوئی عزیمت کو سفید کاغذ پر لکھا جائے اور اسے فریم کروا کر اپنے گھر کی چوکھٹ کے اوپر لگایا جائے اللہ کے فضل سے گھر میں امن و امان قائم ہوگا اور اولاد لڑنے کی بجائے اتفاق سے رہیگی۔ پھر کچھ مقدار میں چینی لا کر اس پر چاروں قل شریف سو مرتبہ پڑھ کر دم کیا جائے اور اسے گھر کے تمام افراد کھائیں مثلاً چاروں قل شریف کو تسبیح کے ایک دانے پر شمار کیا جائے اس حساب سے ان کی تعداد چار سو بن جائیگی۔ اگر چینی ختم ہو جائے تو پھر سے نئی چینی لا کر اس پر یہی عمل کر کے کیا جائے اللہ کے فضل سے فتنہ و فساد کا خاتمہ ہوگا۔ کبوتر کے خون سے لکھنے والے کلمات یہ ہیں۔ اس عمل کے بعد پاؤ مصری ثابت یعنی ٹکڑے نہ کیے ہوں اس پر سو مرتبہ سورہ فاتحہ، سو مرتبہ سورہ الناس، سو مرتبہ سورہ الفلق کو پڑھ کر دم کریں اور کسی کھرل میں ڈال کر اپنے مقصد کا مکمل تصور باندھ کر اسے پیستے جائیں پھر اس سے حلوا بنا کر سب کو کھلائیں۔

پیش محمد پس علی دست و راست امام
حسن دست چپ امام حسین کلید دائود
قفل سلیمان پیغمبر نگھبان پاک ذات
فلان بن فلان یا فلان بنت فلان۔ نال علیا مظہر العجائب
تجدہ عونا لک فی النوائب کل ھم و غم
سینجلی بعظمتک یا اللہ وبنبوتک یا رسول
اللہ و بولایتک یا علی یا علی یا علی وبحق
کفاک ربک کم یکفیک واکفۃ کفکا فھا
ککمین کان من کلکا تکر کرا ککر الکر
فی کبر تجلی مشکشۃ کلکلک کلکا کفاک
مابی کفاک الکاف کربتہ یا کوکبا کنت
تحکی کوکب الفلکا وبحق اللہ الذی خلق
السموات والارض وانزل من السماء ماء
فاخرج بہ من الثمرات رزقا لکم وسخر لکم
الفلک لتجری فی البحر بامرہ وسخر لکم
الانھر وسخر لکم الشمس والقمر دائبین
وسخر لکم الیل والنھار واتکم من کل ما
سالتمو۔ فلان بن فلان سے جادو و سحر باطل ہو۔

جس مرد کو تابع کرنے کیلئے پلیدی پلائی گئی ہو

اکثر دیکھنے میں آیا ہے کہ بعض عورتیں اپنے خاوند پر عبور پانے اور انہیں اپنے قبضہ میں کرنے کیلئے انہیں اپنے حیض و نفاس والے کپڑے کا پانی پلاتی ہیں جس سے ان کا خاوند بعض اوقات تو تابعدار بن جاتا ہے لیکن بعض صورتوں میں ایسا نہیں ہوتا اور وہ مرد لاعلاج بیماریوں کا شکار بن جاتا ہے جس سے اس عورت کو بھی بہت دکھ ہوتا ہے کہ اس نے ایسا کیوں کیا لہذا اس کیفیت سے جان چھڑوانے اور مرد کو دوبارہ صحتمند بنانے کیلئے اس نقش کو زعفران سے لکھا جائے ایک کو مرد کے گلے میں باندھے اور دوسرے کو سات دنوں تک روزانہ صبح کے وقت چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھے اور گلاب کے عرق سے دھو کر پلائے اللہ کے فضل سے پلیدی کا خاتمہ ہوگا۔ اور مرد دوبارہ ایسا سلوک نہیں کریگا جس سے اس عمل کو کرنے کی حاجت ہو۔ پھر کتاب میں لکھا گیا نقش اسم الہی والا اور حضور نبی کریم ﷺ کے نام مبارک والا ان کو ایک سفید کاغذ کے الٹی اور سیدھی طرف کالی سیاہی سے لکھیں اور اسے اپنے گھر میں فریم کروا کر لگائیں اور اگر خاوند ان چیزوں کو مانتا ہو تو اس نقش کو اس کے تکیے کے نیچے رکھ دے ہر لحاظ سے کھلائی و پلائی گئی پلیدی کا خاتمہ ہوگا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ونتزل	من القرآن	ماهو
من القرآن	ماهو	شفاء
ماهو	شفاء	ورحمة
شفاء	ورحمة	للمومنين

جس مرد نے عورت کو تابعدار بنانے کیلئے پلیدی پلائی ہو

اگر کوئی مرد اپنی عورت کو تابعدار بنانے کیلئے ایسے طریقہ کار کو اپناتا ہو جس سے اس کا مقصد اپنی عورت یا کسی غیر عورت کو تابعدار بنانا ہو اور وہ اعمال پلیدی پر مبنی کرتا ہو جس سے اس کا مقصد نہ پورا ہوا ہو اور وہ عورت کسی تکلیف میں مبتلا ہو جائے تو اس کے علاج کیلئے اس نقش کو زعفران سے دو عدد لکھے ایک کو وہ عورت اپنے گلے میں باندھے اور دوسرے کو کسی چینی کی طشتری پر زعفران سے لکھ کر روزانہ نہار منہ پیئے اللہ کے فضل سے اس عورت کے اندر جس بھی قسم کی کوئی پلیدی یا نجس چیز گھسی ہوگی اس کا خاتمہ ہوگا اور وہ عورت دوبارہ تندرست ہوگی۔ اس عمل کو کر لینے کے بعد عورت اپنے نام کے حروف نکال کر تعداد کے مطابق یا بعد نماز عشاء کلام پڑھے پڑھنے کی کوئی قید نہیں ہوگی بس پڑھنے کے بعد پانی پر دم کر کے پیئے (امنت باللہ وملئکة وکتبه و رسوله والیوم الاخر والقدر خیره وشره من الله تعالیٰ ولبعث بعد الموت لا اله الا الله محمد رسول الله) کا کثرت سے ورد کرے اور نقش والے پانی پر دم کر کے پیئے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

هو الطاهر	هو الطاهر	هو الطاهر	هو الطاهر
هو الطاهر	هو الطاهر	هو الطاهر	هو الطاهر
هو الطاهر	هو الطاهر	هو الطاهر	هو الطاهر
هو الطاهر	هو الطاهر	هو الطاهر	هو الطاهر

تمام گھر والوں کو قابو میں کرنے کیلئے پلیدی پلائی گئی ہو

بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے جس سے تمام گھر کے افراد دن بدن بیمار اور اذیتوں میں مبتلا ہونا شروع ہو جاتے ہیں اس بات کی کوئی صحیح وجہ سامنے بھی نہیں آتی ایسا ان کے کوئی عزیز یا رشتہ دار کرواتے ہیں جن پر ان کو پورا اعتبار اور بھروسہ ہوتا ہے اگر ان کو ان سے کسی بھی قسم کا کوئی مفاد ہو اور انکاری کی صورت بھی بن رہی ہو تو وہ اپنے مقصد کو کامیاب بنانے کیلئے ایسے عاملین سے پوچھ کر ایسا عمل بھی کروا دیتے ہیں جس سے اس عامل کی تابع چیزیں گھر کے کھانے والی اشیاء میں پلیدی خود ہی ڈال دیتی ہیں اور جو کوئی بھی اس میں سے کھاتا یا پیتا ہے تو اس پر اس عمل کا مکمل اثر ہو جاتا ہے اور نتیجے کے طور پر جو بھی سامنے آتا ہے اس سے تمام افراد مطلع بھی ہو جاتے ہیں اس عمل کو توڑنے کیلئے اس نقش کو اتنی تعداد میں لکھا جائے جتنے گھر کے کمرے ہوں پھر ہر نقش کو زعفران سے لکھ کر کمرے کے چاروں کونوں پر لٹکائے اور دوسرے نقش کو زعفران سے چینی کی طشتری پر لکھے اور روزانہ صبح نہار منہ گلاب کا عرق ڈال کر گھر کے تمام افراد پئیں۔ ان پر ایسے عمل کا اثر ختم ہوگا جس سے یہ کئی قسم کی تکالیف میں مبتلا ہونگے۔ اس عمل کو ایسی دکان پر بھی کیا جا سکتا ہے جس پر بہت سخت بندش کی گئی ہو۔ اگر اس عمل کو واقعی کیا گیا ہو تو یہ بات کھل کر سامنے آتی ہے کہ گھر میں سے پہلے ہلکی ہلکی اور پھر تیز سے تیز بدبو آتی رہتی ہے جو سونگھنے پر عجیب سی معلوم ہوتی ہے یہی اس عمل کی نشانی بھی ہوتی ہے اس لئے بتائے گئے طریقہ کار کے مطابق اس عمل کو کیا جائے عمل کرنے والے کا باوضو حالت میں رہنا شرط اول ہے۔

چاروں کونوں میں لگانے والا نقش

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

و ننزل من القرآن ما هو شفاء و رحمة للمومنين

طشتری پر لکھ کر پینے والا نقش

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ	لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ	لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ	لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ
لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ	لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ	لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ	لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ
لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ	لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ	لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ	لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ
لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ	لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ	لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ	فلان بن فلان

و ننزل من القرآن ما هو شفاء و رحمة للمومنين

جادو کے ذریعے پلیدی والے عمل کے اثرات

بعض حالت میں ایسا بھی ہوتا ہے جس سے مریض کا دل ہر برا کام کرنے کو کرتا ہے اور وہ کثرت سے ایسے کاموں کی طرف راغب رہتا ہے جس سے دوسرے افراد تعجب اور حیرت ظاہر کرتے ہوئے اس سے نفرت کرنے لگ جاتے ہیں لیکن اس بات کو قطعی نہیں سمجھتے کہ اسے کیا ہوا ہے ایسا جادو بھی ہوتا ہے جس سے پلیدی کی جگہ پر رہنے والی مخلوق اپنے عامل کے ماتحت اور اس کے حکم کے مطابق اس فرد کے جسم کے اندر گھس جاتی ہے اور جو اس مخلوق کا کام ہوتا ہے وہ اس فرد سے لیتی ہے اور یہ سلسلہ تب تک چلتا رہتا ہے جب تک وہ عامل اس مریض کی جان نہ چھوڑے یا اس مریض کا علاج نہ کیا جائے جس سے وہ مخلوق تنگ ہو کر اس مریض کی جان کو چھوڑ دے اس کے مکمل دفعیہ کیلئے چاندی کے چار کیل اس طریقے سے بنوائے کہ وہ اندر سے خالی رہیں اور باہر ان پر کوئی بھی عبارت صحیح طور سے لکھی جائے پھر پہلے کیل پر چھوٹے چھوٹے حروف میں پہلا قل شریف دوسرے پر دوسرا تیسرے پر تیسرا اور چوتھے کیل پر چوتھا قل شریف لکھ کر انہیں پانی میں ڈال کر اس کا پانی مریض کو پلایا جائے۔ اور گھر کے تمام افراد چاروں قل شریف کو زعفران سے پاک سفید کاغذ پر لکھ کر اپنے گلے میں باندھیں اللہ کے فضل سے جسم میں گھسی ہوئی پلیدی کا خاتمہ ہوگا۔

ق ل ا ع و ذ ب ر ب ا ل ن ا س م ل ک ا ل ن ا س ا ل

ہ ل ن ا س م ن ش ر ا ل و س و ا س ا ل خ ن ا س ا ل ذ

ی ی و س و س ف ی ص د و ر ا ل ن ا س م ن ا

ل ج ن ت ہ و ا ل ن ا س ۔

نا انجانی پلیدی کا خاتمہ

بعض مرتبہ ایسا بھی ہوتا ہے جس سے مریض کسی نا انجانی بیماری میں مبتلا ہو جاتا ہے اور مرض کی صحیح نشاندہی نہیں ہوتی لیکن مریض کی حرکات و سکنات سے اس بات کا اندازہ ضرور ہوتا ہے جس سے وہ ایسی کسی بیماری میں مبتلا ہے جو نفسانی خواہشات کو بڑھانے میں مدد دیتی ہے اور اللہ کی کلام سن کر غصہ ابھر آتا ہے یہ علم بھی پلید قسم کا ہوتا ہے جس سے اس عمل کا عامل مریض کو اس مصیبت یا بیماری میں مبتلا کر سکتا ہے اس لئے اگر کوئی ایسا فرد ہو اور اسے اپنی نفسانی خواہشات پر شک گذرنے لگ جائے کہ ایسا پہلے نہیں ہوتا تھا اور نہ ہی پہلے ایسا ہونا چاہئے تھا لیکن ایسا ہو رہا ہو تو سفید کبوتر کے خون کو بروز اتوار ذبح کرے اور اس کے خون سے اس نقش کو لکھ کر اپنے گلے میں باندھے اور نماز پڑھنے میں کوتاہی نہ کرے۔ شفاء ہوگی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ پاک ہے	اللہ بے عیب ہے	اللہ ظاہر کو جانتا ہے	اللہ باطن کو جانتا ہے
هو القاهر والطاهر	هو الطاهر والقاهر	هو القاهر والطاهر	هو الطاهر والقاهر
هو القوى والعلى	هو العلى و القوى	هو القوى والعلى	هو العلى والقوى
لا الہ	الا اللہ	محمد رسول	اللہ

فلان بن فلان مجھے اللہ اپنی پاک کلام کے صدقے میں شفاء سے نوازے (آمین)

بذریعہ جادو دل و دماغ پلیدی کی طرف مائل ہونا

بعض حالت میں جادو کے زور پر ایسے عملیات بھی کئے جاتے ہیں جس سے مریض کا دل زیادہ سے زیادہ فحش کاموں اور شہوت پسندی پر مبنی ہوتا ہے اور اس کا دل ہر وقت صحبت کرنے کو کرتا رہتا ہے صحبت کرنے کیلئے اپنی شریک حیات کو لازمی نہیں سمجھا جاتا بلکہ ایسے طریقہ کار کو جادو کی بدولت نکالا جاتا ہے جس سے دوسرے افراد گھبراتے ہیں اور دین اسلام میں ایسی شہوت پسندی کا نام زنا ہے لیکن وہ مریض یا شخص اس نوعیت کے جادو سے مغلوب ہوتے ہوئے اس بات کی پرواہ کئے بغیر کثرت سے ایسے کاموں کی طرف خود مائل ہوتا ہے جس سے کسی کی بھی کوئی نصیحت اپنا اثر نہیں دکھاتی اسی طرح سے بعض اوقات اسی نوعیت کے جادو سے مغلوب ہوتے ہوئے ایسی حرکات کو اپنا لیتی ہے جس سے اوپر والی کیفیت کو ظاہر کیا گیا ہے ایسی خاتون کا دل کرتا ہے کہ وہ اپنے پہنے ہوئے کپڑوں کے اندر پیشاب کردے یا اپنے تن کے کپڑے بھی اتار دے جس سے دوسرے اسے دیکھیں اور اس کے نفس کو ایسا کر کے سکون ملے ایسی کیفیت میں مریض کا خود پر کسی بھی قسم کا کوئی اختیار نہیں رہتا بس جس طرح سفلی علم کے ماہر نے ایسا کیا ہوتا ہے اس کا اثر اس کے پورے وجود میں گھس کرنا چاہتا ہے جس سے دوسرے افراد نصیحت حاصل کرتے ہیں اور اگر اس کیفیت والے مریض کا بروقت صحیح علاج نہ کیا جائے تو مریض ہلاک کم اور پاگل زیادہ ہو جاتا ہے اور ایسا علم اپنی کیفیت کو پورا کر کے ختم ہو جاتا ہے جس کا صرف ایک ہی علاج پیر کامل بن جاتا ہے جس کی اس دور میں کثرت سے ضرورت ہے۔ اگر ایسے افراد کا علاج کرنا ہو تو اس نقش کو اسی مریض کے خون سے لکھا جائے (یعنی جس طرح ڈاکٹر حضرات خون چیک کرنے کیلئے

نکالتے ہیں) اتنا خون ضرور حاصل کیا جائے جس سے یہ نقش با آسانی تحریر ہو سکے پھر اس نقش کو اس مریض کے گلے میں باندھا جائے اور ایک عدد اضافی نقش کو سات مختلف رنگوں سے لائینیں کھینچ کر اس کے اندر نیلی روشنائی سے لکھے اور اسے مٹی کے گھڑے میں ڈال کر اس کا پانی کثرت سے پلائے اللہ کے حکم سے اس مریض کی اصلاح ہوگی اور ناجائز شہوت کا خاتمہ ہوگا اور شیطان اپنے غلبے کو کم کر دیگا۔ انشاءاللہ

٩٧	٩٩	٩٢	٣٨٦	٦٦
لاالہ	الااللہ	محمد	رسول	اللہ
٢٩٣	٦٣	٦٥	١٠٦	٩٠
١٠٣	٩٨	٩٣	٩٢	٦٣
٦٠	٦١	١٠٢	٩٦	٣٠٠
٩٣	٢٠٨	٦٨	٥٩	١٠٠

آسیب

جس کے اس دور میں کئی نام نکال دئے گئے ہیں جتنے منہ اتنی باتیں لیکن اس کی اصل شکل اور حرکات وسکنات کس قسم کی ہوتی ہیں اس کے متعلق غور سے مطالعہ فرمائیے یہ ایک قسم کا سایہ ہوتا ہے جو مختلف اقسام میں ہوتا ہے کئی گھروں میں یہی سایہ بزرگوں کا روپ دھارے پھرتا ہے اور لوگ کہتے ہیں ہمارے گھر میں بزرگ ہیں ان میں سے بعض اچھے اور بعض برے ہوتے ہیں جو برے ہوتے ہیں وہ گھر والے تکلیف اور اذیت میں اس قدر مبتلا رہتے ہیں کہ کوئی بھی نقش یا تعویذ اپنا اثر ہرگز نہیں دکھاتا اور جیسے جیسے علاج کیا جاتا تکلیف اور بڑھتی رہتی ہے اس لئے کہ ان میں اتنا زیادہ اثر ہوتا ہے کہ جب تک کوئی عامل ان کا مقابلہ نہ کرے تو یہ کسی بھی روحانی علاج سے قابو میں نہیں آتے اور جیسے ہی کسی عامل کو اپنے گھر میں بلوایا جاتا ہے یہ آگے سے کہیں زیادہ اور تکلیف میں مبتلا کر دیتا ہے۔اس کا صحیح اور مجرب توڑ کیا ہوتا ہے اس کا آگے چراغ والے عمل میں ملاحظہ کیجئے۔اس کی اپنی کوئی دھویں کے علاوہ کوئی شکل نہیں ہوتی لیکن یہ کسی کا بھی روپ اپنا سکتا ہے اور اس جیسی آواز نکال سکتا ہے۔جس طرح گھر کا کوئی فرد ہو اس کے اندر ایک یہ بھی خصوصیت ہوتی ہے کہ یہ کسی کے بھی جسم کے اندر خلول کر سکتا ہے اور اسے زیادہ سے زیادہ اذیت کا نشانہ بنا سکتا ہے۔یہ برے آسیب کی نشانی ہوتی ہے جو گھر کے کسی بھی ایک فرد کو خصوصاً عورت ذات کو اپنے زیر سایہ کرتے ہوئے اس کے جسم کے اندر گھس کر اسے اذیت کا نشانہ بناتا ہے یا اگر کوئی مرد اس گھر میں اس کی جگہ پر پیشاب کر دے تو یہ اس کو بھی معاف نہیں کرتا آسیب کی اقسام میں سے بعض جو اچھے ہوتے ہیں وہ گھر کے دیگر

افراد سے پیار کرتے ہیں جس کی علامت یہ ہوتی ہے کہ گھر میں سے بعض اوقات بہت پیاری اور ایک عجیب سی خوشبو آتی ہے یہ نماز پڑھنے والوں کو پسند کرتے ہیں۔اور نمازی خواتین ومردوں کی مدد کرتے ہیں اور دنیاوی کئی معاملات میں ان کے کام بھی آجاتے ہیں اور عقل اس بات کو سوچتی رہتی ہے کہ میرا یہ فلاں کام کیسے ہوگیا۔یہ تسخیر میں کم ہی آتے ہیں اگر کوئی گھر کا فرد اس قسم کا کوئی سایہ اپنے گھر میں محسوس کرے تو ہرگز ہرگز ان کو اپنے تابع کرنے کی کوشش نہ کرے ورنہ وہ اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھے گا۔اگر اس قسم کا سایہ گھر میں کوئی ایسی حرکت نہ کرے جس سے دوسرے افراد ڈر جائیں تو انہیں ہرگز نہ چھیڑا جائے بلکہ اپنے کام سے کام رکھتے ہوئے مگن رہنا چاہئے یا زیادہ سے زیادہ اللہ کی عبادت کرنی چاہئے کیونکہ ان میں بعض خود بھی پرہیز گار ہوتے ہیں اور نمازی آدمی کی قدر کرنے کے ساتھ ان کے دنیاوی معاملات میں ان کا وسیلہ بن جاتے ہیں۔بعض اوقات ان میں سے کسی بزرگ کا روپ دھار کر گھر والوں کو نظر بھی آتے ہیں اگر کوئی ان کو دیکھے تو ان سے ڈرنے کی بجائے وہاں اس مقام پر درود شریف کو کثرت سے پڑھے ان کو سکون ملتا ہے اور وہ درود پاک پڑھنے والوں کیلئے دعا کرتے ہیں۔انہی میں ایک قسم ایسی بھی ہوتی ہے جو پاک اور پرہیز گار رہنے والوں کو اذیت دیتے ہیں مثلاً اگر کسی کے گھر میں اس قسم کا سایہ ہو اور اس میں کوئی خاتون پانچ وقت کی نمازی پرہیز گار ہو تو یہ اس کے جسم میں داخل ہو کر اسے ایسی اذیت کا نشانہ بناتا ہے جس سے وہ عورت لاغر ہوتے ہوئے نماز پڑھنے کے قابل نہیں رہتی اور روحانی امراض کے ایسے داؤ پیچوں میں الجھ جاتی ہے جس سے اس کا کوئی بھی علاج نہیں ملتا اس کے حل کیلئے وہ خاتون اپنے گھر کے کونوں میں صبح وشام اذانیں دلوائے اور خود شش کلمہ شریف کو اپنا ورد بنائے رکھے۔

جن

کئی افراد کے منہ سے اس بات کو سنا اس بات کو سنتے ہی ہنسی بھی آئی اور دکھ بھی ہوا کہ ایک عام سی بات ہے کہ جنات آگ کی پیدائش ہیں یعنی جو مخلوق جس چیز کی پیدائش ہے اس پر آگ کا اثر کیسے ہو سکتا ہے لیکن بعض جاہل پیر حضرات حساب دیکھ کر بتاتے ہیں کہ آپ نے جنات کے بچے جلا دئے ہیں اب وہ آپ کو نہیں چھوڑیں گے یا اس قسم کی بیوقوفانہ قسم کی باتیں آجکل کے حساب کی زینت بن چکی ہیں۔ یہ بہت زبردست قسم کی ناری مخلوق ہوتی ہے جو اس وقت آبادی میں بہت کم دیکھنے کو ملتی ہے لیکن ان کے ساتھ جو اس دور میں بھی زیادتی ہوتی ہے وہ یہی ہے کہ جو کام یہ مخلوق نہیں بھی کرتی لوگ انہی کاموں کو ان سے منسوب کرتے ہیں۔ اس مخلوق کے مزاج کے خلاف کیا ہوتا ہے اور کن کاموں کو کرنے کا اسے شوق ہوتا ہے غور سے مطالعہ کیجئے۔ جنات کوئی بھی چھوٹا دنیاوی کام ہرگز نہیں کرتے بلکہ بڑے بڑے کام کرنے کا انہیں شوق ہوتا ہے جیسے علم الحاضرات کی بنیاد پر کسی کے دفن کئے ہوئے تعویذات کو اپنے سامنے حاضر کرنا یہ اس مخلوق کا ہرگز کام نہیں ہے کیونکہ اس کا شمار چھوٹے کاموں میں ہوتا ہے۔ کسی کو بھی بڑی سے بڑی اذیت کا نشانہ بنانا اور لاعلاج امراض میں مبتلا کرنا اس قسم کے کام جنات کی مخلوق کرتی ہے۔ یہ مخلوق آگ کو پوجتی ہے اور ان میں بہت سی اقسام ہیں بعض نہایت عبادت گزار اور عامل قسم کے ہوتے ہیں جو مخلوق جنات سے تعلق رکھتے ہوئے چلے بھی کاٹتے ہیں اور اس محنت کے عوض میں حاصل کی گئی طاقت کا بھرپور فائدہ اٹھاتے ہیں بعض حافظ قرآن ہوتے ہیں جن کے سامنے دنیاوی عامل ایک پل بھی نہیں ٹھہر سکتا ایسے جنات پرہیزگار عورتوں اور عبادت گذار مردوں کیلئے بہت

کثرت سے دعا کرتے ہیں۔ اور دنیاوی کاموں میں ان کی مدد کرتے ہیں دنیا میں ایسا کوئی کوئی خوش نصیب ہوتا ہے جن کو ایسی مخلوق مل جائے جس کا اوپر ذکر کیا گیا ہے۔ ان سے کیسے رابطہ کیا جا سکتا ہے اس کا آگے چراغ والے عمل میں بتایا جائیگا۔ اسی مخلوق کا ایک دوسرا پہلو دیو کی شکل میں ہوتا ہے جو نہایت ہی سرکش اور شیطان کا ساتھی ہوتا ہے یہی خوبصورت عورتوں کے ساتھ ہم بستری کرتا ہے اور کسی مرد یا عورت کے جسم کے اندر گھس کر اسے غیر عورتوں یا غیر مردوں سے ہم بستری پر اکساتا ہے اس میں رشتے ناطوں کو بھی نہیں دیکھا جاتا یعنی اگر ایک گھر میں پانچ افراد رہتے ہیں اور اس کا گذر وہاں سے ہو گیا ہے تو یہ حتیٰ الامکان یہی کوشش کرتا ہے کہ توبہ نعوذ باللہ بیٹا اپنی ماں سے ہم بستری کرے،، بہن اپنے بھائی سے ہم بستری کرے، باپ اپنی بیٹی سے ہم بستری کرے اور اس قسم کے کئی دنیاوی رشتے ناطوں کو یہ آپس میں ہم بستری کروا کر خوش ہوتا ہے اور موقع ملنے پر خود بھی گھر کی عورتوں سے ہم بستری کر کے سکون حاصل کرتا ہے۔ ایسے کئی شواہد میری اپنی آنکھوں کے دیکھے ہوئے ہیں۔ اس طرح کے کاموں کو سرانجام دینے والا جن نہیں بلکہ دیو ہوتا ہے جو بے انتہا طاقت کا مالک ہوتا ہے دنیا میں کوئی بھی مخلوق ہو ان سب کے اندر موجود طاقت کو بخشنے والا اللہ رب العزت ہی ہے۔ آگے اس مخلوق کا اپنا مزاج ہوتا ہے جو اپنے مزاج کے تابع رہتے ہوئے کس انسان سے کیا سلوک کرتی ہے اور کس انسان سے کیا یہاں مراد انسانی خصلت سے ہے جو اپنے مزاج کے تابع رہتے ہوئے جو کام بھی کرتا ہے اسے اچھا یا برا لگنا اس کے اپنے مزاج کے تابع ہوتا ہے۔ بالکل اسی طرح مخفی مخلوق جو کوئی بھی ہو وہ کوئی بھی کام اپنے مزاج کے تابع رہنے کے کرتی ہے یا پھر اس انسان کے تابع جو ان کو بلانے کے طریقے کار سے واقفیت رکھتا ہے۔

آسیب، جنات، بھوت، خبیث، بدروح، ڈائن، ڈاکنی، پچھل پیری، ہوائی چیزیں اور دیگر مخلوق

یہ تمام مخلوق مختلف اقسام میں اس کائنات میں موجود ہیں جو کس ذریعے سے اس کائنات میں آئی ہیں میرا ان کے متعلق کوئی مشاہدہ نہیں ہے لیکن ان کا توڑ اور ان کو بھگانے کے کئی طریقہ کار میرے پاس موجود ہیں جس کا تفصیل وار اور زبردست قسم کا توڑ آگے چراغ والے عمل میں درج ہوگا۔ میں نے جس بات کی زیادہ تحقیق کی ہے ان کا وجود اب بھی موجود ہے اور باقاعدہ قرآن مجید میں سورہ جن کا موجود ہونا اسی بات کی اہمیت دلواتا ہے کہ جیسے انسان اس کائنات میں موجود ہیں اسی طرح قوم جنات بھی ہے اور روز محشر انسانوں کے ساتھ جنات کو بھی ان کی زندگی گزارنے کے متعلق پوچھ گچھ ہوگی۔ اس لئے سایہ، و جنات کے متعلق مختصر طور سے دوسرے افراد کو سمجھانے کیلئے اور کتاب کا حجم دیکھتے ہوئے چند باتوں میں مکمل بات کو سمجھانے کی کوشش کی گئی ہے جس سے عقلمند افراد فوری طور سے سمجھ جائیں گے اس لئے جو دوسری مخلوق کے نام لکھے ہیں یہ بھی انہی کی نسل سے منسوب مخلوق ہے۔ جو مختلف قسم کے خلیوں اور روپ دھارنے میں ماہر ہوتی ہے اور جو بعض اوقات تو خوبصورت عورت نظر آتی ہے لیکن جب اپنا اصل روپ دکھاتی ہے تو بڑوں بڑوں کی چیخیں نکل جاتی ہیں۔ اسی طرح سے ایک قسم بھوت کی ہے جو مختلف روپ دھارنے میں ماہر ہوتا ہے اور کئی قسم کے نقصانات ایک لمحے میں کر جاتا ہے اوپر درج سوائے نیک قسم کا سایہ یا جنات کو چھوڑ کر جتنی بھی مخلوق ہے وہ سب کی سب نقصان در نقصان کر سکتی ہے اور کسی کا بھلا نہیں کر سکتی اور نہ ہی ان سے کسی بھی قسم کے کوئی بھلے کی توقع کرنی چاہئے کیونکہ ان کی مکمل تشریح کرنے

کیلئے علیحدہ سے ایک کتاب کی ضرورت ہے۔ جس کی اس میں لکھنے کی گنجائش نہیں ضروری اور تمام معلومات قسم کی باتیں کتاب میں ضرور درج کی ہیں جن کی تفسیر اگر کوئی صاحب عقل والا کریگا تو اس کو تمام باتیں سچی نظر آئینگی۔ کیونکہ اس گہما گہمی کے دور میں کسی کی دھیان سے کوئی بات سنتا نہیں ہے اور جو اپنے دل کو اچھا لگتا ہے کسی کا نام لیکر بیان کر دیتے ہیں جس سے بات کی صحیح تصدیق نہیں ہوتی اور جو اس علم پر مکمل عبور رکھتے ہیں ان کی بات بھی جھوٹی معلوم ہوتی ہے۔ اس لیئے الحمدللہ میری اس کتاب میں لکھی گئی باتوں کو ہر خاص و عام مانے گا کیونکہ یہ کسی کی نقل نہیں ہیں اور نہ سنی سنائی باتیں جو کوئی بھی اپنی زندگی میں ان نشانیوں کو موجود پائے وہ بغور مطالعہ کرتے ہوئے میری لکھی ہوئی باتوں کو غور سے سمجھے اس کو اور بھی بہت سی ان سمجھ باتیں سمجھ آجائیں گی۔ کتاب میں تمام قسم کے جادو ٹونے اور ہر قسم کے سایہ آسیب کے شر سے محفوظ رہنے والے نسخہ جات کو مکمل صحت سے بیان کیا گیا ہے۔ جو کوئی محنت کر کے علم کے دریا میں غوطہ لگائے گا وہ اس میں سے بہت کچھ نکال لیگا۔ ڈائن ڈاکنی، بھوتنے، چھلیڈے، اور ہندوؤں کی دیویاں یہ سب روحانی مخفی مخلوق ہیں جن پر کئی افراد نے محنت کر کے اس بات کی تحقیق کی ہے کہ ان کو بلانے کا کیا طریقہ ہونا چاہئے جس سے یہ ہمارے دنیاوی کاموں میں ہماری مدد کریں زیادہ تر ہندو مذہب سے تعلق رکھنے والے ان کو پکارتے ہیں اور اپنے طریقہ کار سے واقفیت ہونے کے علاوہ عملیاتی طور پر ان کو اپنے پاس حاضر کر کے ان سے دنیاوی کاموں میں مدد لیتے ہیں اور جو کوئی بھی فرد ان کو انہی کی کلام سے پکارتا ہے یہ ضرور اس کے پاس آتے ہیں اب یہ کس کی نسل چلی ہوئی ہے جو بارہ ہاتھوں والی دیوی ہے یا ہنومان ہے میرا اس کے متعلق زیادہ مطالعہ نہیں ہے لیکن دیکھنے میں یہی آیا ہے کہ اب زیادہ مسلمان ان کو اپنے پاس بلانا چاہتے ہیں اور ان سے کام لینا چاہتے ہیں۔

روحانیت کا عجیب وغریب چراغ

چراغ جلانے کے آداب اور شرائط جوافراد کتاب میں اس عمل کو کرنا چاہتے ہوں وہ ان ہدایات کو ضرور یاد رکھیں اور اس کے مطابق عمل کریں، ورنہ بہت زبردست قسم کی رجعت میں گرفتار ہونے کا اندیشہ رہیگا اور کام بننے کی بجائے بگڑتے جائیں گے۔اس لئے اس عمل کو کرنے کیلئے ایک بالکل ہی علیحدہ کمرے کی شرط رکھی گئی ہے جہاں صرف پاک اور باوضو حالت والے افراد ہی داخل ہوسکیں گے چراغ کو بروز جمعرات جلانے والا پاک و صاف ہونا چاہئے اور روزانہ اسی کمرے میں قرآن پاک کا ایک سپارہ ضرور پڑھنا چاہئے جادو کے توڑ کے علاوہ اگر کوئی بھی جائز ضرورت ہوتو اسی چراغ کو جلا کر پہلے کم از کم بارہ نفل ادا کرے اور پھر اپنی حاجت کا کامل تصور باندھ کر قرآن پاک کی تلاوت شروع کردے اسی عمل کی بدولت کام ہونے یا نہ ہونے کا اشارہ بھی مل جائیگا۔اور اللہ کے فضل سے وہ جائز کام ضرور ہوجائیگا جس کو انسان کرنے کا ارادہ رکھتا ہوگا۔اگر کسی کو سایہ آسیب ہوتو اسی چراغ میں سے تھوڑا سا تیل روزانہ نکال کر مریض کے سر کی مالش کی جائے اور رات کو سونے سے پہلے ایک ایک قطرہ کان میں ڈالا جائے۔مختصر یہی ہے کہ چراغ کو صرف جائز ضرورت کے وقت جلایا جائے اور پاک وصاف حالت میں جلایا جائے۔پاک صاف انسان کو اللہ بھی بہت پسند کرتا ہے۔اور روح بھی تر وتازہ رہتی ہے۔جس کمرے میں اس چراغ کو جلایا جائے اللہ کی زیادہ سے زیادہ عبادت بھی اسی جگہ پر کی جائے اور اس کے علاوہ کوئی بھی فضول گوئی نہ کی جائے جوتیاں اس کمرے میں ہرگز اندر نہ لے جائی جائیں بلکہ اس کا حمام باہر کسی جگہ پر کیا جائے اس عمل کے اندر زبردست قسم کا استخارہ بھی ہے اور کئی غیبی قسم کی امداد

بھی اسی عمل کا حصہ ہیں بزرگان دین کی زیارات بھی اسی عمل کی بدولت سو فیصدی ہوجاتی ہے لیکن اس عمل کو یہاں بطور جادو وآسیب اور ہر اس تکلیف کو رفا کرنے کیلئے درج کیا جارہا ہے جس کا علاج انسان آج بھی ڈھونڈ رہا ہے۔

یہ اس قسم کا روحانی چراغ ہے جس کی بدولت بڑے سے بڑا جادو گھر میں داخل نہیں ہوسکتا اور اگر پہلے سے داخل ہوا ہوتو اس کے جلانے سے اور بتائے گئے طریقہ کار کے مطابق استعمال کرنے سے بہت سے دینی ودنیاوی فوائد حاصل ہوتے ہیں اور جادو جیسی قباحت اس کے سامنے ایک سیکنڈ بھی ٹھہر نہیں سکتی اس عمل کا عامل بھی بنا جاسکتا ہے جس کی بدولت بڑے سے بڑے جادو کا خاتمہ کیا جاسکے عامل بننے کا جو طریقہ کار ہے یہ مشکل تو ہے لیکن ناممکن نہیں پرہیز جلالی و جمالی اس عمل کی شرط اول ہے۔اب جس طرح کی شکل اس چراغ کی نیچے بنائی گئی ہے بالکل اسی طرح کا ایک چراغ تانبے کا بنوایا جائے اور جس طرح اس کے اندر نام کندہ ہیں اسی طرح نام بھی لکھوائے پھر اس چراغ کو نوچندی جمعرات سرسوں کا تیل ڈال کر جلائے اور جس کمرے میں اس چراغ کو رکھے وہاں کوئی بھی غیر ضروری سامان موجود نہ ہو اس عمل کی کل مدت اکتالیس یوم ہوگی اس دوران کسی بھی غیر عورت کو اپنے اس کمرے میں داخل نہ ہونے دے اور نہ ہی کسی بھی غیر مرد کو بلکہ اگر کوئی اندر آنے کی حاجت رکھتا ہوتو اسے سب سے پہلے وضو کروایا جائے اور خود بھی باوضو حالت میں اندر داخل ہو چراغ کو بعد نماز عشاء جلایا جائیگا اور ایک عدد اگربتی کو سلگایا جائے دوران عمل یعنی پڑھنے کے دوران اگربتی بجھنی نہیں چاہئے بلکہ اس کے بجھنے سے پہلے دوسری کو جلا دیا کرے۔پھر ان کلمات کو چراغ جلا کر اور بتائے گئے طریقہ کار کے مطابق سوا لاکھ کی تعداد میں اکتالیس دنوں کے اندر پڑھے (اللہ پنجتن پاک) اکتالیس دنوں کے اندر اس عمل کا

جس کسی بھی جادو گرفتہ فرد کو چراغ جلا کر چند مرتبہ ہی یہ کلمات پڑھے گا تو عامل بن جائیگا پھر جس نوعیت کا جادو ہوگا اس کے متعلق صحیح معلوم ہوگا اور اس کا کیا علاج کیا جانا چاہئے اس کے متعلق بھی بتایا جائیگا دوران عمل پنجتن پاک کی حاضرات بھی ہوگی جن سے ڈرنا نہیں ہوگا بلکہ وہ اپنے پکارنے والوں کے پاس آتے ہیں۔ چراغ کی شکل وصورت تانبے کی دھات سے اس طرح بنے گی۔

اگر کوئی بھی اس چراغ کو تیار کروا کر اپنے گھر میں ہر جمعرات کو بعد نماز مغرب جلائیگا تو اس کے گھر رحمتوں کی بارش ہوگی اور وہ گھر ہر طرح کے فتنہ وفساد سے محفوظ رہیگا کسی بھی نوعیت کا جادو گھر کے اندر داخل نہیں ہو سکے گا اگر گھر میں بد سایہ یا جنات ہونگے تو وہ اس کے دھوئیں سے خوف کھاتے ہوئے اس گھر کو چھوڑ جائیں گے اس کے جلانے کے اور بھی بہت سے فوائد ہیں کاروبار وسیع ہوگا اور زیارت بزرگان دین کی ہوگی۔ اگر اس چراغ کو کسی دکان یا کاروباری مقام پر ہر جمعرات کو جلایا جائے تو کہاں کہاں سے گاہک آئیں گے اس بات کی سمجھ نہیں آئیگی لیکن دکانداری خوب چمکے گی۔ گھر میں اس چراغ کو وہاں جلایا جائے جہاں نماز پڑھی جاتی ہو یا قرآن پاک کی تلاوت کی جاتی ہو اللہ کے فضل سے کسی بھی تعویذ یا کسی بھی شے کی کوئی کمی نہیں رہیگی یہ عمل خاص سینہ بہ سینہ ہے جس کو دکھی انسانیت کی فلاح کیلئے

درج کیا گیا ہے اللہ کی پاک کلام اپنی جگہ پر ہے لیکن اس قسم کیا عمال میں بہت زبردست قسم کا اثر پایا جاتا ہے جس سے دنیاوی مقاصد فوری طور سے پورے ہوتے ہیں۔ اور انسان خود بخود اللہ کی جانب مائل ہوتا ہے کوئی بھی برا کام کرنے کو جی نہیں کرتا اور اگر کوئی پہلے سے کسی بد فعلی میں مبتلا ہو تو وہ اس چراغ کی برکت کی بدولت خود بخود اصلاح کی جانب مائل ہوگا۔

چراغ کے زبردست خواص

اگر کوئی فرد جادو ٹونے میں مبتلا ہو تو وہ اس چراغ کو روزانہ بعد نماز عشاء کے بعد جلائے اور اس کے اندر کتاب کے اندر جو فتیلہ جات درج ہیں ان کو دنوں کے حساب سے لکھے اور اپنے پورے جسم پر مل کر اس چراغ میں جلائے فتیلے تیس عدد ہونگے روزانہ ایک نیا فتیلہ لکھنا ہوگا اور چراغ میں تیل سرسوں کو جلانا ہوگا تیس دن کے اس عمل کے بعد اللہ کے حکم سے بڑے سے بڑا جادو فتیلے کی طرح جلنے کے ساتھ جل کر خاک ہوگا اور مریض کو سو فیصدی جادو سے نجات ہوگی۔ پھر کتاب میں سے کسی جادو کے دفعیہ کیلئے نقش کو دیکھ کر اس کے اصولوں کے مطابق لکھے اور اپنے گلے یا بازو جس طرح لکھا ہوگا اسے استعمال کرے کسی جعلی عمل کی حاجت نہیں رہیگی

اگر کسی دکان کا چلتا ہوا کاروبار بند ہوگیا ہو یا کسی بھی قسم کی کوئی بندش کردی گئی ہو۔ تو چراغ کو جلانے سے پہلے اپنی دکان کے کسی پاک وصاف مقام کا بندوبست کرے اور دکان میں داخل ہونے کے ساتھ الٹی طرف اس کو جلانے کا اہتمام کرے پھر روزانہ بعد نماز مغرب خفیہ طور سے اپنے مقصد کا تصور باندھ کر چراغ کو جلائے اور اکیس دنوں سے لیکر اکتالیس دنوں تک اس عمل پر کاربند رہے عمل کا ذکر کسی سے بھی نہ کیا جائے پھر کتاب میں رزق وروزی

بڑھانے والے نقش کو بتائے گئے طریقہ کار کے مطابق لکھ کر استعمال کرے اللہ کے حکم سے بڑی سے بڑی رکاوٹ اور بندش کا خاتمہ ہوگا۔ اگر کوئی بچہ یا خاتون ام الصبیان یا پرچھاویں کا شکار ہوگئی ہو تو اس چراغ کو جلا کر اس کے سامنے بیٹھے اور جب چراغ کم از کم ایک گھنٹہ جل جائے تو اس میں سے تیل اسی وقت نکال کر اس تیل کی مالش اپنے سر پر کرے اور اگر کوئی بچہ لاغر ہو رہا ہو تو اس کے پورے جسم پر اسی تیل کی مالش کی جائے اللہ کے حکم سے ام الصبیان یا پرچھاویں کا مکمل کاتمہ ہوگا۔ بزرگان دین کی زیارت کیلئے چراغ کو روزانہ بعد نماز عشاء جلائے اور اس مقام پر کامل پرہیز گاری کا ثبوت پیش کرتے ہوئے باوضو حالت میں رہے اور جس بزرگ کی زیارت کرنے کا ارادہ ہو ان کا کامل تصور باندھ کر (سلام قول من رب الرحیم) کو گیارہ سو مرتبہ پڑھے اور چراغ کو جلتا رہنے دے اس عمل کو گرمیوں کے موسم میں نہ کیا جائے بلکہ سردیوں کے موسم میں کیا جائے تاکہ جسم سے کسی بھی قسم کی بدبو نہ آتی ہو اور دوران عمل کوئی اچھی سی خوشبو والی اگربتی ضرور جلائے پڑھنے کی تعداد میں اگربتی بجھنی نہیں چاہئے اور زیادہ کوشش یہی کرے کہ پڑھنے کے دوران اپنی آنکھوں کو بند کر کے اس بزرگ کا کامل تصور باندھا جائے اللہ کے فضل سے بزرگ کی زیارت ہوگی اور ان سے بات چیت ہو سکے گی۔ استخارے کے طور پر اس چراغ سے کام لینے کیلئے اور کسی بھی فرد کے گذرے ہوئے اور آئندہ پیش آنے والے واقعات کے متعلق پتہ لگانے کیلئے چراغ کو بعد نماز عشاء جلا کر وہاں کامل پرہیز گاری سے بیٹھتے ہوئے اور باوضو حالت میں (یا خبیر اخبرنی من اسرار الغیب) کو گیارہ سو کی تعداد سے پڑھے اور اگر کانوں میں کوئی آواز سنائی دے تو اس سے گھبرائے نہ بلکہ اس عمل کو شروع کرنے سے پہلے اپنی حصار ضرور کرے اس عمل کی کوئی قید بھی مقرر نہ کرے جب مقصد پورا ہو تو عمل ترک کر دے اور چراغ کو روز جلائے۔

سالہا سال سے رہنے والے جنات کا توڑ مشکل سے ہوتا ہے

بذریعہ جادو ایسا عمل کیا جاتا ہے۔ جس سے متعلقہ خاتون کے پستانوں میں شدید قسم کا درد رہتا ہے اور کئی علاج معالجے کے بعد بھی آرام نہیں آتا اس کو جڑ سے ختم کرنے کیلئے اس نقش کو نیلی سیاہی سے لکھ کر سرسوں کے تیل میں ڈال کر ستاروں کے سامنے رکھ دیں اور صبح نہار منہ اس تیل کی مالش پستانوں پر کی جائے جادو کا خاتمہ ہوگا۔

۱	۴۷	۴۴	۸
۴۵	۷	۲	۴۶
۶	۴۲	۴۹	۳
۴۸	۴	۵	۴۳

جسم پر خارش

جادو سے ایسا عمل بھی کیا جاتا ہے۔ جس سے اگر عورت ہو تو اس کی شرم گاہ پر خارش ہوتی رہتی ہے جس سے وہ کسی بھی محفل میں نہیں بیٹھ سکتی اور اگر مرد ہو تو اس کے ساتھ بھی یہی کیفیت ہوتی ہے جس سے وہ کسی بھی محفل میں نہیں بیٹھ سکتا اس صورت میں اس نقش کو زعفران سے لکھ کر ایک عدد پیا جائے ایک کو اپنی کمر میں باندھا جائے۔

۳۵۳۳[illegible]	[illegible]	۲۵۳۴۰	۲۵۳۳۷
۲۵۳۴۱	[illegible]	۲۵۳۳۱	۲۵۳۴۲
۲۵۳۳۵	۲۵۳۳۸	۲۵۲۴۵	۲۵۳۳۲
۲۵۳۴۴	۲۵۳۳۳	۲۵۳۲۴	۲۵۳۳۹

عورت کی شہوت کو باندھنا

بذریعہ جادو اس قسم کا بھی عمل کیا جاتا ہے جس سے اس عورت کی شہوت بندی ہو جاتی ہے اور اس کا دل صحبت کرنے کو نہیں کرتا اور اگر اس عورت کا مرد اس سے خواہش پوری کرنی چاہے تو وہ نفرت کا اظہار کرتی ہے اس کیفیت کے خاتمے کیلئے وہ عورت خود یا اس کا کوئی عزیز یا میاں اس نقش کو چینی کی پلیٹ پر لکھ کر اس پر شہد ڈال کر چٹائے بستہ شہوت کھل جائیگی۔

۸	۱۱	۵۵۶	۱
۵۵۵	۲	۷	۱۲
۳	۵۵۸	۹	۶
۱۰	۵	۴۰	۵۵۷

مرد کی شہوت کھولنا

اسی طرح جادو کی بنیاد پر مرد کی شہوت بندی کر دی جاتی ہے جس سے وہ علیحدہ گم سم سب سے ہٹ کر اکیلا ہی رہنا پسند کرتا ہے اور اس کا دل اپنی عورت سے صحبت کرنے کو بھی نہیں کرتا اس جادو کا خاتمہ اور تندرست بننے کیلئے اس نقش کو چینی کی پلیٹ پر کالی سیاہی سے لکھ کر شہد ڈال کر چاٹے جادو کا خاتمہ ہوگا۔

۶۳۳۵۴	۶۳۳۵۷	۶۳۳۵۱	۶۳۳۴۷
۶۳۳۶۵	۶۳۳۵۸	۶۳۳۸۳	۶۳۳۵۸
۶۳۳۴۹	۶۳۳۶۳	۶۳۳۵۵	۶۳۳۵۲
۶۳۳۲۵	۶۳۳۵۱	۶۳۳۵۵	۶۳۳۶۳

۲۷	۳۰	۳۳	۲۰
۳۲	۲۱	۲۶	۳۱
۲۲	۳۵	۲۸	۲۵
۲۹	۲۴	۲۳	۳۴

مردانہ قوت سلب ہو

اگر کسی نے جادو کے ذریعے کسی مرد کو نامرد بنا دیا ہو جس سے اس کی مردانہ قوت ختم ہو چکی ہو اور کسی بھی علاج معالجے سے آرام نہ آتا ہو تو ان آیات کو مٹی کے کورے سکورے یا مٹی کے پیالے کے اندر کالی سیاہی سے لکھے اور اس میں سادہ پانی اور گلاب کا عرق ملا کر دن اور رات میں کئی مرتبہ استعمال کرے اور انہی آیات کو زعفران سے لکھ کر گلے میں باندھے بحکم خدا سلب قوت مردانہ دوبارہ بحال ہوگی۔ اس عمل کو ایسے افراد بھی کر سکتے ہیں جو قوت مردمی میں سست ہوں اس عمل کی بدولت کھوئی ہوئی مردانہ قوت بذریعہ جادو واپس آ جاتی ہے اور اس کے اندر واقع تمام نقائص کا خاتمہ ہو جاتا ہے جس کو کسی نے بذریعہ جادو باندھ دیا ہو۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم وان لکم فی الانعام لعبرة نسقیکم مما فی بطونه من بین فرث و دم لبنا خالصا سائغا للشربین وان یکاد الذین کفروا لیزلقونک بابصارهم لما سمعوا الذکر ویقولون انه لمجنون وما هو الا ذکر للعلمین افغیر دین الله یبغون وله اسلم من فی السموات والارض طوعا و کرها والیه یرجعون سبحان الذی سخرلنا هذا وما کنا له مقرنین -

بذریعہ جادو اندرونی بیماریوں کا خاتمہ

بذریعہ جادو کلام یا عمل کے زور پر اس قسم کا بھی جادو کیا جاتا ہے جس سے مرد یا عورت جسمانی اندرونی بیماریوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں اور کوئی بھی دوا اپنا اثر نہیں کرتی اس عمل کا زیادہ اثر مرد و عورت کی شرم گاہ پر ہوتا ہے جس سے تکلیف بڑھتی ہے اور سکون نہیں ملتا اس عمل کا توڑ کرنے کیلئے خالص صنوبر کی چھال لا کر اس پر کسی باریک نوکیلی شے سے مکمل سورہ الناس اور الفلق کو بغیر اعراب کے لکھے اور جس حصے پر ان دو سورتوں کو لکھا گیا ہو اس پر شہد ڈال کر بوقت صبح چاٹے اس عمل کو گیارہ دنوں تک کیا جائے اللہ کے حکم سے جادو کے ذریعہ جسمانی بیماریوں کا خاتمہ ہوگا۔ پھر بارھویں دن اس نقش کو اسی نوکیلی شے سے زعفران کے ساتھ سفید کاغذ پر لکھے اور اسے اپنے گلے یا بازو پر باندھے نوکیلی شے سے مراد یہاں لکڑی کو تراش کر اس کو باریک کرنا ہے۔ جادو کا اثر ہر حال میں باطل ہوگا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ولو	شاء	لجعله	ساكنا
شاء	لجعله	ساكنا	ان
لجعله	ساكنا	ان	يشاء
ساكنا	ان	يشاء	يسكن
ان	يشاء	يسكن	الريح

کنواری لڑکی کی شہوت باندھنا

اس عمل کی بدولت جس جوان لڑکی پر کوئی جادو یا عمل کیا جاتا ہے اس سے اس لڑکی کا دل شادی کرنے کو نہیں کرتا اور نہ ہی وہ اپنی شادی کروانا چاہتی ہے اگر اس قسم کے جادو میں کوئی لڑکی مبتلا ہو تو وہ خود اپنے ہاتھوں سے حلوا پکائے اور اس پکے ہوئے حلوے پر ان اسماء کو چھری سے لکھے اور اسے غریبوں اور بچوں میں تقسیم کر دے اس عمل کو ہر جمعرات دہرائے حتی کہ سات جمعراتیں گذر جائیں جب یہ عمل تمام ہو جائے تو اس نقش کو خود کسی چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھے اور اس پر شہد ڈال کر چاٹے لڑکی خود شادی کیلئے ہاں کریگی اور اس کی سوتی ہوئی خواہش جاگ جائیگی اگر اس عمل کو کسی لڑکی کے والدین اس کی مرضی کے بغیر کرنا چاہتے ہوں تو سوجی کو اس لڑکی کے ہاتھ ضرور لگوائیں پھر حلوا تیار کریں اور خود ان حروف و نقش کر کے پورا عمل تمام کریں اللہ مقصد میں ضرور کامیابی دیگا۔

۱۱۱۱۱۱۱۱۱فلاں ۲۲۲۲۲۲۲۲۲فلاں ۳۳۳۳۳۳۳۳۳فلاں ۴۴۴۴۴۴۴۴۴فلاں

۵۵۵۵۵۵۵۵۵فلاں ۶۶۶۶۶۶۶۶۶فلاں ۷۷۷۷۷۷۷۷۷فلاں

۸۸۸۸۸۸۸۸۸فلاں ۹۹۹۹۹۹۹۹۹فلاں بنت فلاں۔

فسيكفيكهم	الله	وهو	السميع	العليم
الله	وهو	السميع	العليم	فسيكفيكهم
وهو	السميع	العليم	الله	الله
السميع	العليم	وهو	وهو	وهو
العليم	السميع	السميع	السميع	العليم

کنوارے لڑکے کی شہوت باندھنا

اسی طرح کسی خوبصورت لڑکے کی شہوت بندی کردی جاتی ہے جس سے اس کے گھر والے اس کیلئے کئی رشتے ڈھونڈ تے ہیں اور کئی رشتہ کرنے والے خواہش مند بھی ہوتے ہیں لیکن لڑکا شادی کرنے کیلئے راضی نہیں ہوتا اس عمل کو توڑنے اور اپنے مقصد میں کامیاب ہونے کیلئے ایک مٹی کا کچا گھڑا لا کر اس کے باہر پیندے پر ان حروف کو لکھے پھر انہی حروف کو کالی سیاہی سے لکھ کر گھڑے میں ڈال دے گھڑے میں دریا کا پانی ڈالنا ہوگا پھر اس پانی سے سات روز تک غسل کھڑے ہوکر کرے اور جہاں اس عمل کو کرے وہاں اس کا پہلے سے اہتمام کرے کہ پانی نہ تو ضائع ہو اور نہ ہی کسی اور جگہ بہہ جائے بلکہ کسی ایک جگہ اکٹھا ہوجائے پھر سات دنوں کا پانی کسی پھلدار درخت کے اردگرد گولائی میں ڈال دے اور اپنے جسم پر سوا کلو کالے ماش سات مرتبہ وار کر اسی پانی کے اردگرد رکھے اس عمل کی بدولت لڑکے کی بند شہوت کا خاتمہ ہوگا اور وہ شادی کیلئے رضامند ضرور ہوگا۔

ا ا ا ا ا ا ا ا ا فلاں ببببببببب فلاں ججججججججج

فلاں د د د د د د د د فلاں ھھھھھھھھھ فلاں و و و و

و و و و و فلاں ز ز ز ز ز ز ز ز فلاں

حححححححح فلاں ط ط ط ط ط ط ط ط ط

فلاں بن فلاں

بذریعہ جادو بانجھ پن، اٹھرا، حمل قائم نہ ہونا اور ایسے کئی امراض کا توڑ جس سے کوئی خاتون بے اولاد ہو۔

بانجھ پن

بذریعہ جادو اس قسم کا جادو کیا جاتا ہے جس سے کوئی عورت ڈاکٹری رپورٹ کے مطابق بالکل تندرست ہوتی ہے اور اس کی اولاد پیدا ہونے میں کوئی نقص بھی واقع نہیں ہوتا لیکن اس کے ساتھ ساتھ کوئی بھی دوا اپنا اثر نہیں کرتی اور عورت کئی علاج کروانے کے باوجود بھی بے اولاد رہتی ہے اور بعض ڈاکٹر یا حکیم حضرات اس عورت کو بانجھ پن کا نام دے کر اس موضوع کو بند کر دیتے ہیں اگر کوئی عورت اس مرض میں مبتلا ہو جائے تو وہ پریشان نہ ہو بلکہ اللہ کی کامل قدرت پر یقین رکھتے ہوئے ان آیات کو بروز جمعرات بعد نماز عشاء دو عدد انڈے ابال کر ان کے چھلکے اتار کر انڈے پر دو مرتبہ ان آیات کو لکھے ایک کو خود کھائے اور دوسرے کو خاوند کو کھلائے اس عمل کو تین دنوں تک کرے اور دوران عمل ہم بستری سے اجتناب کیا جائے چوتھے روز انڈے والا عمل نہیں کرنا ہوگا اس روز رات کو ہم بستری کر کے صبح تازہ غسل کر کے دو رکعت نفل اپنی اولاد پیدا ہونے کے پڑھے اور انہی آیات کو اپنے پاس تازہ پانی رکھ کر اس میں سات عدد کالی مرچیں اور سات عدد لونگ ٹوپی والے ڈال کر ان کو مت نگلے بس روزانہ ہر فرض نماز کے بعد سو مرتبہ انہی آیات کو پانی پر دم کر کے پی لیا کرے اور اس پانی کو خاوند بھی پیئے پھر کتاب میں سے کوئی حاجات کو حل کرنے والا نقش اس کے بتائے گئے طریقے کے مطابق لکھ کر اپنے بازو پر باندھے اللہ کے حکم سے جادو کے ذریعہ اولاد بندی والے عمل کا خاتمہ ہوگا اور وہ عورت ضرور صاحب اولاد ہوگی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ للہ ملک السموات والارض یخلق ما یشاء یھب لمن یشاء اناثا ویھب لمن یشاء الذکور او یزوجھم ذکرانا واناثا ویجعل من یشاء عقیما انہ علیم قدیر۔

پیٹ باندھنا

بذریعہ جادو کسی خاتون کا پیٹ باندھ دیا جاتا ہے جس سے وہ عورت اولاد جیسی نعمت سے محروم رہتی ہے اور کوئی بھی دوائی اپنا اثر نہیں کرتی اس نوعیت کے جادو کو توڑنے اور اولاد پیدا ہونے کیلئے اس نقش کو روزانہ چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھا جائے اور صبح نہار منہ اسے گلاب کے عرق سے دھو کر پیا جائے اس عمل کو چالیس روز کیا جائے اللہ کے حکم سے اولاد پیدا ہونے کے کئی اسباب پیدا ہونگے لکھے گئے نقش کو آدھا مرد چاٹے بعد میں آدھا عورت اس طریقے کے اندر ایک خاص راز ہے اگر ہو سکے تو اس نقش کو سفید کاغذ پر زعفران سے بھی لکھا جائے اور اسے پانی میں ڈال کر اس کا پانی ہر وقت استعمال کیا جائے۔

لا اله	الا هو	العزيز	الحكيم
الحكيم	لا اله	العزيز	الا هو
الا هو	الحكيم	العزيز	لا اله
لا اله	الا هو	العزيز	الحكيم

اولاد نہ ہونے والے اثرات کو توڑنا

بذریعہ جادو اس قسم کا بھی جادو کیا جاتا ہے جس سے کوئی بھی زبردست قسم سے زبردست قسم کا عمل اپنا اثر نہیں کرتا اس لئے ہر جادو کے وار کو توڑنے اور اس عورت کو اولاد پیدا ہونے کے قابل بنانے کیلئے اس عمل کو اس طریقے سے کرنا ہوگا کہ ایک عدد کالی ڈوری کو اپنے قد کے برابر ماپ کر رکھ لے پھر اپنے شوہر کے قد کے برابر نیلی ڈوری ماپ کر رکھ لے اور ان دونوں ڈوریوں کو آپس میں ملا کر سورہ فتح کو پڑھنا شروع کر دے جب ایک مرتبہ ختم

ہو جائے تو اس ڈوری کو گانٹھ لگا دے اس طرح کل اکتالیس گانٹھیں لگا کر اس کو گنڈے کی شکل میں عورت اپنی کمر میں باندھے پھر اگلے روز روزانہ چالیس یا اکیس دنوں تک دو انڈے بعد نماز عشاء ابالے اور ایک عدد کالی مرچ پر سورہ الناس کو اکیس مرتبہ اپنے کام کا مکمل تصور باندھ کر پڑھے اور اسے انڈے کے اوپر والے حصے پر لگا دے پھر دوسرے انڈے پر بھی اسی طرح کرے اور بسم اللہ پڑھ کر ان دونوں انڈوں کو دونوں میاں بیوی کھائیں جتنی مدت اس عمل کی بتائی ہے اس عمل کو اتنی مدت کے اندر کرلیں جب اس عمل کا اختتام ہو جائے تو آخری روز اس نقش کو دو عدد زعفران سے سفید کاغذ پر لکھا جائے جو نقش عورت کے گلے میں پہنانا ہو اسے مرد اپنے ہاتھوں سے عورت کے گلے میں پہنائے اور دوسرے نقش کو عورت اپنے خاوند کے گلے میں پہنائے پچھلے گزرے ہوئے عمل کے دوران ہم بستری سے مکمل اجتناب کرنا ہو گا جب نقوش پہن لئے جائیں تو ان نقوش کو اتار کر ہم بستری کی جائے اور بعد غسل کے کلمہ شریف پڑھ کر نقش کو ایک دوسرے کے گلے میں پہنایا جائے۔اللہ کے حکم سے اولاد پیدا ہونے کے اسباب پیدا ہونگے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم				
ان	اللہ	یمسک	السموات	والارض
والارض	ان	السموات	اللہ	یمسک
یمسک	والارض	اللہ	ان	السموات
السموات	یمسک	ان	والارض	اللہ
اللہ	السموات	والارض	یمسک	ان
ان	اللہ	یمسک	السموات	والارض

حمل ٹھہرے

بذریعہ جادو عورت پر اس قسم کا بھی عمل کیا جاتا ہے جس سے اس عورت کا حمل قائم نہیں رہتا اور کچا ساقط ہو جاتا ہے یا حمل ٹھہرتا ہی نہیں اس نوعیت کے جادو کو باطل کرنے اور حمل قائم کر کے اولاد پیدا کرنے کیلئے سپاری کے سات دانے ،لونگ کے سات دانے ،اور کالی مرچوں کے سات دانے ان کو اکٹھا کر کے عورت اپنے پہنے ہوئے کسی کپڑے کو پھاڑ کر اتنا ٹکڑا حاصل کرے جس سے اس کپڑے کو ان چیزوں سمیت اپنی کمر میں باندھا جاسکے اس عمل میں مکمل کامیابی حاصل کرنے کیلئے عورت کا پہنا ہوا کپڑا ہونا نہایت ضروری ہے۔ان اشیاء کو کپڑے میں بند کرنے سے پہلے ان سب پر ایک سو ایک مرتبہ سورہ مزمل شریف کو اپنے مقصد کا تصور باندھ کر دم کیا جائے پھر اسی کپڑے کو اپنی کمر میں باندھا جائے سات دنوں تک اس کو باندھا جائے آٹھویں روز اسے اتار کر کسی پھل دار درخت کی جڑ کے پاس کھول کر رکھ دے اور گھر آ کر تازہ غسل کرے پھر دو رکعت نفل اپنے کام کی نیت کا تصور رکھ کر پڑھے اور آٹھویں روز اپنے خاوند سے ہم بستر ہو پھر غسل کرے اور روزانہ صبح فجر کی نماز کے بعد ایک سو مرتبہ اس درود پاک کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا کرے پھر چاہے ہم بستری میں مشغول رہے اللہ کے حکم سے حمل کے قائم ہونے میں جس قسم کی کوئی بھی رکاوٹ ہوگی اس کا خاتمہ ہوگا اور عورت صاحب اولاد ضرور ہوگی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔اللھم صل علی محمد وعلی آل محمد کما صلیت علی ابراھیم وعلی آل ابراھیم انک حمید مجید اللھم بارک علی محمد وعلی آل محمد کما بارکت علی ابراھیم وعلی آل ابراھیم انک حمید مجید۔

سفلی علم کی بدولت حمل قائم نہ ہو

بعض اوقات حسد و بغض کی بنیاد پر اس نوعیت کا بھی جادو یا عمل کر دیا جاتا ہے جس سے زیر اثر خاتون کا حمل ہرگز قائم نہیں ہوتا اور کئی علاج و معالجے کے بعد بھی مایوسی و ناکامی کا منہ دیکھنا پڑتا ہے اس عمل کا جڑ سے صفایا کرنے کیلئے وہ عورت ایک عدد اپنے پرانے کسی پہنے ہوئے کپڑے کی قمیض پر اس نقش کو جس طرح یہ لکھا ہے کالی یا نیلی سیاہی سے لکھے اور دوسری طرف دوسرے نقش کو لکھ کر اس پر ایک سو مرتبہ سورہ یسین شریف پڑھ کر دم کرے اور اسے قبرستان میں قبروں سے ہٹ کر کسی پاک و صاف جگہ پر دفن کر دے گھر آ کر تازہ غسل کرے اور چینی سے اپنا منہ میٹھا کرے پھر ہر فرض نماز کے بعد تیسرے کلمے کی ایک تسبیح پڑھنے کر پانی پر دم کر کے اسی وقت پی لیا کرے سفلی علم کے ذریعے اولاد بندی کا عمل باطل ہوگا اور عورت صاحب اولاد ہوگی۔ قمیض کے سیدھے رخ لکھنے والا نقش یہ ہے۔

١١٦٥٨	١٦٦١	١٦٦٤	١٦٥١
١٦٦٣	١٦٥٢	١٦٥٧	١٦٦٢
١٦٥٣	١٦٦٦	١٦٥٩	١٦٥٦
١٦٦٠	١٦٥٥	١٦٥٤	١٦٦٥

قمیض کے دوسری طرف لکھنے والا نقش

١٠٢٤	١٠٢٧	١٠٣٠	١٠١٧
١٠٢٩	١٠١٨	١٠٢٣	١٠٢٨
١٠١٩	١٠٣٢	١٠٢٥	١٠٢٢
١٠٢٦	١٠٢١	١٠٢٠	١٠٣١

اولاد بندی کے اعمال کا خاتمہ کرنے والی آیات یہ ہیں ان کی بدولت اپنے موقع کی مناسبت سے ورد کیا جائے اور اللہ کے حضور دعائے خیر کی جائے اس کے علاوہ اگر کوئی عورت کتاب میں اس مقصد کو حاصل کرنے والے اعمال کو نہ کر سکے تو وہ صرف ان آیات میں سے اپنے مزاج کے مطابق ان کا ورد کیا کرے اور دوران پڑھائی اپنے کام کا کامل تصور باندھے اللہ ضرور اولاد جیسی نعمت سے نوازے گا۔

(۱) بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ للہ ملک السموات والارض یخلق ما یشاء یھب لمن یشاء انا ثا ویھب لمن یشاء الذکور او یزوجھم ذکر انا وانا ویجعل من یشاء عقیما انہ علیم قدیر۔

(۲) بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ فاوجس منھم خیفۃ قالوا لا تخف وبشروہ بغلام علیم فاقبلت امراتہ فی صرۃ فصکت وجھھا وقالت عجوز عقیم قالوا کذالک قال ربک انہ ھو الحکیم العلیم۔

(۳) بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اللھم انی اعوذبک انک انت الذی لا الہ الا انت الاحد الصمد الذی لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوا احد۔

(۴) بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ کل نفس لما علیھا حافظ فاللہ خیر حافظا وھو ارحم الراحمین۔ اللھم

احفظا حمل هذه المراة من جميع الافات بحق لا اله الا الله محمد رسول الله آمين آمين آمين۔

(۵) بسم الله الرحمن الرحيم. اذ قالت امراة عمران رب انى نذرت لک ما فى بطنى محررا فتقبل منى انک انت السميع العليم فلما وضعتها قالت رب انى وضعتها انثى والله اعلم بما وضعت وليس الذكر كالانثى وانى سميتها مريم وانى اعيذها بک وذريتها من الشيطن الرجيم فتقبلها ربها بقبول حسن وانبتها نباتا حسنا وكفلها زكريا كلما دخل عليها زكريا المحراب وجد عندها رزقا قال يمريم انى لک هذا قالت هو من عند الله ان الله يرزق من يشاء بغير حساب۔

(۶) بسم الله الرحمن الرحيم. هنالک دعا زكريا ربه قال رب هب لى من لدنک ذرية طيبة انک سميع الدعاء فنادته الملئكة وهو قائم يصلى فى المحراب ان الله يبشرک بيحيى مصدقا بكلمة من الله وسيدا وحصورا ونبيا من الصلحين قال رب انى يكون لى غلام وقد بلغنى الكبر وامراتى عاقر قال كذلک الله يفعل ما يشاء۔

دنیاوی کاموں میں بذریعہ جادو رکاوٹ پیدا کرنا اور ان کے خاتمے کے طریقہ کار

رکاوٹ

بعض افراد دنیاوی الجھنوں میں اس قسم کا پھنس جاتے ہیں جس سے ان کی اپنی سمجھ سے یہ بات بالاتر ہوتی ہے کہ اچانک بنا بنایا ہوا کام کیسے بگڑ گیا لیکن ایسا ہو جاتا ہے ایسا صرف اسی بنیاد پر کیا جاتا ہے جیسے کسی کا کوئی عزیز ہو اور اس کی خواہش ہو کہ فلاں رشتہ دار یا ان کی ذات سے منسلک فرد اس کام میں کامیاب نہ ہو تو وہ اس قسم کا جادو یا عمل بھی کروا دیتے ہیں جس سے وہ فرد اچانک ناکامی کا شکار بن جاتا ہے اور کوئی واضح وجہ سمجھ نہیں آتی اس کے حل کیلئے اور اس کام کے بگڑنے سے پہلے اگر کوئی فرد ان آیات کو زعفران سے لکھ کر اپنے پاس بٹوے میں یا کسی دھات کے پترے میں محفوظ کر کے اپنے پاس رکھ لے تو اس بنتے ہوئے کام کا نقصان نہیں ہوگا اور نہ ہی جادو یا عمل اپنا اثر دکھائے گا۔ ان آیات کو اپنے مقصد کی کامیابی کے حصول تک پڑھنا بھی چاہئے تاکہ دنیاوی کوئی بھی نقصان دہ عمل یا جادو اپنا اثر نہ دکھائے اور وہ فرد اپنے کام میں ضرور کامیاب ہو جو کامیاب ہونا چاہتا ہے۔ خواتین اس عمل کو اپنے خصوصی ایام کے بعد کر سکتی ہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ یا دائم العز و البقاء یا واھب الوجود و العطاء یا ودود ذو العرش المجید فعال لما یرید اللھم ربنا انزل علینا مائدۃ من السماء تکون لنا عیدا لا ولنا وآخرنا و ایۃ منک وارزقنا وانت خیر الرازقین بحرمۃ تنکفیل بحق یا صمد الغفار ذا المن علی جمیع خلقه بلطفه یا صمد۔

رکاوٹ

بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے جس سے کسی فرد کو مکمل اس بات کا یقین ہوتا ہے کہ اس کے ذاتی کاموں میں بذریعہ کسی کلام کے کوئی رکاوٹ ڈالی جا رہی ہے اور وہ فرد چاہتے ہوئے بھی اپنے کام میں کامیاب نہیں ہوتا اگر کوئی مرد یا خاتون کسی عمل کے زیر اثر ہو تو وہ اس نقش کو زعفران سے لکھے اور اسے اپنے پاس حفاظت سے رکھ لے۔

سلام	علی	نوح	فی العلمین
۶۵	۲۲۱	۱۳۲	۱۰۹
۳۲۰	۶۲	۱۴۲	۱۳۳
۱۱۱	۱۳۴	۳۱۹	۶۳

بندش

بعض اوقات کسی کے رشتہ دار ایسا عمل یا تعویذ دھاگہ کرواتے ہیں جس سے کوئی فرد اچھا بھلا کامیاب ہوتا ہوا اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہوتا اس کے مکمل توڑ اور حل کیلئے اس نقش کو کسی دریا یا نہر کے کنارے پر جا کر کالی سیاہی سے سفید کاغذ پر لکھا جائے اور بعد لکھنے کے اس پانی سے اپنا ہاتھ منہ دھونا چاہئے پھر اس نقش کو اپنے گلے میں باندھے اللہ کے حکم سے اس رکاوٹ یا بندش کا خاتمہ ضرور ہوگا جس میں کسی فرد نے مبتلا کیا ہوگا۔

۱۴۱۷	۴۱۶	۷۱۳	۶۸۶
۴۱۵	۱۴۱۴	۶۸۹	۷۱۴
۶۸۸	۷۱۵	۴۱۴	۱۴۱۵

بندش و رکاوٹ

بذریعہ جادو اس قسم کا بھی عمل کیا جاتا ہے جس سے کوئی ایسی الجھن کا شکار ضرور بن جاتا ہے کہ اس کو دنیاوی کسی بھی کام میں کوئی کامیابی نہیں ملتی اور اس کا پہلے کا چلتا ہوا کام بھی بند ہو جاتا ہے یا چلتا ہی نہیں اس کے کامل حل کیلئے اس نقش کو سفید کاغذ پر سرکے میں کالی سیاہی سے ملا کر لکھے اور اس قسم کے سات نقش لکھ کر پہلے سے تیار کر لے پھر روزانہ ایک نقش کو اپنے جسم پر پھیر کر سات مرتبہ اتارا کرے اور اسے سات جوتیاں مارے پھر اسے جلائے اور دوسرے نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں باندھے اللہ نے چاہا تو ان بندشوں اور رکاوٹوں کا ضرور خاتمہ ہوگا جس میں کسی انسان نے مبتلا کیا ہوگا۔ بعض اوقات اللہ کی طرف سے کسی کام میں تاخیر ہو جاتی ہے اس عمل سے شک کی اصلاح ہو جائیگی۔

۱۵۷۸	۱۵۷۸	۱۵۲۸۲	۱۵۶۸
۱۵۸۱	۱۵۶۹	۱۵۷۴	۱۵۷۹
۱۵۷۰	۱۵۸۸	۱۵۷۶	۱۵۷۳
۱۵۷۰	۱۵۷۲	۱۵۷۱	۱۵۸۳

گلے میں باندھنے والا نقش

۸	۴۹۹۹۳	۴۹۹۹۶	۱
۴۹۹۹۵	۲	۷	۴۹۹۹۴
۳	۴۹۹۹۸	۴۹۹۹۱	۶
۴۹۹۹۲	۵	۴	۴۹۹۹۷

کاروباری بندش

اگر کسی فرد کو اس کے ہمسایہ دکان دار نے کسی مصیبت میں مبتلا کر دیا ہو جس سے شریف انسان کا کاروبار متاثر ہو گیا ہو تو وہ روزانہ نماز فجر کی فرضوں اور سنتوں کے درمیان سورہ الم نشرح کو اکیس مرتبہ پڑھے اور اس نقش کو چار عدد زعفران سے لکھ کر دکان کے چاروں کونوں میں لگائے پڑھنے والے عمل کو اکیس دنوں تک کیا جائے اللہ کے حکم سے جس بھی نوعیت کا جادو یا عمل کروایا ہوگا اس کا خاتمہ ہوگا۔

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

دفع نحوست

اگر کسی کو نحوست میں مبتلا کر دیا ہو جس سے کسی کا اچھا بھلا چلتا ہوا کاروبار یا گھریلو نظام بگڑ رہا ہو یا بگڑ چکا ہو تو وہ ہر جمعرات کو بعد نماز عصر اپنے ہاتھوں اور پاؤں کے ناخنوں کو کاٹ کر کسی علیحدہ جگہ پر محفوظ شے میں سنبھال کر رکھتا رہے اور روزانہ آگے لکھی ہوئی کسی بھی آیت کو ورد کیا کرے یا کتاب میں سے اپنے متعلقہ کام کا ورد کرے یا نقش استعمال کرے ناخن کاٹنے والے عمل کو کل سات جمعراتوں تک کیا جائے پھر اگلا دن جمعے کا ہوگا اس دن اپنے ناخنوں کو کسی مٹی کے پیالے میں رکھ کر دریا کے درمیان میں جا کر اپنے ہاتھوں سے ڈال دے تا کہ وہ بہتے ہوئے پانی کے ساتھ بہہ جائے نحوست کا خاتمہ ہوگا۔

رکاوٹ دور رکاوٹ

بعض اوقات ایسا بھی جادو کے ذریعے کر دیا جاتا ہے جس سے اگر کوئی فرد سونے کو اپنے ہاتھ میں پکڑے تو وہ مٹی بن جاتا ہے بنتے ہوئے سب کام اچانک بگڑ جاتے ہیں کوئی بھی واضح وجہ سامنے نہیں آتی جسم بوجھل بوجھل سا رہتا ہے سر میں ہلکا ہلکا سے درد بھی رہنا شروع ہو جاتا ہے غرض کے ایسے کاموں سے واسطہ پڑتا رہتا ہے جو زندگی میں کبھی پیش نہ آئے ہوں ایسی تمام قسم کی قباحتوں سے محفوظ رہنے اور ان کے مکمل خاتمے کیلئے درود ابراہیمی کو کثرت سے ورد کیا جائے اور لیٹے ہوئے درود پاک کو نہ پڑھا جائے بلکہ پاک اور باوضو حالت میں مصلے پر بیٹھ کر کثرت سے ورد کیا جائے اور اگر کوئی وقت مل جائے تو اپنے متعلقہ کام کے لحاظ سے کرنے والے ورد کو کو بھی کرے اللہ کے حکم سے اگر کسی نے بذریعہ جادو ایسی کیفیت میں مبتلا کیا ہوگا تو اس عمل یا جادو کا خاتمہ ہوگا۔

اچانک نقصان میں مبتلا ہونا

بعض اس قسم کے بھی جادو یا عمل کئے یا کروائے جاتے ہیں جس سے کسی انسان کی زندگی میں نحوستوں کے بادل چھا جاتے ہیں اور کوئی بھی دوا یا دعا اپنا اثر ہرگز نہیں کرتی اس کے مکمل حل کیلئے کسی صاحب کرامت بزرگ کے مزار پر جا کر پنجتن پاک کے نام کے چراغ لے جا کر روشن کئے جائیں اس عمل کو بروز جمعرات سے شروع کیا جائے اور ہر جمعرات کو وہاں چراغ بندی کی جانی چاہئے ان کے مزار پر پھول چڑھانے چاہئیں اور ان کے مزار پر کھلی تعداد میں (الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ) کا کثرت سے ورد کرنا چاہئے اللہ کے حکم سے اس کیفیت میں جو کوئی بھی مبتلا ہوگا وہ خود فرق محسوس کریگا۔

اس مقصد کیلئے اگر کوئی فرد عمل نہ کرنا چاہتا ہو تو وہ ان آیات میں سے اپنا مزاج اور وقت کا لحاظ رکھتے ہوئے ہر فرض نماز کے بعد ان کا ورد کرے اور اللہ تعالیٰ سے اپنے اس مقصد کی خصوصی دعا مانگے اللہ کے فضل سے اللہ رب العزت ضرور کوئی نہ کوئی حل نکال دیگا۔

(۱) بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔اللھم تب علینا قبل الموت وھون علینا شدت الموت وارحمنا عند الموت ولا تعذبنا بعد الموت یا خالق الحیوۃ والموت توفنا مسلمین والحقنا با الصلحین۔

(۲) بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔اللھم یا رب الارباب ویا مسبب الاسباب ویا مسھل الاصعاب ویا مقلب القلوب والابصار ویا دلیل المتحیرین ویا غیاث المستغثین توکلت علیک یا رب وافوض امری الیک یا رب لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم برحمتک یا ارحم الراحمین۔

(۳) بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔اللھم انا نستعینک ونستفتحک بام یحی بن زکریا یا مالک یوم الدین ایاک نعبدو ایاک نستعین۔

(۴) بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔یا شفیق یا رفیق نجنی من کل ضیق۔

(۵) بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔اللہ کافی الکافی

الکافی وقصدۃ الکافی وجدۃ الکافی بکافی
الکافی وکفانی الکافی ونعم الکافی ولله الحمد۔

(۶) بسم الله الرحمن الرحیم۔انفروا اخفافا وثقالا
وجاهدوا باموالکم وانفسکم فی سبیل الله ذلکم خیر لکم
ان کنتم تعلمون تذروه الریح وکان الله علی کل
شیء مقتدرا ربنا اکشف عنا العذاب انا مومنون
یومئذ یصدر الناس اشتاتا لیروا اعمالهم فمن یعمل
مثقال ذرۃ خیرا یرہ ومن یعمل مثقال ذرۃ شرا یرہ۔

(۷) بسم الله الرحمن الرحیم۔اللهم انی
استودعک دینی وایمانی واحفظهما علی فی
حیاتی وعند وفاتی وبعد مماتی۔

(۸) بسم الله الرحمن الرحیم۔یا حی یا قیوم ویا
بدیع السموات والارض اسئلک ان یحی قلبی بنور
معرفتک ابدا سرمدا یا الله یا الله یا الله۔

(۹) بسم الله الرحمن الرحیم۔وصلی الله علی
سیدنا محمد وعلی آله وصحبه وسلم حرست نفسی
واهلی ومالی وما حضرنی وما غاب عنی
بالحی الدائم الذی لا یموت والجات ظهری فی
حفظ ذلک للحی القیوم۔

بذریعہ جادو نصیبوں اور برکتوں کو بند کرنے والے اعمال
بھی کئے جاتے ہیں جس سے کسی لڑکی ولڑکے کی شادی
نہیں ہوتی اس قسم کی قباحت سے محفوظ رہنے اور اپنے
نیک مقصد میں کامیاب ہونے والے اعمال۔

رشتہ ہو

جادو کی بنیاد پر نکاح بندی والے اعمال بھی کئے جاتے ہیں جس سے خوبصورت لڑکے یا لڑکی کا کہیں بھی رشتہ نہیں ہوتا ایسا نہیں ہوتا کہ رشتے نہیں آتے بلکہ رشتے مسلسل آتے رہتے ہیں لیکن بات کہیں طے نہیں پاتی ایسی کیفیت کے متعلق یہی سمجھ جانا چاہئے کہ کوئی اس میں خلل پیدا کر رہا ہے اس کو باطل کرنے اور شادی کرنے کیلئے اور خود بخود رشتوں کی آمد کیلئے اس عمل مبارک کو کیا جائے اللہ کے حکم سے رشتے بھی آئیں گے اور ٹھہریں گے پھر اپنی مرضی اور خواہش کے مطابق اچھی جگہ رشتہ کر لینا چاہئے اللہ برکت ڈالے گا۔ اس عمل کو کرنے کیلئے لڑکا یا لڑکی اپنا پرانا کپڑا پہنا ہوا لیکر اس میں سوا کلو کالے ماش، سات عدد لونگ ٹوپی والے، سات کالی مرچیں، اور گیارہ روپے کا سندور ان سب کو اپنے پہنے ہوئے کپڑے میں رکھ کر سورہ مریم کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اسے کسی ایسی جگہ کھول کر رکھ دے جہاں کیڑیاں یا کیڑے ہوں اس عمل کو کرنے کیلئے اس بات کی اجازت ہے کہ اگر گھر میں کوئی ایسی جگہ موجود ہو جہاں کیڑوں کی آمد ہو تو وہاں بھی اس عمل کو کیا جا سکتا ہے۔ جب کپڑے کو وہاں کھول کر رکھا جائے تو گھر آ کر یا اس عمل کو کر کے تازہ غسل کیا جائے اور غسل خانہ سے باہر نکل کر تھوڑا سا شہد اپنے منہ میں ڈالے اور تیسرا کلمہ منہ میں پڑھنا شروع کرے پھر اس نقش کو خود لکھے اور اسے اپنے گلے میں ڈالے بحکم خدا مکمل توڑ ہوگا۔

۱۵۵۱	۱۵۶۵	۱۵۶۱	۱۵۵۸
۱۵۶۲	۱۵۵۷	۱۵۵۲	۱۵۶۴
۱۵۵۶	۱۵۵۹	۱۵۶۷	۱۵۵۳
۱۵۶۶	۱۵۵۴	۱۵۵۵	۱۵۶۰

شادی ہو

بعض حالت میں اس قسم کا بھی عمل کیا جاتا ہے جس سے کسی مرد و عورت کی شادی نہیں ہوتی اسی کشمکش میں وقت گذارتے ہوئے اتنی دیر ہو جاتی ہے کہ عمریں بڑھ جاتی ہیں اور اچھے رشتے ہاتھ سے نکل جاتے ہیں شادی کرنے کیلئے اور جادو یا بداعمال کا خاتمہ کرنے کیلئے اس عمل کو اس طرح کیا جائے کہ نوچندی جمعرات والے دن دریا سے پانی لایا جائے اور اس پر چاروں قل شریف کو سو سو مرتبہ ہر ایک قل کو پڑھ کر دم کیا جائے اور اس پانی کو کسی مٹی کے گھڑے میں رکھا جائے پھر روزانہ صبح نہار منہ اس پانی سے غسل کیا جائے اور اس پانی کی بے ادبی نہ کی جائے بلکہ اس کا بندوبست پہلے سے کرلے پھر مکمل سورہ فتح لکھ کر اپنے گلے میں باندھے اللہ کے حکم سے شادی ہونے کے راستے خود بخود کھل جائیں گے اور شادی ہونے میں حائل تمام رکاوٹوں کا خاتمہ ہوگا۔

شادی ہو

بعض اوقات اس قسم کا عمل کیا جاتا ہے جس سے شادی ہوتے ہوتے اچانک کسی غیر متوقع وجہ سے ٹوٹ جاتی ہے اور جہاں بھی شادی کا ارادہ ہو وہاں سے انکار لازمی جزو بن جاتا ہے اس عمل کو جڑ سے ختم کرنے کیلئے روزانہ بعد نماز عشاء سورہ الناس کو ایک ہزار کی تعداد میں پڑھ کر تازہ پانی پر دم کرے اور اسے اسی وقت پی لیا کرے پھر چاروں قل شریف کو کسی سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں اچھا سا عطر لگا کر باندھے اور اس عمل کا کسی سے ذکر نہ کرے اللہ کے حکم سے شادی ہونے میں حائل تمام رکاوٹوں کا خاتمہ ہوگا اور کسی اچھی جگہ شادی ضرور ہو جائیگی۔

شادی ہو

اگر کسی مرد و عورت کی شادی نہ ہوتی ہو اور عمر گذرتی جا رہی ہو یا گذر چکی ہو تو وہ نیا چاند چڑھنے پر جو بھی دن آئے اس دن ایک چھوٹی بوتل شہد لے اور اکتالیس عدد کالی مرچیں شہد کی بوتل کا ڈھکن کھول کر اپنے سامنے رکھے اور مرچوں کو بھی پھر سورہ بقرہ مکمل ایک مرتبہ سورہ الناس سو مرتبہ سورہ الفلق سو مرتبہ ان کو مرچوں اور شہد پر دم کرے بعد دم کرنے کے مرچوں کو کسی پاک و صاف کھرل میں پیس کر شہد میں اچھی طرح سے ملا دے اور اس عمل کو شروع کرنے سے پہلے تازہ غسل کرے اور اپنے جسم کا پہنا ہوا کپڑا کسی غریب کو دے پھر بسم اللہ شریف پڑھ کر اس شہد کو انگلی کی مدد سے چاٹے دن میں تین مرتبہ اس شہد کا استعمال کرے اور اپنی نیت کا کامل تصور باندھے نماز و روزے کی سختی سے پابندی کرے اور کتاب میں سے کوئی حاجتی نقش اس کے طریقے کے مطابق لکھ کر استعمال کرے۔

شادی ہو

اپنی شادی کو کروانے اور اس میں حائل تمام رکاوٹوں کو دور کرنے کیلئے ایک عدد عود کی لکڑی لے کر اس پر سو سو مرتبہ سورہ فاتحہ اور سورہ الاخلاص کو پڑھ کر دم کیا جائے اور اسے بعد دم کرنے کے آگ میں جلا کر اس کی راکھ کو اپنے کسی پہنے ہوئے کپڑے میں اس راکھ کو حفاظت سے رکھے اور سات دن گذرنے کے بعد آٹھویں دن اس راکھ کو چلتے ہوئے پانی میں کپڑے سمیت بہادے گھر آکر تازہ غسل کرے اور جو درود مبارک زبانی یاد ہو اس کو بکثرت اپنے مقصد کا تصور باندھ کر پڑھے اس عمل کو اسی صورت میں کیا جائے جب یہ بات ثابت ہو جائے کہ جادو کے ذریعے شادی میں رکاوٹ ہے۔

رکاوٹ و بندش کا خاتمہ

اگر کسی عورت یا لڑکی و لڑکے کا نکاح بند کر دیا ہو جس سے اس کی کسی بھی جگہ شادی یا کوئی رشتہ طے نہ پا رہا ہو تو وہ اس نقش کی بدولت اپنے اس مقصد میں کامیاب ہو سکتے ہیں اور ایسے افراد بھی جن کا پچھلے صفحات میں تفصیل سے ذکر کیا ہے وہ تمام اس نقش کو استعمال کر سکتے ہیں جو طریقہ یہاں بتایا جائیگا اس طریقے پر عمل سختی سے کرنا ہوگا پھر یہ نقش اپنا اثر دکھاتے ہوئے کامیابی ضرور دلوائے گا یعنی اس جادو یا عمل کا خاتمہ ضرور کر دیگا جس کی بدولت شادی یا رشتہ قائم نہیں ہوتا اس نقش کو اپنے ہوئے کپڑے پر زعفران سے لکھا جائے اور اس طرح کے کل اکیس نقش لکھے جائیں پھر تمام نقوش کو مٹی کی کوری ہانڈی میں ڈال کر دریا میں بہادے اور اس عمل کے بعد اسی نقش کو سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں باندھے اور نقش کا کامل اثر دیکھے اس نقش کو اپنے کپڑے پر لکھ کر نہایا بھی جا سکتا ہے ایسا اسی صورت میں کرنا ہوگا جب کہ پہلے والا عمل اپنا اثر نہ کرے۔

یا حافظ	یا حفیظ	یا ناصر	یا نصیر
۹۸۹	۱۶۹	و ع ۱	۳۲۱
۲۶۰	۷ ع ۱	۱۷۱	۹۹۱
۳۳۹	۷ ع ۱	۱۷۱	۲۹۱
۱۷۵	۹۹۴	۳۳۸	۸ ع ۲
۵	۵	۵	۵
یا رحمن	یا رحیم	یا رقیب	یا وکیل

اگر کوئی نکاح بندی والے اعمال نہ کرنا چاہے تو وہ ان کلمات کو ہر فرض نماز کے بعد پڑھنے کا معمول بنالے یا انہیں اپنے مقصد کی خاطر کسی بھی طریقے سے پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیا کرے اللہ کے حکم سے متعلقہ مقصد میں کامیابی ہوگی۔

(۱) بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔نصر من اللہ وفتح قریب وبشر المومنین ان تستفتحوا فقد جاء کم الفتح ان فتحنا لک فتحا مبینا یغفرلک اللہ ما تقدم من ذنبک وما تاخر ویتم نعمتہ علیک ویھدیک صراطا مستقیما وینصرک اللہ نصرا عزیزافانزل السکینۃ علیھم واثابھم فتحا قریبا وعندہ مفاتیح الغیب لا یعلمھا الا ھو وفتحت السماء فکانت ابوابا اذا جاء نصر اللہ والفتح وھو الفتاح برحمتک یا ارحم الراحمین۔

(۲) بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔قل اعوذ برب الناس ملک الناس الہ الناس من شر الوسواس الخناس الذی یوسوس فی صدور الناس من الجنۃ والناس۔

(۳) بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔قل ھو اللہ احد اللہ الصمد لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوا احد۔

(۴) بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔قل اعوذ برب الفلق من شر ما خلق ومن شر غاسق اذا وقب ومن شر النفثت فی العقد ومن شر حاسد اذا حسد۔

حضور نبی کریم کے پاک ناموں سے روحانی علاج

روحانیت کے حوالے سے سرکار دو عالم کے نام مبارک والا نقش پہلے درج کیا جا چکا ہے اب ان کے علیحدہ علیحدہ ناموں کے نقوش درج ہونگے جن کو نہایت ہی پاک اور باوضو حالت میں جادو ٹونہ کے خاتمے کیلئے بڑے سے سفید کاغذ پر زعفران سے لکھا جائے ان تمام نقوش کو اپنے گلے میں باندھا جائے اور پینے والے نقوش کو روز کا ایک لکھ کر سارا دن پانی میں ڈال کر اس کا پانی پیا جائے اور اس کاغذ کو بھی نگل جائے اللہ کے حکم سے جادو ٹونے اور بد اعمال کا ضرور خاتمہ ہوگا۔ روحانیت کے چلتے ہوئے سلسلے میں اس قسم کا عمل یا ان کے نام مبارک سے کام لینے کا یہ پہلی مرتبہ طریقہ درج کیا جا رہا ہے اس سے پہلے دنیا کی کسی بھی کتاب میں اس قسم کا عمل نہیں لکھا ہوگا اس عمل کا تعلق خاص الخاص سینہ بہ سینہ اعمال سے ہے لیکن ہوسکتا ہے کہ بعض افراد اس عمل کے اندر نقص نکالیں اور اسے نہ جانے کیا کیا نام دیکر غلط ثابت کرنے کی کوشش کریں لیکن اس بات کو ایسے افراد ضرور یاد رکھیں کہ اگر کسی انسان کا آپ ﷺ کے نام مبارک کی بدولت علاج ہو جائے یا اسے صحت و تندرستی مل جائے تو اس میں کوئی بری بات نہیں ہے بری بات یا برا کام اسی صورت میں بنتا ہے جب اللہ کی پاک کلام کا ناجائز استعمال کیا جائے میں اس کو ناجائز نہیں سمجھتا بلکہ میں خود ان طریقوں سے کئی لاعلاج جادو ٹونے میں مبتلا افراد کا کامل علاج کر چکا ہوں اور کر رہا ہوں اس لئے تمام نقوش کو لکھے گئے طریقہ کار کے مطابق استعمال کیجئے اللہ کے حکم سے اللہ سرکار دو عالم ﷺ کے نام مبارک کے صدقے میں ضرور شفاء سے نوازے گا ان عملیات کو خود اپنے ہاتھوں سے کرنا چاہئے جیسے جیسے لکھا گیا ہے ایسے ہی کرتے جائیں اور پاک و باوضو حالت میں رہیں اللہ ضرور شفاء دیتا ہے میں ان جنتر منتروں سے زیادہ اللہ کی پاک کلام یا سرکار دو عالم ﷺ کے نام سے علاج کرنے کو ترجیح دیتا ہوں جو سب سے افضل ہیں۔ (کل ننانوے روز کا عمل مبارک ہے)

محمد حروف ابجد (۹۲)

الصلوة و السلام عليك
يا رسول الله

احمد حروف ابجد (۵۳)

الصلوة و السلام عليك
يا نبی الله

حامد حروف ابجد (۵۳)

الصلوة و السلام عليك
يا حبيب الله

محمود حروف ابجد (۹۸)

الصلوة و السلام عليك
يا خليل الله

قاسم حروف ابجد (۲۰۱)

الصلوة و السلام عليك
يا صفی الله

عاقب حروف ابجد (۱۷۳)

الصلوة و السلام عليك
يا خير خلق الله

فاتح حروف ابجد (۴۸۹)

الصلوة و السلام عليك
يا مكی الله

خاتم حروف ابجد (۱۰۴۱)

الصلوة و السلام عليك
يا قريشی الله

حاشر حروف ابجد(۵۰۹)

الصلوة و السلام علیک
یا مدنی الله

ماح حروف ابجد(۴۹)

الصلوة و السلام علیک
یا من اختاره الله

داع حروف ابجد(۷۵)

الصلوة و السلام علیک
یا من عظمة الله

سراج حروف ابجد(۲۶۴)

الصلوة و السلام علیک
یا خلیفة الله

رشید حروف ابجد(۵۱۴)

الصلوة و السلام علیک
یا حضرة الله

منیر حروف ابجد(۳۰۰)

الصلوة و السلام علیک
یا صفوة الله

بشیر حروف ابجد(۵۱۲)

الصلوة و السلام علیک
یا حجة الله

نذیر حروف ابجد(۹۶۰)

الصلوة و السلام علیک
یا رحمة الله

هاد حروف ابجد (۱۰)

الصلوة و السلام علیک
یا نور الله

مهد حروف ابجد (۴۹)

الصلوة و السلام علیک
یا محمدا رسول الله

رسول حروف ابجد (۲۹۶)

الصلوة و السلام علیک
یا صاحب التاج و المعراج

نبی حروف ابجد (۶۲)

الصلوة و السلام علیک
یا صاحب الحوض و الکوثر

طه حروف ابجد (۱۴)

الصلوة و السلام علیک
یا صاحب الشفاعة

یس حروف ابجد (۷۰)

الصلوة و السلام علیک
یا صاحب النعمة

مزمل حروف ابجد (۱۱۷)

الصلوة و السلام علیک
یا خاتم النبوة و الرسالة

مدثر حروف ابجد (۷۴۴)

الصلوة و السلام علیک
یا نبی المدنی

شفیع حروف ابجد (۴۶۰)

الصلوة و السلام علیک
یا نبی الحرمی

خلیل حروف ابجد (۶۷۰)

الصلوة و السلام علیک
یا نبی العربی

کلیم حروف ابجد (۱۰۰)

الصلوة و السلام علیک
یا نبی الحجازی

حبیب حروف ابجد (۲۲)

الصلوة و السلام علیک
یا نبی الهاشمی

مصطفی حروف ابجد (۲۲۰)

الصلوة و السلام علیک
یا نبی القرشی

مرتضی حروف ابجد (۱۳۵۰)

الصلوة و السلام علیک
یا نبی الزکی

مجتبی حروف ابجد (۴۵۵)

الصلوة و السلام علیک
یا نبی الامی

مختار حروف ابجد (۱۲۴۱)

اللهم صل علی محمد
سید المرسلین

ناصر حروف ابجد (۳۴۱)

اللهم صل علی محمد
سید النبیین

منصور حروف ابجد (۳۸۶)

اللهم صل علی محمد
سید المومنین

قائم حروف ابجد (۱۴۱)

اللهم صل علی محمد
سید المتقین

حافظ حروف ابجد (۹۸۹)

اللهم صل علی محمد
سید الصالحین

شهید حروف ابجد (۳۱۹)

اللهم صل علی محمد
سید المصلحین

عادل حروف ابجد (۱۰۵)

اللهم صل علی محمد
سید الصدقین

حکیم حروف ابجد (۷۸)

اللهم صل علی محمد
سید المصدقین

نور حروف ابجد (۲۵۶)

اللهم صل علی محمد
سید الصبرین

حجة حروف ابجد (۴۱۱)

اللھم صل علی محمد
سید الشھدین

برھان حروف ابجد (۲۵۸)

اللھم صل علی محمد
سید المشھودین

ابطحی حروف ابجد (۳۰)

اللھم صل علی محمد
سید المرابطین

مومن حروف ابجد (۱۳۶)

اللھم صل علی محمد
سید المنجین

مطیع حروف ابجد (۱۲۹)

اللھم صل علی محمد
سید المفلحین

مذکر حروف ابجد (۹۶۰)

اللھم صل علی محمد
سید الزاھدین

واعظ حروف ابجد (۹۷۷)

اللھم صل علی محمد
سید التائبین

امین حروف ابجد (۱۰۱)

اللھم صل علی محمد
سید الخائفین

مدنی حروف ابجد(۱۰۴)

اللھم صل علی محمد
سید العاطفین

عربی حروف ابجد(۲۸۲)

اللھم صل علی محمد
سید الباکین

ھاشمی حروف ابجد(۳۵۶)

اللھم صل علی محمد
سید القائمین

تہامی حروف ابجد(۴۵۶)

اللھم صل علی محمد
سید الراکعین

حجازی حروف ابجد(۲۹)

اللھم صل علی محمد
سید السجدین

نزاری حروف ابجد(۲۶۸)

اللھم صل علی محمد
سید المصلین

قریشی حروف ابجد(۶۲۰)

اللھم صل علی محمد
سید القارئین

مضری حروف ابجد(۱۰۵۰)

اللھم صل علی محمد
سید القاعدین

امی حروف ابجد (۵۱)
اللهم صل علی محمد
سید الازهدین
عزیز حروف ابجد (۹۴)
اللهم صل علی محمد
سید الموقنین
حریص حروف ابجد (۳۰۸)
اللهم صل علی محمد
سید المناجین
رءوف حروف ابجد (۲۸۶)
اللهم صل علی محمد
سید القانعین

رحیم حروف ابجد (۲۵۸)
اللهم صل علی محمد
سید الحفظین
یتیم حروف ابجد (۴۶۰)
اللهم صل علی محمد
سید الجائعین
غنی حروف ابجد (۱۰۶۰)
اللهم صل علی محمد
سید الحامدین
جواد حروف ابجد (۱۴)
اللهم صل علی محمد
سید المرشدین

فتاح حروف ابجد (۴۸۹)

اللهم صل علی محمد
سید النظرین

عالم حروف ابجد (۱۴۱)

اللهم صل علی محمد
سید المبرکین

طیب حروف ابجد (۲۱)

اللهم صل علی محمد
سید الموحدین

طاهر حروف ابجد (۲۱۵)

اللهم صل علی محمد
سید القائلین

مطهر حروف ابجد (۲۵۴)

اللهم صل علی محمد
سید المنصورین

خطیب حروف ابجد (۶۲۱)

اللهم صل علی محمد
سید النصرین

فصیح حروف ابجد (۱۸۸)

اللهم صل علی محمد
سید الظفرین

سید حروف ابجد (۷۴)

اللهم صل علی محمد
سید الوارثین

منتقی حروف ابجد (۶۰۰)

اللهم صل علی محمد
سید المظفرین

امام حروف ابجد (۸۲)

اللهم صل علی محمد
سید المرزوقین

بار حروف ابجد (۲۰۳)

اللهم صل علی محمد
سید الرغبین

شاف حروف ابجد (۳۸۱)

اللهم صل علی محمد
سید المشفقین

متوسط حروف ابجد (۵۱۵)

اللهم صل علی محمد
سید السئحین

سابق حروف ابجد (۱۶۳)

اللهم صل علی محمد
سید التوابین

متصدق حروف ابجد (۶۳۴)

اللهم صل علی محمد
سید المالوفین

مهدی حروف ابجد (۵۹)

اللهم صل علی محمد
سید المنیبین

حق حروف ابجد (۱۰۸)

اللهم صل على محمد
سيد العبدين

مبين حروف ابجد (۱۰۲)

اللهم صل على محمد
سيد المسكين

اول حروف ابجد (۳۷)

اللهم صل على محمد
سيد الموافقين

اخر حروف ابجد (۸۰۱)

اللهم صل على محمد
سيد المرافقين

ظاهر حروف ابجد (۱۱۰۶)

اللهم صل على محمد
سيد الفائزين

باطن حروف ابجد (۶۲)

اللهم صل على محمد
سيد العملين

رحمة حروف ابجد (۶۴۸)

اللهم صل على محمد
سيد العائذين

محلل حروف ابجد (۱۰۸)

اللهم صل على محمد
سيد الناجين

محرم حروف ابجد (۲۸۸)

اللھم صل علی محمد
سید الطہرین

امر حروف ابجد (۲۴۱)

اللھم صل علی محمد
سید التبعین

صادق حروف ابجد (۱۹۵)

اللھم صل علی محمد
سید الفاضلین

مصدق حروف ابجد (۲۳۴)

اللھم صل علی محمد
سید الشکرین

ناطق حروف ابجد (۱۶۰)

اللھم صل علی محمد
سید المتطہرین

صاحب حروف ابجد (۱۰۱)

اللھم صل علی محمد
سید المطیعین

مکی حروف ابجد (۷۰)

اللھم صل علی محمد
سید المرحومین

ناہ حروف ابجد (۵۶)

اللھم صل علی محمد
سید المغفورین

جادو کا توڑ خود کیجئے
262
شکور حروف ابجد (۵۲۶)
اللھم صل علی محمد
سید الفضلین
قریب حروف ابجد (۳۱۲)
اللھم صل علی محمد
سید الطالبین
منیب حروف ابجد (۱۰۲)
اللھم صل علی محمد
سید المطلوبین
مبلغ حروف ابجد (۱۰۷۲)
اللھم صل علی محمد
سید المطھرین
جادو کا توڑ خود کیجئے
263
طس حروف ابجد (۶۹)
اللھم صل علی محمد
سید الصوامین
حم حروف ابجد (۴۸)
اللھم صل علی محمد
سید القوامین
حبیب حروف ابجد (۲۲)
اللھم صل علی محمد
سید الاوابین
اولی حروف ابجد (۳۸)
اللھم صل علی محمد
سید الواصلین

غور طلب

پچھلے صفحات میں درج اسماء النبی ﷺ کے نام مبارک سے طریقہ علاج بتایا ہے اس کا تعلق اس شفاء سے ہے جس کو میعادی جادو کہتے ہیں یعنی ایسا جادو جو علاج بن جاتا ہے اور کسی بھی دوا اور دو یا کسی بھی کلام سے آرام نہیں آتا یہ عمل نہایت ہی مجرب اور کئی مرتبہ کا آزمایا ہوا ہے اس کی کل مدت ننانوے روز ہے کیونکہ سرکار دو عالم ﷺ کے نام مبارک ننانوے ہیں اس لئے جو کوئی بھی فرد معمولی سے معمولی جادو سے لیکر بڑے سے بڑے جادو کا علاج اس عمل کی بدولت کریگا وہ بحکم خدا ضرور کامیاب ہوگا اور اس عمل کو کرنے کیلئے کسی بھی قسم کے کسی عامل کی کوئی حاجت نہیں رکھی گئی اس عمل کو کوئی بھی کرسکتا ہے لیکن اس کے ساتھ کامل پرہیزگاری اور ایمان کی پختگی لازمی شرط ہے اب اگر کسی نے اس عمل کی آزمائش کرنی ہو تو اس کو مصنف کتاب کی طرف سے کھلی چھوٹ ہے وہ اس کو ہر طرح آزمائے اللہ میری عزت ضرور رکھے گا۔ کیونکہ مجھے اپنے نسخے میں کسی بھی قسم کا کوئی شک نہیں ہے اور میں خود میعادی جادو میں مبتلا افراد کا علاج اس عمل کی بدولت کر چکا ہوں اور اللہ نے ہر بار مجھے کامیابی عطا کی ہے۔ تمام نقوش کو کسی بڑے سے سفید کاغذ پر چھوٹا چھوٹا کر کے لکھا جائے اور روز نیا نقش تازہ لکھ کر پانی میں دھو کر پئے اور اگلے دن نیا نقش لکھنے سے پہلے کو نگل لیا جائے اس عمل کو کل ننانوے دنوں تک کیا جائے پھر اس عمل کا اثر خود اپنی آنکھوں سے ملاحظہ فرمالے اللہ تعالیٰ نیک نیتی رکھنے والوں کو ضرور کامیابی عطا فرماتا ہے اور حضور نبی کریم ﷺ کے نام مبارک کے صدقے میں بڑے سے بڑا کام کر دیتا ہے۔

متفرق اعمال

اس حصے میں مختلف قسم کے ان امراض کے کامیاب علاج کر دئے ہیں جس کو آج کا انسان ڈھونڈ رہا ہے مصنف کتاب کی طرف سے ان تمام اعمال کی کھلی اجازت ہے جو کوئی بھی اپنا مرض دیکھے وہ اللہ کا نام لیکر بتائے گئے طریقے کے مطابق استعمال شروع کر دے لیکن یہ عمل اسی صورت میں اپنا اثر دکھائیں گے جب جادو یا کوئی بد عمل کیا ہوگا۔

بخار

جادو کے ذریعہ اس قسم کا بھی جادو کیا جاتا ہے جس سے اگر کسی کو بخار چڑھتا ہے تو وہ اترنے کا نام نہیں لیتا اگر کوئی اس کیفیت کا شکار بن گیا ہو تو وہ اس نقش کو اپنے پہنے ہوئے کپڑے کے چار ٹکڑوں پر کالی سیاہی سے لکھے ایک کو پانی میں گھول کر پئے دوسرے کو اپنی چارپائی کے ساتھ الٹی طرف باندھے تیسرے کو فریم کروا کر اپنی آنکھوں کے سامنے لگائے چوتھے کو اسی طرح لپیٹ کر اپنے گلے یا بازو پر باندھے اسی وقت بخار کا خاتمہ ہوگا۔

۷۰	۵۰	۱	۴۰
۱	۴۰	۷۰	۵۰
۴۰	۱	۵۰	۷۰
۵۰	۷۰	۴۰	۱

بخار

جادو کے ذریعہ گردن توڑ بخار بھی ہو جایا کرتا ہے جس سے مریض پر کوئی بھی دوا اپنا اثر نہیں دکھاتی اگر کوئی اس مرض میں مبتلا ہو تو اس نقش کو چاندی کے پترے پر کندہ کروا کر اسے شہد میں ڈال کر اس شہد کو دن میں تین مرتبہ چاٹے اور اسی نقش کو سفید کاغذ پر زعفران یا کسی سیاہی سے لکھ کر مریض کے گلے میں باندھے۔

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

شفائے امراض

اگر کوئی ناگہانی آفت میں مبتلا ہو جائے جس سے کوئی بھی تدبیر کام نہ کرتی ہو تو ان آیات کو چینی کی پلیٹ پر زعفران سے لکھ کر گلاب کے عرق سے دھو کر پلائے اسی وقت حالت قابو میں آجائیگی۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ ویشف صدور قوم مومنین وشفاء لما فی الصدور یخرج من بطونها شراب مختلف الوانه فیه شفاء للناس وننزل من القرآن ما هو شفاء ورحمة للمومنین واذا مرضت فهو یشفین قل هو للذین امنوا هدی وشفاء

شفائے امراض

اس نقش کو تمام قسم کے امراض کے خاتمے کیلئے گلاب کے عرق کی بوتل میں ڈال کر پیا جائے اور ایک عدد کو زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں باندھا جائے پینے والے عمل کو دن میں تین مرتبہ استعمال کرنا چاہئے۔ اس عمل کو ایسے افراد بھی کر سکتے ہیں جو کسی بھی کینسر میں مبتلا ہوں یعنی ڈاکٹری رپورٹ کے مطابق مریض کو کینسر بتاتے ہیں لیکن حقیقت میں ایسا کچھ نہیں ہوتا یہ تمام طریقے ضرور آزمائیں جائیں تاکہ مکمل شفاء ہو۔

۲۴۴۴۰	۲۴۴۵۴	۲۴۴۵۱	۲۴۴۴۸
۲۴۴۵۲	۲۴۴۴۷	۲۴۴۴۱	۲۴۴۵۳
۲۴۴۴۶	۲۴۴۴۹	۲۴۴۵۶	۲۴۴۴۲
۲۴۴۵۵	۲۴۴۴۳	۲۴۴۴۵	۲۴۴۵۰

جسمانی بخار

اگر کوئی جسمانی یا روحانی کسی بھی تکلیف یا بخار میں مبتلا ہو جائے تو کہیں سے ملتانی مٹی لاکر اس پر سورہ شریف کو سات مرتبہ مریض کی بیماری کے خاتمے کا تصور باندھ کر پڑھ کر دم کرے اور اس مٹی کو آٹے کی طرح گوندھ کر مریض کے ماتھے پر دن میں تین مرتبہ لگائے اور اتاری ہوئی مٹی کو کہیں حفاظت سے رکھتا جائے اس عمل کو تین دنوں تک کیا جائے جب تین دنوں کا عمل مکمل ہو جائے تو اس مٹی کو کسی مٹی کی ھانڈی میں رکھ کر پھر اسی سورہ کو سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے چلتے ہوئے پانی میں بہائے پھر اسی سورہ کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر مریض کا نام مع والدہ لکھ کر مریض کے گلے میں باندھے اللہ کے حکم سے جس بھی نوعیت کا بخار، جادو، ٹونہ، یا کوئی بھی بدعمل ہوگا اس کا تین دنوں کے اندر اندر خاتمہ ہوگا اور مریض کو سوفیصدی نجات ہوگی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔و السماء و الطارق وما ادرک ما الطارق النجم الثاقب ان کل نفس لما علیها حافظ فلینظر الانسان مم خلق خلق من ماء دافق یخرج من بین الصلب و الترائب بسم الله الرحمن

الرحیم سبح اسم ربک الاعلی الذی خلق فسوی والذی قدر فهدی وبحق کهیعص ذکر رحمت ربک عبده زکریا اذ نادی ربه نداء خفیا قال انی وهن العظم و اشتعل الراس شیبا ولم اکن بدعائک رب شقیا

دوران حمل ڈر لگنا

اس مرض کے خاتمے کیلئے سات عدد کالی مرچوں کے دانے لے کر ان پر سو مرتبہ سورہ الفلق اور سو مرتبہ سور الناس پڑھ کر دم کرے اور انہیں اپنے ہی پہنے ہوئے کپڑے میں رکھ کر اپنی الٹی بازو پر باندھے اور جب پیدائش ہو تو انہیں اتار کر بچے کے گلے میں باندھے ماں و بچہ دونوں بداعمال اور ڈر خوف سے محفوظ ہونگے۔

ڈر خوف دور

اگر کوئی ناانجانے ڈر خوف میں مبتلا ہو اور کوئی واضح مرض سمجھ نہ آرہی ہو تو اس نقش کے نیچے اپنا نام مع والدہ لکھ کر اپنے گلے میں باندھے۔

بسم	الله	الرحمن	الرحیم
بسم	الله	الشافی	نحمدہ
بسم	الله	الکافی	سبحان الله
بسم	[illegible]	المعافی	فلاں

ایضا

ڈر و خوف کی کوئی واضح سمجھ نہ آنے پر اس نقش کو لکھ کر تکیے کے نیچے رکھے۔ نیچے اپنا نام مع والدہ ضرور لکھے۔

اعوذ	بالله	من الشیطان	الرجیم
بالله	من الشیطان	الرجیم	بسم
من الشیطان	الرجیم	الله	الله
الرجیم	الرحمن	الرحمن	الرحیم

پیشاب جاری ہو

جادو کی بنیاد پر ایسا جادو بھی کیا جاتا ہے جس سے پیشاب بند ہو جاتا ہے اور کئی علاج معالجے کے بعد بھی نہیں آتا اور اگر اس کا علاج نہ کیا جائے تو مریض ہلاک بھی ہو سکتا ہے اس کے کامل علاج کیلئے پانچ عدد کالی مرچوں پر سورہ فاتحہ اکتالیس مرتبہ اور سورہ مزمل اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور ان پانچوں کو اسی وقت نگل لے بند پیشاب اسی وقت جاری ہوگا۔ اس عمل کو تین دن یا سات دنوں تک متواتر کیا جائے مکمل شفاء ہوگی۔

پیشاب بند ہو

جادو کی بنیاد پر ایسا عمل بھی کیا جاتا ہے جس سے مریض کا پیشاب مسلسل جاری رہتا ہے اور کسی بھی دوا سے آرام نہیں ملتا اس کے علاج کیلئے اس نقش کو چاندی یا تانبے کے پترے پر کندہ کروائے اور اس پر شہد ڈال کر اسی وقت چاٹے جاری پیشاب بند ہوگا پھر روزانہ دن کے تین حصوں میں شہد والے عمل کو دہرایا جائے۔ اس مرض سے مکمل شفاء اور بتائے گئے عمل کا توڑ اسی صورت میں ہوگا جب کسی نے بذریعہ جادو بد عمل کیا ہوگا اگر کوئی ڈاکٹری تکلیف ہوگی تو ہو سکتا ہے کہ یہ عمل اپنا اثر واضح نہ دکھائے لیکن پھر بھی اس عمل کی بدولت کافی سکون مل سکتا ہے۔

بسم	الله	الرحمن	الرحیم
الله	لا اله الا	هو الحي	القيوم
لا حول	ولا قوة	الا بالله	العلی العظیم
لا اله	الا الله	محمد رسول	الله

اگر گھر سے نقش برآمد ہوں

اگر کسی گھر سے کوئی نقش یا کوئی ہڈی یا کوئی بھی ایسی چیز ملے جس کا مقصد تکلیف دینے سے ہو یا گھر کے افراد کو نقصان میں مبتلا کرنا ہو تو اس چیز کو حفاظت سے اپنے پاس رکھے پھر بازار سے مٹی کا گھڑا لاکر اس میں سادہ پانی بھرے اور اس پانی پر ہر قل کو سو سو مرتبہ پڑھ کر دم کرے یعنی ایک قل شریف کو سو مرتبہ پڑھے پھر اس نقش یا جو بھی چیز ہو جو گھر سے برآمد ہوئی ہو اسے اس گھڑے میں ڈال کر چلتے دریا یا نہر میں ڈھکن دے کر بہا دے پھر اس نقش کو زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور اسے نئے مٹی کے گھڑے میں ڈال کر پورے گھر کے کونوں میں اس پانی کے چھینٹے لگائے اللہ کے حکم سے جس کسی نے بھی نقصان یا تکلیف دینے والا عمل کیا ہوگا وہ باطل ہوگا اور ہو سکتا ہے کہ اس عمل کی بدولت یہ عمل وہاں واپس چلا جائے جہاں سے یہ آیا ہے۔ اگر کسی دکان یا کاروباری مقام سے کوئی چیز برآمد ہو تو بھی اسی عمل کو کیا جائے بداثرات کا خاتمہ ہوگا۔

الحق	الموجود	الحق	الموجود	الحق
الموجود	الحق	الموجود	الحق	الموجود
الحق	الموجود	الحق	الموجود	الحق
الموجود	الحق	الموجود	الحق	الموجود
الحق	الموجود	الحق	الموجود	الحق
الموجود	الحق	الموجود	الحق	الموجود
الحق	الموجود	الحق	الموجود	الحق

خاوند بیوی کو اچھا نہ سمجھے

بذریعہ جادو گھر میں حسد و بغض رکھنے والے افراد اس قسم کا بھی جادو یا عمل کروادیتے ہیں جس سے خاوند کسی بھی طور اپنی بیوی کو اچھا نہیں سمجھتا اور نہ ہی اس کی کوئی قدر کرتا ہے گھر کا خرچ بھی نہیں دیتا اور ایسا کرنے کی کوئی واضح وجہ بھی سامنے نہیں آتی اگر کوئی خاتون اس کیفیت میں مبتلا ہو تو وہ پاؤ مصری لائے اسے اپنے ہاتھوں سے باریک پیس کر اس کا حلوا تیار کرے اور اس پکے ہوئے حلوے کو کسی بڑے سے برتن میں ڈال کر اس پر اس نقش کو چھری سے لکھے اور اسی چھری سے مٹا کر اپنے خاوند کو کھلائے اس عمل کو ایک ماہ میں تین مرتبہ کیا جائے اللہ کے حکم سے اگر خاوند پر بد اثرات کے ذریعے ایسا کیا ہوگا تو اس کا خاتمہ ہوگا۔

برائے حب

اگر بذریعہ جادو یا عمل دونوں میاں بیوی آپس میں لڑتے جھگڑتے ہوں اور صلح پر

آمادہ نہ ہوتے ہوں تو دونوں میں سے کوئی ایک جو صلح صفائی کے ساتھ رہنا چاہتا ہو وہ کثرت سے اس آیت کو ہر کھانے و پینے والی شے میں ملا کر کھلایا پلایا کرے ان کی آپس میں ناجائز رنجش کا خاتمہ ہوگا اور اس جادو یا عمل کا ضرور خاتمہ بھی ہوگا جس کا مقصد میاں بیوی کو آپس میں جدا کرنے کا ہوگا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔یحبونھم کحب اللہ والذین امنوا اشد حبا للہ و بحق لا الہ الا ھو الرحمن الرحیم و بحق یا ودود یا غفور ۔فلاں بن فلاں

زبردست عمل

یہ ایسا زبردست قسم کا عمل ہے جس کو جو کوئی بھی استعمال کریگا وہ انشاء اللہ جادو کے عارضے میں کبھی مبتلا نہیں ہوگا اور اگر پہلے سے جادو ٹونے یا کسی مرض میں مبتلا ہوگا تو اس کا خاتمہ ہوگا اس عمل کو تحریر کرنے کی سب کو عام اجازت ہے ہر مرد و عورت اپنے اوپر کیے ہوئے جادو کو خود باطل کر سکتا ہے اس لئے اگر کوئی فرد اپنی زندگی میں جادو ٹونے کا اثر واقع پائے تو جیسے یہ سب کچھ لکھا ہے اسے زعفران سے سفید کاغذ پر لکھے اور اسے اپنے گلے میں باندھے اور اس کو دوسری مرتبہ لکھ کر شیشے کے فریم میں اپنے گھر کی چوکھٹ کے اوپر لگائے اللہ کے حکم سے جادو ٹونہ اس گھر میں داخل نہیں ہوگا۔ اگر کوئی دکان ہو تو اس عمل کو وہاں بھی زعفران سے سفید کاغذ پر لکھ کر چوکھٹ کے اوپر لگائے دکان میں برکت زیادہ ہوگی اور جادو ٹونے کی قباحت سے محفوظ رہیگی۔ ویسے میں اس کو مریض کے گلے میں باندھنے کیلئے دیتا

ہوں جس سے بڑے سے بڑا جادو مغلوب ہوتے ہوئے باطل ہو جاتا ہے اور دوبارہ واپس آنے کا نام نہیں لیتا اس لئے میں اس عمل کی تمام افراد کو کھلی اجازت دیتا ہوں اسے جادو کے توڑ میں استعمال کریں اور خود اپنی آنکھوں سے اس کا اثر ملاحظہ فرمالیں بعد عمل تیاری کے اس کا پانچ روپے ہدیہ کسی ضرورت مند یا کسی غریب کو دیں دے اللہ نیک مقصد میں ضرور کامیابی دیگا اور جادو ٹونے سے نجات دیگا۔

☆الله اكبر الله اكبر الله اكبر الله اكبر اشهد ان لا اله الا الله اشهد ان لا اله الا الله اشهد ان محمد رسول الله اشهد ان محمد رسول الله حی الصلاح حی الصلاح حی الفلاح حی الفلاح الله اكبر الله اكبر لا اله الا الله. اللهم صل على محمد وعلى آل محمد كما صليت على ابراهيم وعلى آل ابراهيم انک حميد مجيد اللهم بارک على محمد وعلى آل محمد كما باركت على ابراهيم وعلىٰ آل ابراهيم انک حميد مجيد. بسم الله الرحمن الرحيم. امنت بالله وملئكته وكتبه ورسله واليوم الاخر والقدر خيره وشره من الله تعالىٰ والبعث بعد الموت. امنت بالله كما هو باسمائه وصفاته وقبلت جميع احكامه اقرار باللسان وتصديق بالقلب. لا اله الا الله محمد رسول الله. اشهد ان لا اله

الا الله وحده لا شريک له واشهد ان محمد عبده ورسوله. سبحان الله والحمد لله ولا اله الا الله والله اكبر ولا حول ولا قوة الا بالله العلى العظيم. لا اله الا الله وحده لا شريک له له الملک وله الحمد يحى ويميت وهو حى لا يموت ابدا ابدا ذو الجلال والاكرام بيده الخير وهو على كل شیء قدير. استغفر الله ربى من كل ذنب اذنبته عمدا او خطا سرا او علانية اتوب اليه من الذنب الذى اعلم ومن الذنب الذى لا اعلم انک انت علام الغيوب وستار العيوب وغفار الذنوب ولا حول ولا قوه الا بالله العلى العظيم. اللهم انى اعوذبک من ان اشرک بک شيئا وانا اعلم به واستغفرک لما لا اعلم به تبت عنه وتبرات من الكفر والشرک والكذب والغيبة والبدعة والنميمة والفواحش والبهتان والمعاصى كلها واسلمت واقول لا اله الا الله محمد رسول الله.

بسم الله الرحمن الرحيم. الحمد لله رب العلمين الرحمن الرحيم مالک يوم الدين اياک نعبد واياک نستعين اهدنا الصراط المستقيم صراط

الذین انعمت علیهم غیر المغضوب علیهم ولا
الضالین ۔قل هو الله احد الله الصمد لم یلد ولم یولد
ولم یکن له کفوا احد۔قل اعوذ برب الفلق من شر ما
خلق ومن شر غاسق اذا وقب ومن شر النفثت فی
العقد ومن شر حاسد اذا حسد۔قل اعوز برب الناس
ملک الناس اله الناس من شر الوسواس الخناس الذی
یوسوس فی صدور الناس من الجنته و الناس ۔الله لا
اله الا هو الحی القیوم لا تاخذه سنة ولا نوم له ما فی
السموات وما فی الارض من ذالذی یشفع عنده الا
باذنه یعلم ما بین ایدیهم وما خلفهم ولا یحیطون
بشیء من علمه الا بما شاء وسع کرسیه السموات
والارض ولا یوده حفظهما وهو العلی العظیم لا اکراه
فی الدین قد تبین الرشد من الغی فمن یکفر
بالطاغوت ویومن بالله فقد استمسک بالعروة الوثقی
ولا انفصام لها والله سمیع علیم الله ولی الذین امنوا
یخرجهم من الظلمات الی النور والذین کفروا
اولیئهم الطاغوت یخرجونهم من النور الی وما عمل
لک الواحد یا حامل هذا الکتاب ابطلته بالواحد الاحد
الذی لم یتخذ صاحبة ولا ولدا وما عمل لک الاثنان

ابطلته عنک بالاثنین آدم وحوا وما عمله الثلثة ابطلته
عنک بالثلث جبرئیل ومیکائیل واسرافیل وما عمله لک
الاربعة ابطلته عنک باربعة کتب التوراة والانجیل والزبور
والفرقان العظیم وما عمله لک الخمسة ابطلته عنک
بخمسین صلوة وما عمله لک الستة ابطلته عنک بستة
ایام وما عمله لک السبعة ابطلته عنک سبع سموت وما
عمله لک الثمانیة ابطلته عنک ثمانیة حملة العرش وما
عمله لک التسعة ابطلته عنک تسع آیات وما عمله لک
العشرة الکرام البررة وتلک عشرة کاملة فلما القو سحرو
اعین الناس واسترهبوهم وجائو بسحر عظیم قال
موسی ما جئتم به السحر ان الله سیبطله ان الله لا
یصلح عمل المفسدین والفسدات والساحرات ویحق
الله الحق بکلماته ولو کره المجرمون بل نقذف بالحق
علی الباطل فیدمغه فاذا هو زاهق ولکم الویل مما
تصفون وقدمنا الی ما عملوا من عمل فجعلنه هباء
منثورا۔اذا الشمس کورت واذا الاسحار بطلت واذا
النجوم انکدرت واذا الاسحار بطلت واذا الجبال
سیرت واذا الاسحار بطلت واذا العشار عطلت واذا
الاسحار بطلت واذا الوحوش حشرت واذا النفوس

زوجت و اذا الاسحار بطلت و اذا الموءدۃ سئلت و اذا الاسحار بطلت فسیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم قولہ الحق ولہ الملک یوم ینفخ فی الصور فاللہ خیر حافظا وھو ارحم الراحمین ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم ☆

عامل کیسے بنا جائے؟

یہ کتاب کا آخری صفحہ ہے اس میں کچھ طریقے بتائیں جائیں گے جس سے کوئی بھی فرد کسی کلام یا سورہ کا با آسانی عامل بن سکے گا۔ اسی کتاب کا دوسرا حصہ بہت جلد شائع کیا جائیگا جس میں اس کتاب سے ہٹ کر اور بہت سی مفید باتیں درج ہونگی جو اس کتاب میں نہیں ہیں۔ اگر کوئی فرد عامل بننا چاہے جس سے وہ فوری مرض پر قابو پانے میں کامیاب ہو سکے تو وہ میری کتاب شرائط چلہ کا ضرور مطالعہ کرے پھر درود ابراہیمی، درود تاج، سورہ فاتحہ، سورہ الناس، سورہ الفلق، سورہ الکفرون، سورہ الاخلاص، یا اس کے علاوہ کسی بھی آیت یا اسم الہی کو سوا لاکھ کی تعداد میں کسی علیحدہ جگہ پاک وصاف حالت میں پرہیز جلالی و جمالی پر کاربند رہتے ہوئے پڑھے اور ڈر و خوف کو اپنے پاس بھی نہ آنے دے اللہ کے حکم سے میں نے اوپر جو سورتیں یا درود پاک بتائیں ہیں ان کا ضرور عامل بن جائیگا پھر وہ کتاب میں سے صحیح اور مکمل بھرپور فائدہ اٹھاتے ہوئے خود اپنا علاج یا کسی دوسرے کا مکمل علاج کر سکے گا۔ جیسے جیسے کتاب میں عملیات یا جو کچھ بھی بتایا ہے وہ آسان الفاظ میں واضح ہوگا اور دینی و دنیاوی مشکلات کا خاتمہ ہوگا۔ اس کے علاوہ اسی کتاب کے دوسرے حصے میں اور بہت سی

سہولتیں بتائی گئیں ہیں جس پر عمل کرنے والا ناکامیاب نہیں ہوگا بلکہ جیسے لکھے گئے طریقہ کار کو آزمائے گا بالکل اسی طرح ان کے اندر واضح فرق پائے گا اور کامیابی کی منزل آسان ہوگی۔ ہر فرد کو محنت اور لگن کے ساتھ کام کرنا چاہئے تاکہ کسی بھی صورت میں ناکامی کا منہ نہ دیکھنا پڑے اللہ تعالیٰ دلوں کے بھید خوب جانتا ہے اور ہر کسی کو اس کی نیت کے مطابق پھل ضرور دیتا ہے۔

السید علی حسین شاہ
سجادہ نشین
حضرت پیر السید محمد شاہ
گلی نمبر (۶۳) مکان نمبر (۲) جٹ کالونی نزد اچھرا روڈ سمن آباد لاہور فون نمبر (۷۵۹۵۱۹۰)

موجودہ حالات کو دیکھتے ہوئے اس نایاب کتاب کو نقالوں سے بچانے کیلئے کتاب کے شروع میں ایک نشان دیا گیا ہے جس کا رنگ سنہری ہے جو کاغذ نہیں اور اس کے اندر مصنف کتاب کے خفیہ دستخط ہیں جس سے یہ بات واضح ثابت ہوتی ہے کہ یہ کتاب اصل ہے جسے قاری پڑھ رہا ہے اگر کوئی فرد بتائی گئی نشانی کے الٹ دیکھے تو وہ فوراً اوپر لکھے گئے پتہ پر رجوع کرے